تم صرف جھوٹ بول رہے ہو۔ رسولوں نے فرمایا ہمارا رب جانتا ہے

اِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُوْنَ ﴿١٦﴾ وَمَا عَلَيْنَآ اِلَّا الْبَلٰغُ

الْبَلٰغُ	اِلَّا	عَلَيْنَآ	مَا	وَ	لَمُرْسَلُوْنَ	اِلَيْكُمْ
پہنچانا	مگر	ہم پر	نہیں	اور	بھیجے گئے ہیں	تمہاری طرف

کہ ہم یقیناً تمہاری طرف رسول بنا کر بھیجے گئے ہیں۔ اور ہمارے ذمہ تو بس صاف صاف

الْمُبِيْنُ ﴿١٧﴾ قَالُوْٓا اِنَّا تَطَيَّرْنَا بِكُمْ ۚ لَئِنْ لَّمْ

لَّمْ	لَئِنْ	بِكُمْ	تَطَيَّرْنَا	اِنَّا	قَالُوْٓا	الْمُبِيْنُ
نہ	اگر	تم سے	بدشگونی لی	بیشک ہم نے	بولے	صاف

پہنچا دینا ہے۔ (بستی والوں نے) کہا ہم اچھا شگون نہیں لیتے تم سے اگر تم باز نہ آئے

تَنْتَهُوْا لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَ لَيَمَسَّنَّكُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۸﴾

اَلِيْمٌ	عَذَابٌ	مِّنَّا	لَيَمَسَّنَّكُمْ	وَ	لَنَرْجُمَنَّكُمْ	تَنْتَهُوْا
دردناک	عذاب	ہم سے	ضرور پہنچے کا تم کو	اور	تو ہم سنگسار کریں گے کو	باز آئے تم

تو ہم تمہیں ضرور سنگسار کر دیں گے اور ہماری طرف سے تمہیں ضرور دردناک عذاب پہنچے گا۔

قَالُوْا طَآئِرُكُمْ مَّعَكُمْ ط اَئِنْ ذُكِّرْتُمْ ط بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ

قَوْمٌ	اَنْتُمْ	بَلْ	ذُكِّرْتُمْ	اَئِنْ	مَّعَكُمْ	طَآئِرُكُمْ	قَالُوْا
قوم ہو	تم	بلکہ	تم نصیحت دیے جاؤ	اگر	تمہارے ساتھ ہے	بدشگونی تمہاری	انہوں نے فرمایا

انہوں نے فرمایا تمہاری بد شگونی تو تمہارے ساتھ ہے، کیا اتنی بات پر کہ تمہیں نصیحت کی گئی؟ بلکہ تم

مُّسْرِفُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَ جَآءَ مِنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ رَجُلٌ

رَجُلٌ	الْمَدِيْنَةِ	مِنْ اَقْصَا	جَآءَ	وَ	مُّسْرِفُوْنَ
ایک آدمی	شہر کے	پرلے کنارے سے	آیا	اور	حد سے بڑھنے والی

حد سے بڑھنے والے ہو۔ اور شہر کے پرلے کنارے سے ایک آدمی دوڑتا ہوا آیا

يَّسْعٰى قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۲۰﴾ لا اتَّبِعُوْا مَنْ

مَنْ	اتَّبِعُوْا	الْمُرْسَلِيْنَ	اتَّبِعُوا	يٰقَوْمِ	قَالَ	يَّسْعٰى
اسکی جو	پیروی کرو	پیغمبروں کی	پیروی کرو	اے میری قوم	اس نے کہا	دوڑتا

بولا اے میری قوم! رسولوں کی پیروی کرو۔ ان کی پیروی کرو

لَّا يَسْئَلُكُمْ اَجْرًا وَّ هُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۲۱﴾

مُّهْتَدُوْنَ	هُمْ	وَّ	اَجْرًا	يَسْئَلُكُمْ	لَّا
ہدایت پر ہیں	وہ	اور	اجر	مانگتے تم سے	نہیں

جو تم سے کوئی اجر نہیں مانگتے اور وہ ہدایت یافتہ ہیں۔

وَمَا لِیَ لَآ اَعْبُدُ الَّذِیْ فَطَرَنِیْ وَاِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿٢٢﴾ ءَاَتَّخِذُ مِنْ دُوْنِهٖٓ

وَمَالِیَ	لَآ اَعْبُدُ	الَّذِیْ	فَطَرَنِیْ	وَ	اِلَیْهِ	تُرْجَعُوْنَ	ءَاَتَّخِذُ	مِنْ دُوْنِهٖ
اور مجھے کیا ہے	بندگی نہ کروں	اسکی جس نے	مجھ کو پیدا کیا	اور	اسکی طرف	تم لوٹائے جاؤ گے	کیا ٹھہرا لوں میں	اس کے سوا

اور مجھے کیا ہوا ہے کہ میں اس ذات کی عبادت نہ کروں جس نے مجھے پیدا کیا ہے اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے؟ کیا میں اللہ

اٰلِهَةً اِنْ یُّرِدْنِ الرَّحْمٰنُ بِضُرٍّ لَّا تُغْنِ عَنِّیْ شَفَاعَتُهُمْ شَیْئًا

اٰلِهَةً	اِنْ	یُّرِدْنِ	الرَّحْمٰنُ	بِضُرٍّ	لَّا تُغْنِ عَنِّیْ	شَفَاعَتُهُمْ	شَیْئًا
معبود	اگر	چاہے میرا	رحمٰن	کوئی برا	نہ کام آئے میرے	انکی شفاعت	کچھ

کے سوا (دوسرے) معبود بنا لوں (جانتے نہیں ہو کہ) اگر رحمٰن مجھے کوئی تکلیف پہنچانا چاہے تو ان کی سفارش میرے کچھ کام نہ

وَّلَا یُنْقِذُوْنِ ﴿٢٣﴾ اِنِّیْٓ اِذًا لَّفِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ﴿٢٤﴾ اِنِّیْٓ اٰمَنْتُ بِرَبِّكُمْ

وَ	لَا	یُنْقِذُوْنِ	اِنِّیْ	اِذًا	لَّفِیْ	ضَلٰلٍ	مُّبِیْنٍ	اِنِّیْ	اٰمَنْتُ	بِرَبِّكُمْ
اور	نہ	مجھے بچائیں	بیشک میں	اس وقت	البتہ میں	گمراہی	کھلی میں ہوں گا	بیشک میں	ایمان لایا	تمہارے رب پر

آئے گی اور نہ وہ مجھے تکلیف سے نکال سکیں گے۔ تو اس وقت یقیناً میں کھلی گمراہی میں ہوں گا۔ بے شک میں تمہارے رب پر

فَاسْمَعُوْنِ ﴿٢٥﴾ قِیْلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ قَالَ یٰلَیْتَ قَوْمِیْ یَعْلَمُوْنَ ﴿٢٦﴾ بِمَا

فَاسْمَعُوْنِ	قِیْلَ	ادْخُلِ	الْجَنَّةَ	قَالَ	یٰلَیْتَ	قَوْمِیْ	یَعْلَمُوْنَ	بِمَا
تو میری سنو	فرمایا گیا	داخل ہو جاؤ	جنت میں	کہنے لگا	اے کاش	میری قوم	جانتی	جو

ایمان لایا سو تم مجھے (غور سے) سنو۔ اس سے فرمایا گیا کہ جنت میں داخل ہو جا اس نے کہا کاش! کسی طرح میری قوم بھی جانتی۔ کس

غَفَرَلِیْ رَبِّیْ وَجَعَلَنِیْ مِنَ الْمُكْرَمِیْنَ ﴿٢٧﴾ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰى قَوْمِهٖ مِنْۢ بَعْدِهٖ

غَفَرَلِیْ	رَبِّیْ	وَ	جَعَلَنِیْ	مِنَ الْمُكْرَمِیْنَ	وَ	مَآ	اَنْزَلْنَا	عَلٰى	قَوْمِهٖ	مِنْۢ بَعْدِهٖ
بخشا مجھ کو	میرے رب نے	اور	بنایا مجھ کو	عزت والوں سے	اور	نہ	اتارا ہم نے	اوپر	اسکی قوم کے	اس کے بعد

وجہ سے میرے رب نے مجھے بخش دیا ہے اور مجھے عزت والوں میں شامل کیا ہے۔ اور اس کے بعد ہم نے اس کی قوم پر کوئی لشکر

مِنْ جُنْدٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَمَا كُنَّا مُنْزِلِيْنَ ﴿۲۸﴾ اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً

مِنْ جُنْدٍ	مِّنَ السَّمَآءِ	وَ	مَا	كُنَّا	مُنْزِلِيْنَ	اِنْ	كَانَتْ	اِلَّا	صَيْحَةً
کوئی لشکر	آسمان سے	اور	نہیں	تھے ہم	اتارنے والے	نہیں	تھی	مگر	چنگھاڑ

آسمان سے نہیں اُتارا اور نہ ہم اُتارا ہی کرتے ہیں۔ (ان پر عذاب) ایک سخت چنگھاڑ کے

وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ خٰمِدُوْنَ ﴿۲۹﴾ يٰحَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ ۚ مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ

وَّاحِدَةً	فَاِذَا	هُمْ	خٰمِدُوْنَ	يٰحَسْرَةً	عَلَى	الْعِبَادِ	مَا	يَاْتِيْهِمْ	مِّنْ رَّسُوْلٍ
ایک	تو جبھی	وہ	بجھ گئے	ہائے افسوس	اوپر	بندوں کے	نہ	آیا انکے پاس	کوئی رسول

سوا کچھ نہ تھا (جس سے) اچانک وہ بجھ کر رہ گئے۔ (اور کہا گیا) ہائے ان بندوں پر افسوس ان کے پاس کوئی

وقف غفران

اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۳۰﴾ اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ

اِلَّا	كَانُوْا	بِهٖ	يَسْتَهْزِءُوْنَ	اَلَمْ	يَرَوْا	كَمْ	اَهْلَكْنَا	قَبْلَهُمْ	مِّنَ الْقُرُوْنِ
مگر	تھے	اس سے	ٹھٹھا کرتے	کیا نہ	دیکھا انہوں نے	کتنے	ہلاک کیے ہم نے	ان سے پہلے	کتنی سنگتیں

رسول آتا تھا مگر وہ اس کا مذاق اُڑاتے تھے۔ کیا انہوں نے نہ دیکھا کہ ہم نے ان سے پہلے کتنی ہی قومیں

اَنَّهُمْ اِلَيْهِمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿۳۱﴾ وَاِنْ كُلٌّ لَّمَّا جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا

اَنَّهُمْ	اِلَيْهِمْ	لَا	يَرْجِعُوْنَ	وَ	اِنْ	كُلٌّ	لَّمَّا	جَمِيْعٌ	لَّدَيْنَا
بیشک وہ	انکی طرف	نہیں	پلٹنے والے	اور	بیشک	ہر ایک	اس وقت	اکٹھے ہو کر	ہمارے پاس

ہلاک فرمائیں کہ وہ اب ان کی طرف پلٹنے والے نہیں۔ اور جتنے بھی ہیں سب کے سب ہمارے حضور

مُحْضَرُوْنَ ﴿۳۲﴾ وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الْاَرْضُ الْمَيْتَةُ ۖ اَحْيَيْنٰهَا وَاَخْرَجْنَا مِنْهَا

مُحْضَرُوْنَ	وَاٰيَةٌ	لَّهُمُ	الْاَرْضُ	الْمَيْتَةُ	اَحْيَيْنٰهَا	وَ	اَخْرَجْنَا	مِنْهَا
حاضر کیے جائینگے	اور نشانی ہے	ان کیلئے	زمین	مردہ	زندہ کیا ہم نے اسکو	اور	نکالے ہم نے	اس سے

حاضر کیے جائیں گے۔ اور ان کیلئے ایک نشانی مردہ زمین ہے جسے ہم نے زندہ کیا اور اس سے اناج اُگایا

حَبًّا فَمِنْهُ يَاْكُلُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَجَعَلْنَا فِيْهَا جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ

حَبًّا	فَمِنْهُ	يَاْكُلُوْنَ	وَ	جَعَلْنَا	فِيْهَا	جَنّٰتٍ	مِنْ نَّخِيْلٍ	وَّاَعْنَابٍ
دانے	تو اس سے	وہ کھاتے ہیں	اور	بنائے بھی ہم نے	اس میں	باغ	کھجوروں	اور انگوروں کے

پھر وہ اس میں سے کھاتے ہیں۔ اور اس میں ہم نے کھجوروں اور انگوروں کے باغ بنائے بھی اور

وَّفَجَّرْنَا فِيْهَا مِنَ الْعُيُوْنِ ﴿۳۴﴾ لِيَاْكُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖ ۙ وَمَا عَمِلَتْهُ اَيْدِيْهِمْ

وَ	فَجَّرْنَا	فِيْهَا	مِنَ الْعُيُوْنِ	لِيَاْكُلُوْا	مِنْ ثَمَرِهٖ	وَ	مَا	عَمِلَتْهُ	اَيْدِيْهِمْ
اور	بہائے ہم نے	اس میں	چشمے	تاکہ کھائیں	اس کا پھل	اور	نہ	بنایا اس کو	ان کے ہاتھوں نے

اس میں چشمے بھی جاری کر دیے۔ تاکہ وہ اس کے پھلوں میں سے کھائیں اور ان کے ہاتھوں نے اسے نہیں بنایا

اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۳۵﴾ سُبْحٰنَ الَّذِيْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْبِتُ

اَفَلَا	يَشْكُرُوْنَ	سُبْحٰنَ	الَّذِيْ	خَلَقَ	الْاَزْوَاجَ	كُلَّهَا	مِمَّا	تُنْبِتُ
کیا پھر نہیں	شکر کرتے	پاک ہے	وہ جس نے	پیدا کیے	جوڑے	ہر قسم کے	اس سے جو	اگاتی ہے

تو وہ کیوں شکر نہیں کرتے۔ پاک ہے وہ ذات جس نے سب جوڑے پیدا کیے ان چیزوں سے جنہیں زمین اگاتی ہے اور ان

الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۶﴾ وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الَّيْلُ ۚ نَسْلَخُ مِنْهُ

الْاَرْضُ	وَ	مِنْ اَنْفُسِهِمْ	وَ	مِمَّا	لَا	يَعْلَمُوْنَ	وَ	اٰيَةٌ	لَّهُمُ	الَّيْلُ	نَسْلَخُ	مِنْهُ
زمین	اور	ان کی جانوں سے	اور	اس سے جو	نہیں	جانتے	اور	نشانی ہے	ان کیلئے	رات	ہم کھینچتے ہیں	اس سے

کی جانوں سے (بھی) اور ان چیزوں سے جنہیں وہ نہیں جانتے۔ اور ان کیلئے ایک نشانی رات ہے ہم اس پر سے دن کھینچ لیتے

النَّهَارَ فَاِذَا هُمْ مُّظْلِمُوْنَ ﴿۳۷﴾ ۙ وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ؕ ذٰلِكَ

النَّهَارَ	فَاِذَا	هُمْ	مُّظْلِمُوْنَ	وَ	الشَّمْسُ	تَجْرِيْ	لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا	ذٰلِكَ
دن	تو جبھی	وہ	اندھیرے میں رہ جاتے ہیں	اور	سورج	چلتا ہے	اپنے مدار پر جو اس کیلئے ہے	یہ

ہیں جبھی وہ اندھیرے میں پڑے رہ جاتے ہیں۔ اور سورج ہمیشہ اپنی مقررہ منزل کے لیے چلتا رہتا ہے یہ حکم ہے

تَقۡدِيۡرُ الۡعَزِيۡزِ الۡعَلِيۡمِ ﴿۳۸﴾ وَالۡقَمَرَ قَدَّرۡنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ كَالۡعُرۡجُوۡنِ

كَالۡعُرۡجُوۡنِ	عَادَ	حَتّٰى	مَنَازِلَ	قَدَّرۡنٰهُ	وَالۡقَمَرَ	الۡعَلِيۡمِ	الۡعَزِيۡزِ	تَقۡدِيۡرُ
مانند ٹہنی	ہو گیا	یہاں تک کہ	منزلیں	مقرر کیں ہم نے اسکی	اور چاند	علم والے کا	زبردست	حکم ہے

زبردست علم والے کا۔ اور چاند کی ہم نے منزلیں مقرر کر دی ہیں یہاں تک کہ وہ کھجور کی پرانی

الۡقَدِيۡمِ ﴿۳۹﴾ لَا الشَّمۡسُ يَنۡۢبَغِىۡ لَهَاۤ اَنۡ تُدۡرِكَ الۡقَمَرَ وَلَا الَّيۡلُ سَابِقُ

سَابِقُ	الَّيۡلُ	وَلَا	الۡقَمَرَ	تُدۡرِكَ	اَنۡ	لَهَاۤ	يَنۡۢبَغِىۡ	الشَّمۡسُ	لَا	الۡقَدِيۡمِ
آگے بڑھنے والی	رات	اور نہ	چاند کو	پالے	یہ کہ	ہے	لائق	سورج کو	نہ تو	پرانی کے

ٹہنی کی طرح ہو جاتا ہے۔ سورج کی یہ مجال نہیں کہ چاند کو جا پکڑے اور نہ رات دن سے آگے

النَّهَارِ ؕ وَكُلٌّ فِىۡ فَلَكٍ يَّسۡبَحُوۡنَ ﴿۴۰﴾ وَاٰيَةٌ لَّهُمۡ اَنَّا حَمَلۡنَا ذُرِّيَّتَهُمۡ فِى

فِى	ذُرِّيَّتَهُمۡ	حَمَلۡنَا	اَنَّا	لَّهُمۡ	اٰيَةٌ	وَ	يَّسۡبَحُوۡنَ	فِىۡ فَلَكٍ	كُلٌّ	وَ	النَّهَارِ
میں	انکی اولاد کو	اٹھایا	کہ ہم نے	ان کیلئے	نشانی ہے	اور	تیر رہا ہے	آسمان میں	ہر ایک	اور	دن سے

بڑھ سکتی ہے اور سب کے سب اپنے اپنے مدار میں تیر رہے ہیں۔ اور ایک نشانی ان کے لیے یہ بھی ہے کہ ہم نے ان کے آباء و

الۡفُلۡكِ الۡمَشۡحُوۡنِ ﴿۴۱﴾ وَخَلَقۡنَا لَهُمۡ مِّنۡ مِّثۡلِهٖ مَا يَرۡكَبُوۡنَ ﴿۴۲﴾ وَاِنۡ

اِنۡ	وَ	يَرۡكَبُوۡنَ	مَا	مِّنۡ مِّثۡلِهٖ	لَهُمۡ	خَلَقۡنَا	وَ	الۡمَشۡحُوۡنِ	الۡفُلۡكِ
اگر	اور	سوار ہوں	کہ وہ	اسی جیسے	ان کیلئے	پیدا کیے ہم نے	اور	بھری ہوئی کے	کشتی

اجداد کو بھری کشتی میں سوار کر لیا تھا۔ اور ہم نے اس (کشتی) کی مثل ان کیلئے وہ چیزیں پیدا فرمائیں جن پر وہ سوار ہوتے ہیں۔ اور

نَّشَاۡ نُغۡرِقۡهُمۡ فَلَا صَرِيۡخَ لَهُمۡ وَلَا هُمۡ يُنۡقَذُوۡنَ ﴿۴۳﴾ اِلَّا رَحۡمَةً مِّنَّا وَمَتَاعًا

وَمَتَاعًا	مِّنَّا	رَحۡمَةً	اِلَّا	يُنۡقَذُوۡنَ	هُمۡ	وَلَا	لَهُمۡ	صَرِيۡخَ	فَلَا	نُغۡرِقۡهُمۡ	نَّشَاۡ
اور برتنا	ہماری طرف سے	رحمت	مگر	بچائے جائیں	وہ	اور نہ	ان کو	فریاد کو پہنچنے والا	تو نہ ہو	انہیں غرق کریں	ہم چاہیں تو

ہم چاہیں تو انہیں ڈبو دیں تو نہ کوئی ان کی فریاد کو پہنچنے والا ہے اور نہ وہ بچائے جا سکیں گے۔ سوائے ہماری رحمت کے اور ایک مقررہ

اِلٰى حِيْنٍ ﴿۴۴﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّقُوْا مَا بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ

اِلٰى حِيْنٍ	وَ	اِذَا	قِيْلَ	لَهُمُ	اتَّقُوْا	مَا	بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ	وَ	مَا	خَلْفَكُمْ	لَعَلَّكُمْ
ایک وقت تک	اور	جب	فرمایا جائے	ان کو	ڈرو	اس سے جو	تمہارے سامنے ہے	اور	جو	تمہارے پیچھے ہے	تا کہ تم

وقت تک کا فائدہ ہے۔ اور جب ان سے فرمایا جاتا ہے کہ اس سے ڈرو جو تمہارے سامنے ہے اور جو تمہارے پیچھے ہے

تُرْحَمُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَمَا تَاْتِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا

تُرْحَمُوْنَ	وَ	مَا	تَاْتِيْهِمْ	مِّنْ	اٰيَةٍ	مِّنْ اٰيٰتِ	رَبِّهِمْ	اِلَّا	كَانُوْا	عَنْهَا
رحم کیے جاؤ	اور	نہیں	آئی انکے پاس	کوئی	نشانی	نشانیوں میں سے	انکے رب کی	مگر	تھے	اس سے

تا کہ تم پر رحم کیا جائے۔ مگر ان کے پاس ان کے رب کی نشانیوں میں سے جو نشانی بھی آتی ہے وہ اس سے

مُعْرِضِيْنَ ﴿۴۶﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ ۙ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

مُعْرِضِيْنَ	وَ	اِذَا	قِيْلَ	لَهُمْ	اَنْفِقُوْا	مِمَّا	رَزَقَكُمُ	اللّٰهُ	قَالَ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا
منہ پھیرتے	اور	جب	فرمایا جائے	ان کو	خرچ کرو	اس سے جو	دیا تم کو	اللہ نے	تو کہتے ہیں	وہ جو	کافر ہیں

کنارا کر جاتے ہیں۔ اور جب ان سے فرمایا جائے کہ تم خرچ کرو اس سے جو تمہیں اللہ نے دیا تو کافر ایمان

لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنُطْعِمُ مَنْ لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ اَطْعَمَهٗٓ ۖ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ

لِلَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا	اَنُطْعِمُ	مَنْ	لَوْ	يَشَآءُ	اللّٰهُ	اَطْعَمَهٗ	اِنْ	اَنْتُمْ	اِلَّا	فِيْ ضَلٰلٍ
ان کو جو	مومن ہیں	کیا کھلائیں ہم	اسکو	کہ اگر	چاہے	اللہ	تو کھلائے اسکو	نہیں	تم	مگر	گمراہی میں

والوں سے کہتے ہیں کیا ہم اسے کھلائیں جسے اگر اللہ چاہتا تو کھلا دیتا تم تو کھلی گمراہی میں

مُّبِيْنٍ ﴿۴۷﴾ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۴۸﴾ مَا

مُّبِيْنٍ	وَ	يَقُوْلُوْنَ	مَتٰى	هٰذَا	الْوَعْدُ	اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ	مَا
کھلی	اور	کہتے ہیں	کب ہوگا	یہ	وعدہ	اگر	ہو تم	سچے	نہیں

مبتلا ہو گئے ہو۔ اور وہ کہتے ہیں یہ وعدہ کب پورا ہو گا اگر تم سچے ہو۔ وہ لوگ صرف ایک سخت

يَنْظُرُوْنَ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً تَاْخُذُهُمْ وَهُمْ يَخِصِّمُوْنَ ﴿۴۹﴾ فَلَا

يَنْظُرُوْنَ	اِلَّا	صَيْحَةً	وَّاحِدَةً	تَاْخُذُهُمْ	وَ	هُمْ	يَخِصِّمُوْنَ	فَلَا
انتظار کرتے	مگر	چنگھاڑ	ایک کا	کہ پکڑے ان کو	اور	وہ	جھگڑتے ہوں	تو نہیں

چنگھاڑ کے ہی منتظر ہیں جو انہیں (اچانک) پکڑے گی جب وہ دنیا کے جھگڑے میں پھنسے ہوں گے۔ تو نہ وصیت

يَسْتَطِيْعُوْنَ تَوْصِيَةً وَّلَآ اِلٰٓى اَهْلِهِمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۵۰﴾ ع وَنُفِخَ فِى الصُّوْرِ

ع ۳ / ۱۸ / ۲

يَسْتَطِيْعُوْنَ	تَوْصِيَةً	وَّ	لَآ	اِلٰٓى	اَهْلِهِمْ	يَرْجِعُوْنَ	وَ	نُفِخَ	فِى الصُّوْرِ
طاقت رکھیں گے	وصیت کی	اور	نہ	طرف	اپنے گھر کے	لوٹیں گے	اور	پھونکا جائے گا	صور میں

کر سکیں گے اور نہ اپنے گھر پلٹ کر جاسکیں گے۔ اور صور پھونک دیا جائے گا

فَاِذَا هُمْ مِّنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰى رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ ﴿۵۱﴾ قَالُوْا يٰوَيْلَنَا مَنْۢ بَعَثَنَا

فَاِذَا	هُمْ	مِّنَ الْاَجْدَاثِ	اِلٰى	رَبِّهِمْ	يَنْسِلُوْنَ	قَالُوْا	يٰوَيْلَنَا	مَنْۢ بَعَثَنَا
جبھی	وہ	قبروں سے	طرف	اپنے رب کی	دوڑ پڑیں گے	کہیں گے	ہائے افسوس	کس نے اٹھایا ہم کو

وہ قبروں سے نکل کر اپنے رب کی طرف تیز تیز دوڑ پڑیں گے۔ کہیں گے ہم پر افسوس! ہمیں کس نے ہماری

مِنْ مَّرْقَدِنَا ۜ هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۵۲﴾ اِنْ

وقف منزل / وقف غفران / وقف لازم

مِنْ مَّرْقَدِنَا	هٰذَا	مَا	وَعَدَ	الرَّحْمٰنُ	وَ	صَدَقَ	الْمُرْسَلُوْنَ	اِنْ
ہماری خواب گاہ سے	یہ	وہ ہے جو	وعدہ دیا	رحمٰن نے	اور	سچ فرمایا	رسولوں نے	نہیں

خوابگاہوں سے اُٹھایا؟ یہ ہی وہ وعدہ ہے جس کا رحمٰن نے وعدہ کیا تھا اور رسولوں نے سچ کہا تھا۔ یہ محض

كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿۵۳﴾ فَالْيَوْمَ

كَانَتْ	اِلَّا	صَيْحَةً	وَّاحِدَةً	فَاِذَا	هُمْ	جَمِيْعٌ	لَّدَيْنَا	مُحْضَرُوْنَ	فَالْيَوْمَ
ہوگی	مگر	چنگھاڑ	ایک	تو جبھی	وہ	سب	ہمارے حضور	حاضر کیے جائیں	تو آج

ایک سخت چنگھاڑ ہو گی تو اسی وقت وہ سب ہمارے حضور حاضر کر دیئے جائیں گے۔ تو آج کسی جان

لَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا وَّلَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۵۴﴾ اِنَّ

لَا	تُظْلَمُ	نَفْسٌ	شَيْئًا	وَ	لَا	تُجْزَوْنَ	اِلَّا	مَا	كُنْتُمْ	تَعْمَلُوْنَ	اِنَّ
نہ	ظلم کیا جائے گا	کوئی آدمی	کچھ بھی	اور	نہ	بدلہ دیئے جاؤ گے	مگر	جو	تھے تم	عمل کرتے	بیشک

پر کچھ ظلم نہ ہو گا اور تمہیں بدلہ نہ دیا جائے گا سوائے اس کا جو تم کرتے تھے۔ بے شک

اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِيْ شُغُلٍ فٰكِهُوْنَ ﴿۵۵﴾ هُمْ وَاَزْوَاجُهُمْ فِيْ ظِلٰلٍ

اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ	الْيَوْمَ	فِيْ شُغُلٍ	فٰكِهُوْنَ	هُمْ	وَ	اَزْوَاجُهُمْ	فِيْ ظِلٰلٍ
جنت والے	آج	عیش میں	خوش ہونگے	وہ	اور	ان کی بیویاں	سایوں میں

جنت والے آج دل کے بہلاووں میں چین کرتے ہوں گے۔ وہ اور ان کی بیویاں سایوں

عَلَى الْاَرَآئِكِ مُتَّكِئُوْنَ ﴿۵۶﴾ لَهُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّلَهُمْ مَّا يَدَّعُوْنَ ﴿۵۷﴾

عَلَى	الْاَرَآئِكِ	مُتَّكِئُوْنَ	لَهُمْ	فِيْهَا	فَاكِهَةٌ	وَّلَهُمْ	مَّا	يَدَّعُوْنَ
اوپر	تختوں کے	تکیہ لگائے ہونگے	ان کیلئے	اس میں	میوے ہوں گے	اور ان کیلئے	جو	مانگیں

میں تختوں پر تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے۔ یہاں ان کیلئے میوے ہیں اور ان کیلئے وہ سب ہے جو وہ طلب کرتے ہیں۔

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ﴿۵۸﴾ وَامْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۵۹﴾ اَلَمْ

سَلٰمٌ	قَوْلًا	مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ	وَامْتَازُوا	الْيَوْمَ	اَيُّهَا	الْمُجْرِمُوْنَ	اَلَمْ
سلام ہوگا	فرمایا ہوا	مہربان رب کی طرف سے	اور الگ ہو جاؤ	آج	اے	مجرمو	کیا نہ

رحم کرنیوالے رب کیطرف سے ان کو سلام کیا جائیگا۔ اور اے مجرمو! آج (نیک لوگوں سے) الگ ہو جاؤ۔ اے آدم کی اولاد!

اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۶۰﴾

اَعْهَدْ	اِلَيْكُمْ	يٰبَنِيْٓ	اٰدَمَ	اَنْ	لَا	تَعْبُدُوا	الشَّيْطٰنَ	اِنَّهٗ	لَكُمْ	عَدُوٌّ	مُّبِيْنٌ
عہد لیا میں نے	تم سے	اے اولاد	آدم	یہ کہ	نہ	عبادت کرو	شیطان کی	بیشک وہ	تمہارا	دشمن ہے	کھلا

کیا میں نے تم سے عہد نہ لیا تھا کہ تم شیطان کی عبادت نہ کرنا بے شک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔

وقف غفران

وَّاَنِ اعْبُدُوْنِیْ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿۶۱﴾ وَلَقَدْ اَضَلَّ مِنْكُمْ جِبِلًّا

وَّ	اَنِ	اعْبُدُوْنِیْ	هٰذَا	صِرَاطٌ	مُّسْتَقِيْمٌ	وَلَقَدْ	اَضَلَّ	مِنْكُمْ	جِبِلًّا
اور	یہ کہ	عبادت کرو میری	یہ ہے	راستہ	سیدھا	اور بیشک	گمراہ کیا اس نے	تم میں سے	خلقت

اور میری بندگی کرنا یہ سیدھی راہ ہے۔ اور بے شک اس نے تم میں سے بہت سی

كَثِيْرًا ؕ اَفَلَمْ تَكُوْنُوْا تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۲﴾ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِیْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿۶۳﴾

كَثِيْرًا	اَفَلَمْ	تَكُوْنُوْا	تَعْقِلُوْنَ	هٰذِهٖ	جَهَنَّمُ	الَّتِیْ	كُنْتُمْ	تُوْعَدُوْنَ
بہت کو	کیا نہیں	تھے تم	سوچتے	یہ	جہنم	وہ ہے کہ	تھے تم	وعدہ دیئے جاتے

خلقت کو بہکا دیا تو کیا تمہیں عقل نہ تھی۔ یہ ہے وہ جہنم جس کا تم سے وعدہ کیا گیا تھا۔

اِصْلَوْهَا الْيَوْمَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۶۴﴾ اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰۤى اَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَاۤ

اِصْلَوْهَا	الْيَوْمَ	بِمَا	كُنْتُمْ	تَكْفُرُوْنَ	اَلْيَوْمَ	نَخْتِمُ	عَلٰۤى	اَفْوَاهِهِمْ	وَ	تُكَلِّمُنَاۤ
داخل ہو اس میں	آج	بدلہ اس کا کہ	تھے تم	کفر کرتے	آج	ہم مہر کریں گے	اوپر	انکے مونہوں کے	اور	بولیں گے ہم سے

آج اس میں داخل ہو جاؤ کیونکہ تم مانتے نہیں تھے۔ آج ہم ان کے چہروں پر مہر لگا دیں گے اور ان کے ہاتھ ہم

اَيْدِيْهِمْ وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۶۵﴾ وَلَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا

اَيْدِيْهِمْ	وَ	تَشْهَدُ	اَرْجُلُهُمْ	بِمَا	كَانُوْا	يَكْسِبُوْنَ	وَ	لَوْ	نَشَآءُ	لَطَمَسْنَا
ان کے ہاتھ	اور	گواہی دینگے	ان کے پاؤں	بدلہ اس کا کہ	تھے	کمائی کرتے	اور	اگر	ہم چاہیں	تو مٹا دیں

سے کلام کریں گے اور ان کے پاؤں گواہی دیں گے ان کاموں کی جو وہ کرتے تھے۔ اور اگر ہم چاہتے تو انکی آنکھوں

عَلٰۤى اَعْيُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَاَنّٰى يُبْصِرُوْنَ ﴿۶۶﴾ وَلَوْ نَشَآءُ

عَلٰۤى	اَعْيُنِهِمْ	فَاسْتَبَقُوا	الصِّرَاطَ	فَاَنّٰى	يُبْصِرُوْنَ	وَ	لَوْ	نَشَآءُ
ان کی	آنکھیں	تو دوڑیں	راستہ کی طرف	تو کہاں	دیکھیں گے	اور	اگر	ہم چاہیں

کے نشان تک مٹا دیتے پھر وہ راستے کیطرف دوڑتے تو وہ کہاں دیکھ سکتے تھے۔ اور اگر ہم چاہتے تو ان کی

لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰى مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا وَّلَا يَرْجِعُوْنَ ﴿۶۷﴾

لمسخنٰهم	علٰى	مكانتهم	فما	استطاعوا	مضيا	وَ	لا	يرجعون
تو مسخ کر دیں انکو	اوپر	ان کی جگہ کے	تو نہ	طاقت رکھیں	آگے بڑھنے کی	اور	نہ	پیچھے ہٹنے کی

جگہ ان کی صورتیں بدل دیتے پھر وہ نہ تو آگے کو گزرتے اور نہ ہی پیچھے لوٹ سکتے۔

وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِي الْخَلْقِ ۗ اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۶۸﴾ وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا

ومن	نعمره	ننكسه	فی الخلق	افلا	يعقلون	وما	علمنٰه	الشعر	وما
اور جسے	ہم بڑی عمر دیں اسکو	الٹا پھیر دیں ہم اسے	پیدائش میں	کیا پھر نہیں	عقل کرتے	اور نہیں	سکھایا ہم نے اسکو	شعر	اور نہ وہ

اور جسے ہم لمبی عمر دیتے ہیں اسے قوت مزاج میں واپس (بچپن کی طرف) پلٹا دیتے ہیں یا پھر بھی وہ عقل سے کام نہیں لیتے۔ اور ہم نے انہیں

يَنْۢبَغِيْ لَهٗ ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وَّقُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ ﴿۶۹﴾ لِّيُنْذِرَ مَنْ كَانَ حَيًّا وَّيَحِقَّ

ينبغی	له	ان	هو	الا	ذكر	وقرآن	مبين	لينذر	من	كان	حيا	ويحق
لائق ہے	اسکے	نہیں	وہ	مگر	نصیحت	اور قرآن	روشن	تاکہ ڈرائے	اسکو جو	ہو	زندہ	اور حق کرے

(رسول کو) شعر کہنا نہیں سکھایا اور نہ یہ ان کیلئے مناسب ہے، یہ تو صرف ایک نصیحت اور واضح قرآن ہے۔ تاکہ وہ ہر اس شخص کو

الْقَوْلُ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿۷۰﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ مِّمَّا عَمِلَتْ اَيْدِيْنَآ

القول	على	الكٰفرين	اولم	يروا	انا	خلقنا	لهم	مما	عملت	ايدينآ
بات	اوپر	کافروں کے	کیا نہ	دیکھا انہوں نے کہ	ہم نے	پیدا کیے	ان کیلئے	اس سے	جو بنائے	اپنے ہاتھوں نے

خبردار کرائے جو زندہ ہو اور انکار کرنے والوں پر حجت قائم ہو جائے۔ کیا انہوں نے نہ دیکھا کہ ہم نے اپنے دست قدرت سے بنائی ہوئی مخلوق میں

اَنْعَامًا فَهُمْ لَهَا مٰلِكُوْنَ ﴿۷۱﴾ وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ وَمِنْهَا

انعاما	فهم	لها	مٰلكون	وَ	ذللنٰها	لهم	فمنها	ركوبهم	وَ	منها
چوپائے	تو وہ	انکے	مالک ہیں	اور	تابع کیا ہم نے انکو	ان کا	تو بعض ان میں سے	انکی سواریاں ہیں	اور	بعض سے

ان کیلئے مویشی پیدا کیے تو وہ ان کے مالک ہیں۔ اور ہم نے انہیں ان کے تابع کر دیا تو ان میں سے کچھ ان کی سواریاں ہیں اور بعض کو

يَأْكُلُوْنَ ﴿۷۲﴾ وَلَهُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ ۭ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۷۳﴾ وَاتَّخَذُوْا

وَ	لَهُمْ	فِيْهَا	مَنَافِعُ	وَ	مَشَارِبُ	اَفَلَا	يَشْكُرُوْنَ	وَ	اتَّخَذُوْا
اور	ان کیلئے	اس میں	فائدے ہیں	اور	پینا ہے	توکیانہیں	شکر کرتے	اور	پکڑے انہوں نے

يَأْكُلُوْنَ
وہ کھاتے ہیں

ان میں سے وہ کھاتے ہیں۔ اور ان کیلئے ان میں کئی طرح کے فوائد اور پینے کی چیزیں ہیں تو کیا وہ شکر نہیں کریں گے۔ اور انہوں

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لَّعَلَّهُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۷۴﴾ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَهُمْ ۙ وَهُمْ

مِنْ دُوْنِ	اللّٰهِ	اٰلِهَةً	لَّعَلَّهُمْ	يُنْصَرُوْنَ	لَا	يَسْتَطِيْعُوْنَ	نَصْرَهُمْ	وَهُمْ
سوائے	اللہ کے	معبود	تاکہ وہ	مدد کیے جائیں	نہیں	طاقت رکھتے	مدد ان کی	اور وہ

نے اللہ کے سوا اور خدا ٹھہرالئے کہ شاید ان کی مدد ہو۔ وہ ان کی مدد نہیں کر سکتے اور وہ ان کے وہ لشکر ہیں

لَهُمْ جُنْدٌ مُّحْضَرُوْنَ ﴿۷۵﴾ فَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّا نَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ

لَهُمْ	جُنْدٌ	مُّحْضَرُوْنَ	فَلَا	يَحْزُنْكَ	قَوْلُهُمْ	اِنَّا	نَعْلَمُ	مَا	يُسِرُّوْنَ
ان کا	لشکر ہیں	حاضر کیے گئے	تو نہ	غم میں ڈالے تم کو	ان کی بات	ہم	جانتے ہیں	جو	چھپاتے ہیں

جو حاضر کیے جائیں گے۔ پس ان کی بات تمہیں غمگین نہ کرے، ہم جانتے ہیں جو وہ چھپاتے ہیں

وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿۷۶﴾ اَوَلَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ

وَ	مَا	يُعْلِنُوْنَ	اَوَلَمْ	يَرَ	الْاِنْسَانُ	اَنَّا	خَلَقْنٰهُ	مِنْ نُّطْفَةٍ	فَاِذَا	هُوَ	خَصِيْمٌ
اور	جو	ظاہر کرتے ہیں	کیا نہ	دیکھا	انسان نے	کہ ہم نے	پیدا کیا اسکو	نطفہ سے	تو جبھی	وہ ہے	جھگڑالو

اور جو وہ علم کھلا کہتے ہیں۔ کیا انسان نے نہ دیکھا کہ ہم نے اسے نطفہ سے پیدا کیا تو اچانک وہ کھلا

مُّبِيْنٌ ﴿۷۷﴾ وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ خَلْقَهٗ ۭ قَالَ مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ

مُّبِيْنٌ	وَ	ضَرَبَ	لَنَا	مَثَلًا	وَ	نَسِيَ	خَلْقَهٗ	قَالَ	مَنْ	يُّحْيِ	الْعِظَامَ
صریح	اور	بیان کی	ہمارے لیے	کہاوت	اور	بھول گیا	اپنی پیدائش	بولا	کون	زندہ کرے گا	ہڈیوں کو

جھگڑالو (ہو گیا) ہے۔ اور ہمارے لئے مثال بیان کرنے لگا اور بھول گیا اپنی پیدائش کو کہنے لگا کون زندہ کرے گا ہڈیوں کو جب

وقف لازم

وَهِيَ رَمِيمٌ ﴿٧٨﴾ قُلْ يُحْيِيهَا الَّذِي أَنْشَأَهَا أَوَّلَ مَرَّةٍ وَهُوَ بِكُلِّ

وَ	هِيَ	رَمِيمٌ	قُلْ	يُحْيِيهَا	الَّذِي	أَنْشَأَهَا	أَوَّلَ	مَرَّةٍ	وَ	هُوَ	بِكُلِّ
اور	وہ ہوں	بوسیدہ	فرما دیجئے	زندہ کرے گا انکو	وہ جس نے	پیدا کیا ان کو	پہلی	مرتبہ	اور	وہ	ہر ایک

وہ بوسیدہ ہو ہو چکی ہوں گی۔ فرما دیجئے انہیں وہی زندہ کرے گا جس نے پہلی بار انہیں پیدا کیا تھا اور اسے

خَلْقٍ عَلِيمٌ ﴿٧٩﴾ الَّذِي جَعَلَ لَكُمْ مِنَ الشَّجَرِ الْأَخْضَرِ نَارًا فَإِذَا

خَلْقٍ	عَلِيمٌ	الَّذِي	جَعَلَ	لَكُمْ	مِنَ الشَّجَرِ الْأَخْضَرِ	نَارًا	فَإِذَا
مخلوق کو	جاننے والا ہے	وہ جس نے	بنائی	تمہارے لیے	سبز درخت سے	آگ	تو جبھی

ہر مخلوق کا علم ہے۔ جس نے تمہارے سرسبز درخت سے آگ پیدا کی،

أَنْتُمْ مِنْهُ تُوقِدُونَ ﴿٨٠﴾ أَوَلَيْسَ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ

أَنْتُمْ	مِنْهُ	تُوقِدُونَ	أَوَ	لَيْسَ	الَّذِي	خَلَقَ	السَّمَاوَاتِ	وَ	الْأَرْضَ
تم	اس سے	جلاتے ہو	کیا	نہیں	وہ جس نے	پیدا کیا	آسمانوں کو	اور	زمین کو

جبھی تم اسے سلگاتے ہو۔ اور کیا وہ جس نے آسمانوں اور زمین کو بنایا اس پر قادر نہیں کہ ان کی طرح

بِقَادِرٍ عَلَىٰ أَنْ يَخْلُقَ مِثْلَهُمْ ۚ بَلَىٰ وَهُوَ الْخَلَّاقُ الْعَلِيمُ ﴿٨١﴾ إِنَّمَا

بِقَادِرٍ	عَلَىٰ	أَنْ	يَخْلُقَ	مِثْلَهُمْ	بَلَىٰ	وَ	هُوَ	الْخَلَّاقُ	الْعَلِيمُ	إِنَّمَا
قادر	اوپر	اسکے کہ	پیدا کرے	انکی مثل	کیوں نہیں	اور	وہ ہے	پیدا کرنے والا	جاننے والا	اسکے سوا نہیں

اور بھی بنا دے؟ کیوں نہیں! اور وہی تو سب سے بڑا بنانے والا اور علم والا ہے۔ جب وہ کسی

أَمْرُهُ إِذَا أَرَادَ شَيْئًا أَنْ يَقُولَ لَهُ كُنْ فَيَكُونُ ﴿٨٢﴾ فَسُبْحَانَ

أَمْرُهُ	إِذَا	أَرَادَ	شَيْئًا	أَنْ	يَقُولَ	لَهُ	كُنْ	فَيَكُونُ	فَسُبْحَانَ
اس کا حکم	جب	ارادہ کرتا ہے	کسی چیز کا	یہ کہ	فرماتا ہے	اس کو	ہو جا	تو وہ ہو جاتا ہے	تو پاک ہے

چیز کا ارادہ فرمالیتا ہے تو اس کا حکم صرف یہ ہوتا ہے کہ اسے فرماتا ہے 'ہو جا' اور وہ چیز ہو جاتی ہے۔ تو پاک ہے

وقف غفران

الَّذِیْ بِیَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَیْءٍ وَّ اِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۸۳﴾ ع

الَّذِیْ	بِیَدِهٖ	مَلَكُوْتُ	كُلِّ	شَیْءٍ	وَّ	اِلَیْهِ	تُرْجَعُوْنَ
وہ کہ	اسکے ہاتھ میں ہے	بادشاہی	ہر	چیز کی	اور	اسی کی طرف	تم لوٹائے جاؤ گے

وہ ذات جس کے دستِ قدرت میں ہر چیز کی حکومت ہے اور تم سب اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

ایاتها ١٨٢ ۔ ٣٧ سُوْرَةُ الصّٰفّٰتِ مَكِّيَّةٌ ٥٦ ۔ رکوعاتها ٥

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ﴿۱﴾ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ﴿۲﴾ فَالتّٰلِیٰتِ ذِكْرًا ﴿۳﴾ اِنَّ اِلٰهَكُمْ

وَالصّٰٓفّٰتِ	صَفًّا	فَالزّٰجِرٰتِ	زَجْرًا	فَالتّٰلِیٰتِ	ذِكْرًا	اِنَّ	اِلٰهَكُمْ
قسم ہے صف باندھنے والے فرشتوں کی	آراستہ ہوکر	پھر ڈانٹنے والوں کی	جھڑک کر	پھر پڑھنے والوں کی	قرآن کو	بیشک	تمہارا معبود

قسم ہے قطار در قطار صف باندھنے والوں کی۔ پھر بادلوں کو کھینچ کر لے جانے والی یا برائیوں پر سختی سے جھڑکنے والی جماعتوں کی۔ پھر تلاوت کرنے والوں کی۔ بے

لَوَاحِدٌ ﴿۴﴾ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ﴿۵﴾ اِنَّا

لَوَاحِدٌ	رَبُّ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَ	مَا	بَیْنَهُمَا	وَ	رَبُّ	الْمَشَارِقِ	اِنَّا
ایک ہے	رب ہے	آسمانوں کا	اور زمین کا	اور	جو	انکے درمیان ہے	اور	رب ہے	مشرقوں کا	بیشک ہم نے

شک تمہارا خدا ایک ہی ہے۔ آسمانوں اور زمین کا رب اور جو کچھ انکے درمیان ہے اور وہ رب ہے ہر مشرق (اور ہر مغرب) کا۔ بے شک

زَیَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْیَا بِزِیْنَةِ ﴿ۨالْكَوَاكِبِ﴾ ﴿۶﴾ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَیْطٰنٍ

زَیَّنَّا	السَّمَآءَ	الدُّنْیَا	بِزِیْنَةِ	الْكَوَاكِبِ	وَ	حِفْظًا	مِّنْ كُلِّ	شَیْطٰنٍ
زینت دی	آسمان	دنیا کو	زینت	ستاروں کی	اور	حفاظت	ہر ایک	شیطان

ہم نے آسمانِ دنیا کو ستاروں کی زینت سے مزین فرمایا۔ اور سرکش شیطان سے

مَّارِدٍ ۝۷ لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ۝۸

مَّارِدٍ	لَا	يَسَّمَّعُوْنَ	اِلَى	الْمَلَاِ	الْاَعْلٰى	وَيُقْذَفُوْنَ	مِنْ كُلِّ	جَانِبٍ
سرکش سے	نہیں	سن سکتے	طرف	عالم	بالا کے	اور پھینکے جاتے ہیں	ہر ایک	طرف سے

اس کو محفوظ رکھا۔ عالم بالا کی طرف کان نہیں لگا سکتے اور ان پر ہر طرف سے مار پھینکی جاتی ہے۔

دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ۝۹ اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ

دُحُوْرًا	وَ	لَهُمْ	عَذَابٌ	وَّاصِبٌ	اِلَّا	مَنْ	خَطِفَ	الْخَطْفَةَ	فَاَتْبَعَهٗ
دھتکارے ہوئے	اور	ان کیلئے	عذاب ہے	لازم ہونے والا	مگر	جس نے	اچک لیا	چھوا چھین	تو پیچھے لگا اسے

بھگانے کیلئے اور ان کیلئے ہمیشہ کا عذاب ہے۔ مگر کوئی شیطان کوئی بات اچک لے تو ایک دہکتا ہوا انگارہ

شِهَابٌ ثَاقِبٌ ۝۱۰ فَاسْتَفْتِهِمْ اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ خَلَقْنَا ؕ اِنَّا

شِهَابٌ	ثَاقِبٌ	فَاسْتَفْتِهِمْ	اَهُمْ	اَشَدُّ	خَلْقًا	اَمْ	مَّنْ	خَلَقْنَا	اِنَّا
انگارہ	چمکتا ہوا	تو پوچھو ان سے	کیا وہ	سخت ہیں	پیدائش میں	یا	جو	ہم نے پیدا کیا	بیشک ہم

اس کا پیچھا کرتا ہے۔ تو ان (مشرکین) سے پوچھئے کیا ان کی پیدائش زیادہ قوت والی ہے یا ان کی جنہیں (ان کے علاوہ) ہم

خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ ۝۱۱ بَلْ عَجِبْتَ وَيَسْخَرُوْنَ ۝۱۲ وَاِذَا ذُكِّرُوْا

خَلَقْنٰهُمْ	مِّنْ طِيْنٍ	لَّازِبٍ	بَلْ	عَجِبْتَ	وَيَسْخَرُوْنَ	وَ	اِذَا	ذُكِّرُوْا
ان کو پیدا کیا	مٹی	چپکنے والی سے	بلکہ	تم نے تعجب کیا	اور وہ مذاق کرتے ہیں	اور	جب	نصیحت کی جائیں

نے پیدا کیا بیشک ہم نے انہیں چپکنے والی مٹی سے پیدا کیا۔ بلکہ تم نے تعجب کیا اور وہ مذاق اڑاتے ہیں۔ اور جب انہیں نصیحت

لَا يَذْكُرُوْنَ ۝۱۳ وَاِذَا رَاَوْا اٰيَةً يَّسْتَسْخِرُوْنَ ۝۱۴ وَقَالُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ

لَا	يَذْكُرُوْنَ	وَ	اِذَا	رَاَوْا	اٰيَةً	يَّسْتَسْخِرُوْنَ	وَقَالُوْٓا	اِنْ	هٰذَآ	اِلَّا	سِحْرٌ
نہیں	نصیحت لیتے	اور	جب	دیکھتے ہیں	کوئی نشانی	تو وہ ٹھٹھا کرتے ہیں	اور بولے	نہیں	یہ	مگر	جادو

کی جاتی ہے تو نصیحت قبول نہیں کرتے۔ اور جب کوئی نشانی دیکھتے ہیں مذاق اڑاتے ہیں۔ اور کہتے ہیں یہ تو کھلا

مُّبِينٌ ﴿١٥﴾ ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوثُونَ ﴿١٦﴾ اَوَاٰبَآؤُنَا

مُّبِينٌ	ءَاِذَا	مِتْنَا	وَ	كُنَّا	تُرَابًا	وَّ	عِظَامًا	ءَاِنَّا	لَمَبْعُوثُونَ	اَوَ	اٰبَآؤُنَا
ظاہر	کیا جب	ہم مرجائینگے	اور	ہوجائینگے	مٹی	اور	ہڈیاں	کیا ہم	اٹھائے جائینگے	کیا	باپ دادا ہمارے

جادو ہے۔ کیا جب ہم مر جائیں گے اور مٹی اور ہڈیاں ہو جائیں گے تو کیا ہم پھر اٹھا دیئے جائیں گے۔ اور کیا ہمارے پہلے

الْاَوَّلُونَ ﴿١٧﴾ قُلْ نَعَمْ وَاَنْتُمْ دَاخِرُونَ ﴿١٨﴾ فَاِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ فَاِذَا هُمْ

الْاَوَّلُونَ	قُلْ	نَعَمْ	وَ	اَنْتُمْ	دَاخِرُونَ	فَاِنَّمَا	هِيَ	زَجْرَةٌ	وَّاحِدَةٌ	فَاِذَا	هُمْ
پہلے کے	فرمادیں	ہاں	اور	تم	ذلیل ہوگے	اسکے سوانہیں کہ	وہ	ڈانٹ ہوگی	ایک	توجبھی	وہ

باپ دادا (بھی)؟ فرما دیجئے ہاں اور تم (زندہ ہو کر) ذلیل ہو گے۔ یقیناً وہ تو ایک ہی جھڑک ہو گی جبھی

يَنْظُرُونَ ﴿١٩﴾ وَقَالُوا يٰوَيْلَنَا هٰذَا يَوْمُ الدِّينِ ﴿٢٠﴾ هٰذَا يَوْمُ الْفَصْلِ الَّذِي

يَنْظُرُونَ	وَ	قَالُوا	يٰوَيْلَنَا	هٰذَا	يَوْمُ	الدِّينِ	هٰذَا	يَوْمُ	الْفَصْلِ	الَّذِي
دیکھتے ہونگے	اور	کہیں گے	ہائے افسوس	یہ ہے	دن	قیامت کا	یہ ہے	دن	فیصلے کا	وہ جو کہ

وہ دیکھنے لگیں گے۔ اور کہیں گے ہائے ہماری خرابی ان سے کہا جائے گا یہ انصاف کا دن ہے۔ یہی فیصلے کا دن ہے جسے تم جھٹلایا

كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُونَ ﴿٢١﴾ اُحْشُرُوا الَّذِينَ ظَلَمُوا وَاَزْوَاجَهُمْ وَمَا كَانُوا

كُنْتُمْ	بِهٖ	تُكَذِّبُونَ	اُحْشُرُوا	الَّذِينَ	ظَلَمُوا	وَ	اَزْوَاجَهُمْ	وَ	مَا	كَانُوا
تھےتم	اس کو	جھٹلاتے	اکٹھا کرو	ان کو جو	ظالم ہیں	اور	انکے ساتھیوں کو	اور	جن کو	تھے وہ

کرتے تھے۔ اکٹھا کرو، ظالموں کو اور ان جیسوں کو اور جن کی

يَعْبُدُونَ ﴿٢٢﴾ مِنْ دُونِ اللّٰهِ فَاهْدُوهُمْ اِلٰى صِرَاطِ الْجَحِيمِ ﴿٢٣﴾

يَعْبُدُونَ	مِنْ دُونِ	اللّٰهِ	فَاهْدُوهُمْ	اِلٰى	صِرَاطِ	الْجَحِيمِ
پوجتے	سوائے	اللہ کے	تو راہ دکھاؤ ان کو	طرف	راہ	دوزخ کی

وہ عبادت کرتے تھے۔ اللہ کو چھوڑ کر یہ جن کی عبادت کرتے تھے ان سب کو دوزخ کی طرف لے چلو۔

ع ۵/۲۱

ربع

وَقِفُوْهُمْ اِنَّهُمْ مَّسْـُٔوْلُوْنَ ﴿۲۴﴾ مَا لَكُمْ لَا تَنَاصَرُوْنَ ﴿۲۵﴾ بَلْ هُمُ الْيَوْمَ

وَقِفُوْهُمْ	اِنَّهُمْ	مَّسْـُٔوْلُوْنَ	مَا لَكُمْ	لَا	تَنَاصَرُوْنَ	بَلْ	هُمْ	الْيَوْمَ
کھڑا کرو ان کو	بیشک وہ	پوچھے جائیں گے	کیا ہے تم کو	کہ نہیں	مدد کرتے آپس میں	بلکہ	وہ	آج کے دن

اور (ذرا) انہیں ٹھہراؤ بیشک ان سے پوچھا جائیگا۔ تمہیں کیا ہوا ایک دوسرے کی مدد کیوں نہیں کرتے۔ بلکہ آج تو وہ سر

مُسْتَسْلِمُوْنَ ﴿۲۶﴾ وَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿۲۷﴾ قَالُوْٓا

مُسْتَسْلِمُوْنَ	وَ	اَقْبَلَ	بَعْضُهُمْ	عَلٰى	بَعْضٍ	يَّتَسَآءَلُوْنَ	قَالُوْٓا
فرمانبردار ہیں	اور	متوجہ ہوا	بعض ان کا	اوپر	بعض کے	سوال کرتے	کہیں گے

جھکائے کھڑے ہوں گے۔ اور ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہو کر پوچھ رہے ہیں۔ یہ کہہ رہے ہیں

اِنَّكُمْ كُنْتُمْ تَاْتُوْنَنَا عَنِ الْيَمِيْنِ ﴿۲۸﴾ قَالُوْا بَلْ لَّمْ تَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۹﴾ وَمَا

اِنَّكُمْ	كُنْتُمْ	تَاْتُوْنَنَا	عَنِ الْيَمِيْنِ	قَالُوْا	بَلْ	لَّمْ	تَكُوْنُوْا	مُؤْمِنِيْنَ	وَمَا
بیشک تم	تھے	آتے ہم کو	دائیں جانب سے	کہیں گے	بلکہ	نہ	تھے تم	مومن	اور نہیں

تم ہی تو ہمارے پاس دائیں طرف سے آتے تھے۔ (ان کے پیشوا) کہیں گے (ہمارا کچھ قصور نہیں) بلکہ تم خود ہی ایمان لانے والے نہ تھے۔

كَانَ لَنَا عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ ۚ بَلْ كُنْتُمْ قَوْمًا طٰغِيْنَ ﴿۳۰﴾ فَحَقَّ عَلَيْنَا

كَانَ	لَنَا	عَلَيْكُمْ	مِّنْ	سُلْطٰنٍ	بَلْ	كُنْتُمْ	قَوْمًا	طٰغِيْنَ	فَحَقَّ	عَلَيْنَا
تھا	ہمارا	تم پر	کوئی	قابو	بلکہ	تھے تم	قوم	سرکش	تو حق ہوئی	ہم پر

اور ہمارا تم پر کچھ دباؤ نہ تھا بلکہ تم خود ہی سرکش لوگ تھے۔ تو ثابت ہوئی ہم پر

قَوْلُ رَبِّنَآ ۖ اِنَّا لَذَآئِقُوْنَ ﴿۳۱﴾ فَاَغْوَيْنٰكُمْ اِنَّا كُنَّا غٰوِيْنَ ﴿۳۲﴾ فَاِنَّهُمْ يَوْمَئِذٍ

قَوْلُ	رَبِّنَآ	اِنَّا	لَذَآئِقُوْنَ	فَاَغْوَيْنٰكُمْ	اِنَّا	كُنَّا	غٰوِيْنَ	فَاِنَّهُمْ	يَوْمَئِذٍ
بات	ہمارے رب کی	بیشک ہم	چکھنے والے ہیں	تو گمراہ کیا ہم نے تم کو	بیشک	ہم تھے	گمراہ	تو وہ	اس دن

ہمارے رب کی بات، ہم نے (عذاب) کا مزہ ضرور چکھنا ہے۔ تو ہم نے تمہیں گمراہ کیا یقیناً ہم خود گمراہ تھے۔ چنانچہ اس دن

فِی الْعَذَابِ مُشْتَرِكُوْنَ ﴿۳۳﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِيْنَ ﴿۳۴﴾ اِنَّهُمْ

فِی الْعَذَابِ	مُشْتَرِكُوْنَ	اِنَّا	كَذٰلِكَ	نَفْعَلُ	بِالْمُجْرِمِيْنَ	اِنَّهُمْ
عذاب میں	شریک ہونگے	بیشک ہم	اسی طرح	کرتے ہیں	مجرموں کے ساتھ	بیشک وہ

وہ عذاب میں باہم شریک ہوں گے۔ ہم مجرموں کے ساتھ ایسا ہی کریں گے۔ یقیناً وہ

كَانُوْٓا اِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۳۵﴾ وَيَقُوْلُوْنَ اَئِنَّا لَتَارِكُوْٓا

كَانُوْٓا	اِذَا	قِيْلَ	لَهُمْ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا	اللّٰهُ	يَسْتَكْبِرُوْنَ	وَيَقُوْلُوْنَ	اَئِنَّا	لَتَارِكُوْٓا
تھے	جب	کہا جاتا	ان کو	نہیں کوئی	معبود	مگر	اللہ	تو تکبر کرتے تھے	اور کہتے تھے	کیا ہم	چھوڑنے والے ہیں

ایسے تھے کہ جب ان سے کہا جاتا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں تو وہ تکبر کرتے تھے۔ اور کہتے تھے کیا ہم ایک شاعر دیوانے کے

اٰلِهَتِنَا لِشَاعِرٍ مَّجْنُوْنٍ ﴿۳۶﴾ بَلْ جَآءَ بِالْحَقِّ وَصَدَّقَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۳۷﴾

اٰلِهَتِنَا	لِشَاعِرٍ	مَّجْنُوْنٍ	بَلْ	جَآءَ	بِالْحَقِّ	وَ	صَدَّقَ	الْمُرْسَلِيْنَ
اپنے معبودوں کو	شاعر کیلئے	دیوانے	بلکہ	آئے	حق لے کر	اور	تصدیق کی	رسولوں کی

کہنے سے اپنے معبودوں کو چھوڑ سکتے ہیں۔ بلکہ وہ تو حق لائے ہیں اور انہوں نے رسولوں کی تصدیق فرمائی۔

اِنَّكُمْ لَذَآئِقُوا الْعَذَابِ الْاَلِيْمِ ﴿۳۸﴾ وَمَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۳۹﴾

اِنَّكُمْ	لَذَآئِقُوا	الْعَذَابِ	الْاَلِيْمِ	وَ	مَا	تُجْزَوْنَ	اِلَّا	مَا	كُنْتُمْ	تَعْمَلُوْنَ
بیشک تم	چکھنے والے ہو	عذاب	دردناک	اور	نہ	بدلہ دیئے جاؤگے تم	مگر	جو	تھے تم	کرتے

یقیناً تم دردناک عذاب چکھنے والے ہو۔ اور تمہیں صرف اپنے عملوں کا ہی بدلہ دیا جائے گا۔

اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۴۰﴾ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ رِزْقٌ مَّعْلُوْمٌ ﴿۴۱﴾ فَوَاكِهُ وَهُمْ

اِلَّا	عِبَادَ	اللّٰهِ	الْمُخْلَصِيْنَ	اُولٰٓئِكَ	لَهُمْ	رِزْقٌ	مَّعْلُوْمٌ	فَوَاكِهُ	وَ	هُمْ
مگر	بندے	اللہ کے	چنے ہوئے	یہ لوگ	ان کیلئے	رزق ہے	مقرر	میوے ہیں	اور	وہ

مگر جو اللہ تعالیٰ کے منتخب بندے ہیں۔ انہی کیلئے معلوم رزق ہے۔ (اعلیٰ درجہ کے) میوے ہیں

مُّكْرَمُوْنَ ﴿۴۲﴾ فِیْ جَنّٰتِ النَّعِیْمِ ﴿۴۳﴾ عَلٰی سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِیْنَ ﴿۴۴﴾ یُطَافُ

مُّكْرَمُوْنَ	فِیْ جَنّٰتِ	النَّعِیْمِ	عَلٰی سُرُرٍ	مُّتَقٰبِلِیْنَ	یُطَافُ
عزت کیے جائیں	باغوں میں	نعمت والے	تختوں پر ہوں گے	آمنے سامنے	دور ہوگا

اور وہ بڑے معزز ہوں گے۔ نعمت والے باغوں میں۔ تختوں پر ہوں گے آمنے سامنے۔ ان پر چلتے

عَلَیْهِمْ بِكَاْسٍ مِّنْ مَّعِیْنٍ ﴿۴۵﴾ بَیْضَآءَ لَذَّةٍ لِّلشّٰرِبِیْنَ ﴿۴۶﴾ لَا فِیْهَا غَوْلٌ وَّ

عَلَیْهِمْ	بِكَاْسٍ	مِّنْ مَّعِیْنٍ	بَیْضَآءَ	لَذَّةٍ	لِّلشّٰرِبِیْنَ	لَا	فِیْهَا	غَوْلٌ	وَّ
ان پر	پیالے کا	شراب سے	سفید کا	لذیذ ہوگا	پینے والوں کیلئے	نہ ہوگا	اس میں	خمار	اور

ولذیذ مشروب کا دور چلے گا۔ شفاف پینے والوں کیلئے سراسر لذت ہوگی۔ نہ اس میں کوئی ضرر یا سر کا چکرانا ہوگا

لَا هُمْ عَنْهَا یُنْزَفُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ عِیْنٌ ﴿۴۸﴾ كَاَنَّهُنَّ

لَا	هُمْ	عَنْهَا	یُنْزَفُوْنَ	وَ	عِنْدَهُمْ	قٰصِرٰتُ	الطَّرْفِ	عِیْنٌ	كَاَنَّهُنَّ
نہ	ان کو	اس سے	سر درد ہوگا	اور	پاس انکے ہونگی	نیچی	نگاہ والی عورتیں	موٹی آنکھوں والی	گویا وہ

اور نہ وہ اس سے بہکیں گے۔ اور ان کے پاس نیچی نگاہ رکھنے والی بڑی آنکھوں والی (بیویاں) ہوں گی۔ بڑی آنکھوں والیاں

بَیْضٌ مَّكْنُوْنٌ ﴿۴۹﴾ فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰی بَعْضٍ یَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿۵۰﴾ قَالَ

بَیْضٌ	مَّكْنُوْنٌ	فَاَقْبَلَ	بَعْضُهُمْ	عَلٰی	بَعْضٍ	یَّتَسَآءَلُوْنَ	قَالَ
انڈے ہیں	چھپے ہوئے	تو توجہ کرے گا	بعض ان کا	اوپر	بعض کے	سوال کرتے	کہے گا

گویا وہ انڈے ہیں پوشیدہ رکھے ہوئے۔ تو ان میں ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہو کر آپس میں سوال کریں گے۔ ان میں کہنے

قَآئِلٌ مِّنْهُمْ اِنِّیْ كَانَ لِیْ قَرِیْنٌ ﴿۵۱﴾ یَّقُوْلُ اَئِنَّكَ لَمِنَ الْمُصَدِّقِیْنَ ﴿۵۲﴾

قَآئِلٌ	مِّنْهُمْ	اِنِّیْ	كَانَ	لِیْ	قَرِیْنٌ	یَّقُوْلُ	اَئِنَّكَ	لَمِنَ الْمُصَدِّقِیْنَ
ایک کہنے والا	ان میں سے	بیشک	تھا	میرا	ایک ساتھی	کہتا تھا	کیا تو	سچ مانتا ہے

والا کہے گا میرا ایک ساتھی تھا۔ جو کہتا تھا کہ کیا تو تصدیق کرنے والوں میں سے ہے؟

ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَدِيْنُوْنَ ﴿۵۳﴾ قَالَ هَلْ اَنْتُمْ

ءَاِذَا	مِتْنَا	وَ	كُنَّا	تُرَابًا	وَّ	عِظَامًا	ءَاِنَّا	لَمَدِيْنُوْنَ	قَالَ	هَلْ	اَنْتُمْ
کیا جب	ہم مرجائینگے	اور	ہوجائینگے	مٹی	اور	ہڈیاں	کیا ہم	بدلہ دیے جائینگے	کہے گا	کیا	تم

کیا جب ہم مرجائیں گے اور مٹی اور ہڈیاں ہو کر رہ جائیں گے کیا ہم ضرور بدلہ پائیں گے؟ وہ کہے گا کیا تم جھانک کر (اسے)

مُّطَّلِعُوْنَ ﴿۵۴﴾ فَاطَّلَعَ فَرَاٰهُ فِيْ سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ﴿۵۵﴾ قَالَ تَاللّٰهِ اِنْ كِدْتَّ

مُّطَّلِعُوْنَ	فَاطَّلَعَ	فَرَاٰهُ	فِيْ سَوَآءِ	الْجَحِيْمِ	قَالَ	تَاللّٰهِ	اِنْ	كِدْتَّ
جھانکنے والے ہو	تو جھانکے گا	تو دیکھے گا اسکو	درمیان میں	دوزخ کے	کہے گا	خدا کی قسم	بیشک	قریب تھا توکہ

دیکھو گے؟ پھر جھانکا تو اسے بھڑکتی آگ کے بیچ میں دیکھا۔ کہا خدا کی قسم قریب تھا کہ تو

لَتُرْدِيْنِ ۙ﴿۵۶﴾ وَلَوْلَا نِعْمَةُ رَبِّيْ لَكُنْتُ مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ ﴿۵۷﴾ اَفَمَا نَحْنُ

لَتُرْدِيْنِ	وَ	لَوْ	لَا	نِعْمَةُ	رَبِّيْ	لَكُنْتُ	مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ	اَفَمَا	نَحْنُ
ہلاک کرتا مجھ کو	اور	اگر	نہ	احسان ہوتا	میرے رب کا	تو ہوتا میں	حاضر کیے ہوؤں سے	کیا پھر نہیں	ہم

مجھے ہلاک کردے۔ اور اگر میرے رب کی مہربانی نہ ہوتی تو میں بھی ان میں ہوتا جو حاضر کئے گئے ہیں۔ تو کیا اب ہم نہیں

بِمَيِّتِيْنَ ۙ﴿۵۸﴾ اِلَّا مَوْتَتَنَا الْاُوْلٰى وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ﴿۵۹﴾ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ

بِمَيِّتِيْنَ	اِلَّا	مَوْتَتَنَا	الْاُوْلٰى	وَ	مَا	نَحْنُ	بِمُعَذَّبِيْنَ	اِنَّ	هٰذَا	لَهُوَ
مرنے والے	مگر	موت ہماری	پہلی	اور	نہیں	ہم	سزادیے گئے	بیشک	یہ	البتہ ہے

مریں گے۔ اپنی پہلی موت کے سوا؟ اور ہمیں (کبھی) عذاب نہ ہو گا؟ بے شک ضرور یہی

الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۶۰﴾ لِمِثْلِ هٰذَا فَلْيَعْمَلِ الْعٰمِلُوْنَ ﴿۶۱﴾ اَذٰلِكَ خَيْرٌ نُّزُلًا

الْفَوْزُ	الْعَظِيْمُ	لِمِثْلِ هٰذَا	فَلْيَعْمَلِ	الْعٰمِلُوْنَ	اَذٰلِكَ	خَيْرٌ	نُّزُلًا
کامیابی	بڑی	مثل اس کی	چاہیے کہ عمل کریں	عمل کرنیوالے	کیا یہ	بہتر ہے	مہمانی

بڑی کامیابی ہے۔ ایسے ہی نیک اعمال کرنے والوں کو نیک اعمال کرنے چاہیں۔ تو یہ مہمانی اچھی ہے

أَمْ شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ ﴿٦٢﴾ إِنَّا جَعَلْنٰهَا فِتْنَةً لِّلظّٰلِمِيْنَ ﴿٦٣﴾ إِنَّهَا شَجَرَةٌ

أَمْ	شَجَرَةُ	الزَّقُّوْمِ	إِنَّا	جَعَلْنٰهَا	فِتْنَةً	لِّلظّٰلِمِيْنَ	إِنَّهَا	شَجَرَةٌ
یا	درخت	تھوہر کا	بیشک ہم نے	بنایا اس کو	آزمائش	ظالموں کیلئے	بیشک وہ	درخت ہے

یا تھوہر کا درخت۔ ہم نے اسے ظالموں کیلئے ایک فتنہ و عذاب بنایا ہے۔ وہ ایک درخت ہے

تَخْرُجُ فِيْٓ أَصْلِ الْجَحِيْمِ ﴿٦٤﴾ طَلْعُهَا كَأَنَّهٗ رُءُوْسُ الشَّيٰطِيْنِ ﴿٦٥﴾

تَخْرُجُ	فِيْٓ أَصْلِ	الْجَحِيْمِ	طَلْعُهَا	كَأَنَّهٗ	رُءُوْسُ	الشَّيٰطِيْنِ
نکلتا ہے	جڑ میں	دوزخ کے	اس کے پھل	گویا کہ وہ	سر ہیں	شیطانوں کے

جو دوزخ کی تہ سے نکلتا ہے۔ اس کے شگوفے ایسے ہیں جیسے شیطانوں کے سر۔

فَإِنَّهُمْ لَاٰكِلُوْنَ مِنْهَا فَمَالِـُٔوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ ﴿٦٦﴾ ثُمَّ إِنَّ لَهُمْ عَلَيْهَا لَشَوْبًا

فَإِنَّهُمْ	لَاٰكِلُوْنَ	مِنْهَا	فَمَالِـُٔوْنَ	مِنْهَا	الْبُطُوْنَ	ثُمَّ	إِنَّ	لَهُمْ	عَلَيْهَا	لَشَوْبًا
بیشک وہ	کھانیوالے ہیں	اس سے	تو بھرنیوالے ہیں	اس سے	پیٹ	پھر	بیشک	ان کیلئے	اس پر	البتہ ملونی ہے

پس بے شک وہ اس سے کھائیں گے پھر اس سے پیٹ بھریں گے۔ پھر بے شک ان کیلئے اس پر کھولتے

مِّنْ حَمِيْمٍ ﴿٦٧﴾ ثُمَّ إِنَّ مَرْجِعَهُمْ لَإِلَى الْجَحِيْمِ ﴿٦٨﴾ إِنَّهُمْ أَلْفَوْا اٰبَآءَهُمْ

مِّنْ حَمِيْمٍ	ثُمَّ	إِنَّ	مَرْجِعَهُمْ	لَإِلَى	الْجَحِيْمِ	إِنَّهُمْ	أَلْفَوْا	اٰبَآءَهُمْ
کھولتے پانی کی	پھر	بیشک	ان کا لوٹنا ہے	طرف	دوزخ کی	بیشک انہوں نے	پایا	باپوں اپنے کو

پانی کی آمیزش ہے۔ پھر انکی بازگشت ضرور بھڑکتی آگ کیطرف ہے۔ انہوں نے اپنے باپ دادا کو

ضَآلِّيْنَ ﴿٦٩﴾ فَهُمْ عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ يُهْرَعُوْنَ ﴿٧٠﴾ وَلَقَدْ ضَلَّ قَبْلَهُمْ أَكْثَرُ

ضَآلِّيْنَ	فَهُمْ	عَلٰٓى	اٰثٰرِهِمْ	يُهْرَعُوْنَ	وَ	لَقَدْ	ضَلَّ	قَبْلَهُمْ	أَكْثَرُ
گمراہ	تو وہ	اوپر	قدموں انکے کے	دوڑتے ہیں	اور	بیشک	گمراہ ہوئے	ان سے پہلے	اکثر

گمراہ پایا۔ اور اب ان ہی کے آثار قدم پر اندھا دھند بھاگے جا رہے ہیں۔ اور بیشک ان سے قبل اکثر پہلے

الْاَوَّلِيْنَ ﴿۷۱﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا فِيْهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ﴿۷۲﴾ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ

الْاَوَّلِيْنَ	وَ	لَقَدْ	اَرْسَلْنَا	فِيْهِمْ	مُّنْذِرِيْنَ	فَانْظُرْ	كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ
پہلے لوگ	اور	بیشک	بھیجے ہم نے	ان میں	ڈرانے والے	تو دیکھو	کیسا ہوا	ہوا	انجام

لوگ گمراہ ہو گئے۔ اور یقیناً ہم نے ان میں ڈر سنانے والے (رسول) بھیجے۔ تو دیکھو ڈرائے جانے والوں کا

الْمُنْذَرِيْنَ ﴿۷۳﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۷۴﴾ وَلَقَدْ نَادٰىنَا نُوْحٌ فَلَنِعْمَ

الْمُنْذَرِيْنَ	اِلَّا	عِبَادَ	اللّٰهِ	الْمُخْلَصِيْنَ	وَ	لَقَدْ	نَادٰىنَا	نُوْحٌ	فَلَنِعْمَ
ڈرائے ہوؤں کا	مگر	بندے	اللہ کے	خالص	اور	بیشک	پکارا ہم کو	نوح نے	تو ہم کیا ہی اچھے ہیں

کیسا انجام ہوا۔ مگر اللہ کے چنے ہوئے بندے۔ اور نوح علیہ السلام نے ہمیں پکارا پھر ہم کتنے اچھے

الْمُجِيْبُوْنَ ﴿۷۵﴾ وَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿۷۶﴾ وَجَعَلْنَا

الْمُجِيْبُوْنَ	وَ	نَجَّيْنٰهُ	وَ	اَهْلَهٗ	مِنَ الْكَرْبِ	الْعَظِيْمِ	وَجَعَلْنَا
قبول فرمانیوالے	اور	نجات دی ہم نے اسکو	اور	اسکے گھر والوں کو	سختی سے	بڑی	اور بنایا ہم نے

جواب دینے والے ہیں۔ اور ہم نے انہیں اور ان کے گھر والوں کو بڑی گھبراہٹ سے بچا لیا۔ اور ہم نے ان کی

ذُرِّيَّتَهٗ هُمُ الْبٰقِيْنَ ﴿۷۷﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿۷۸﴾ سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِي

ذُرِّيَّتَهٗ	هُمُ	الْبٰقِيْنَ	وَتَرَكْنَا	عَلَيْهِ	فِي	الْاٰخِرِيْنَ	سَلٰمٌ	عَلٰى	نُوْحٍ	فِي
اسکی اولاد کو	وہی	باقی رہنے والے	اور چھوڑا ہم نے	اس پر	میں	پچھلوں کے	سلام ہو	اوپر	نوح کے	میں

اولاد ہی کو باقی رکھا۔ اور پیچھے آنے والوں میں ہم نے ان کا ذکر خیر چھوڑا۔ سلام ہیں نوح علیہ السلام پر

الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۹﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۸۰﴾ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۸۱﴾

الْعٰلَمِيْنَ	اِنَّا	كَذٰلِكَ	نَجْزِي	الْمُحْسِنِيْنَ	اِنَّهٗ	مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ
جہانوں کے	بیشک ہم	اسی طرح	بدلہ دیتے ہیں	نیکوں کو	بیشک وہ	ہمارے مومن بندوں میں سے ہے

جہاں والوں میں۔ بے شک ہم ایسا ہی صلہ دیتے ہیں نیک لوگوں کو۔ وہ ہمارے مؤمن بندوں میں سے ہے۔

ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِیْنَ ﴿۸۲﴾ وَ اِنَّ مِنْ شِیْعَتِهٖ لَاِبْرٰهِیْمَ ﴿۸۳﴾ اِذْ جَآءَ

ثُمَّ	اَغْرَقْنَا	الْاٰخَرِیْنَ	وَ	اِنَّ	مِنْ شِیْعَتِهٖ	لَاِبْرٰهِیْمَ	اِذْ	جَآءَ	رَبَّهٗ
پھر	ہم نے غرق کیا	پچھلوں کو	اور	پھر	اس گروہ سے	ابراہیم ہے	جب	لایا	اپنے رب کے پاس

پھر ہم نے باقی دوسروں کو ڈبو دیا۔ اور بے شک ابراہیم علیہ السلام اسی پیغمبروں کے گروہ میں سے ہیں۔ جب وہ نہایت

رَبَّهٗ بِقَلْبٍ سَلِیْمٍ ﴿۸۴﴾ اِذْ قَالَ لِاَبِیْهِ وَ قَوْمِهٖ مَاذَا تَعْبُدُوْنَ ﴿۸۵﴾ ج

بِقَلْبٍ	سَلِیْمٍ	اِذْ	قَالَ	لِاَبِیْهِ	وَ قَوْمِهٖ	مَاذَا	تَعْبُدُوْنَ
دل	سلامتی والا	جب	فرمایا	اپنے باپ کو	اور اپنی قوم کو	کیا	پوجتے ہو تم

پاکیزہ دل کے ساتھ اپنے رب کے حضور حاضر ہوئے۔ جب انہوں نے اپنے باپ اور اپنی قوم سے فرمایا تم کیا پوجتے ہو۔

اَىِٕفْكًا اٰلِهَةً دُوْنَ اللّٰهِ تُرِیْدُوْنَ ﴿۸۶﴾ ط فَمَا ظَنُّكُمْ بِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۸۷﴾ فَنَظَرَ

اَىِٕفْكًا	اٰلِهَةً	دُوْنَ	اللّٰهِ	تُرِیْدُوْنَ	فَمَا	ظَنُّكُمْ	بِرَبِّ	الْعٰلَمِیْنَ	فَنَظَرَ
کیا جھوٹے	خدا	سوا	اللہ کے	چاہتے ہو	تو کیا	خیال ہے تمہارا	رب	جہانوں کے متعلق	تو دیکھا اس نے

کیا بہتان باندھ کر اللہ کے سوا اور خدا چاہتے ہو۔ پھر تمہارا رب کائنات کے متعلق کیا خیال ہے؟ پھر اس نے

نَظْرَةً فِی النُّجُوْمِ ﴿۸۸﴾ لا فَقَالَ اِنِّیْ سَقِیْمٌ ﴿۸۹﴾ فَتَوَلَّوْا عَنْهُ مُدْبِرِیْنَ ﴿۹۰﴾

نَظْرَةً	فِی النُّجُوْمِ	فَقَالَ	اِنِّیْ	سَقِیْمٌ	فَتَوَلَّوْا	عَنْهُ	مُدْبِرِیْنَ
ایک بار	ستاروں میں	تو کہا	بیشک میں	بیمار ہوں	تو پھر گئے	اس سے	پیٹھ دے کر

ستاروں پر ایک نگاہ ڈالی۔ تو فرمایا بے شک میں بیمار ہونے والا ہوں۔ تو وہ ان سے پیٹھ پھیر کر چلے گئے۔

فَرَاغَ اِلٰۤى اٰلِهَتِهِمْ فَقَالَ اَلَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۹۱﴾ ج مَا لَكُمْ لَا تَنْطِقُوْنَ ﴿۹۲﴾ فَرَاغَ

فَرَاغَ	اِلٰى	اٰلِهَتِهِمْ	فَقَالَ	اَلَا	تَاْكُلُوْنَ	مَا	لَكُمْ	لَا	تَنْطِقُوْنَ	فَرَاغَ
تو چلا	طرف	انکے معبودوں کے	تو کہا	کیوں نہیں	تم کھاتے	کیا ہے	تم کو	نہیں	بولتے تم	مائل ہوا

پھر ان کے خداؤں کی طرف چھپ کر چلے تو فرمایا تم کیوں نہیں کھاتے ہو۔ تمہیں کیا ہوا کہ نہیں بولتے۔ پھر وہ

عَلَيْهِمْ ضَرْبًا بِالْيَمِيْنِ ﴿۹۳﴾ فَاَقْبَلُوْٓا اِلَيْهِ يَزِفُّوْنَ ﴿۹۴﴾ قَالَ اَتَعْبُدُوْنَ مَا

مَا	اَتَعْبُدُوْنَ	قَالَ	يَزِفُّوْنَ	اِلَيْهِ	فَاَقْبَلُوْٓا	بِالْيَمِيْنِ	ضَرْبًا	عَلَيْهِمْ
جو کچھ	کیا پوجتے ہو	فرمایا	دوڑتے	اسکی طرف	تو آئے	دائیں ہاتھ سے	مارتے ہوئے	ان پر

داہنے ہاتھ سے انہیں ضربیں لگانے لگے۔ تب وہ ان کے پاس بھاگے ہوئے آئے۔ ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا کیا تم ان بتوں کو

تَنْحِتُوْنَ ﴿۹۵﴾ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۶﴾ قَالُوا ابْنُوْا لَهٗ بُنْيَانًا فَاَلْقُوْهُ

فَاَلْقُوْهُ	بُنْيَانًا	لَهٗ	ابْنُوْا	قَالُوا	تَعْمَلُوْنَ	مَا	وَ	خَلَقَكُمْ	اللّٰهُ	وَ	تَنْحِتُوْنَ
توڑالواسکو	ایک عمارت	اس کیلئے	بناؤ	بولے	تم کرتے ہو	جو	اور	پیدا کیا تم کو	اللہ نے	اور	تراشتے ہو تم

پوجتے ہو جنہیں خود تراشتے ہو۔ حالانکہ تمہیں اور تمہارے سب کاموں کو اللہ ہی نے پیدا فرمایا۔ بولے اس کیلئے ایک عمارت بناؤ

فِي الْجَحِيْمِ ﴿۹۷﴾ فَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَسْفَلِيْنَ ﴿۹۸﴾ وَقَالَ اِنِّيْ

اِنِّيْ	قَالَ	وَ	الْاَسْفَلِيْنَ	فَجَعَلْنٰهُمُ	كَيْدًا	بِهٖ	فَاَرَادُوْا	فِي الْجَحِيْمِ
بیشک میں	کہا	اور	ذلیل	کر دیا ہم نے ان کو	تدبیر کرنا	اسکے ساتھ	تو چاہا انہوں نے	بھڑکتی آگ میں

پھر اسے بھڑکتی آگ میں ڈال دو۔ تو انہوں نے ان کے خلاف ایک چال چلنا چاہی ہم نے انہیں نیچا دکھا دیا۔ اور فرمایا میں اپنے

ذَاهِبٌ اِلٰى رَبِّيْ سَيَهْدِيْنِ ﴿۹۹﴾ رَبِّ هَبْ لِيْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۰۰﴾

مِنَ الصّٰلِحِيْنَ	لِيْ	هَبْ	رَبِّ	سَيَهْدِيْنِ	رَبِّيْ	اِلٰى	ذَاهِبٌ
نیک لڑکا	مجھ کو	عنایت کر	اے میرے رب	وہ جلدی مجھ کو راہ دکھائے گا	اپنے رب کی	طرف	جانے والا ہوں

رب کی طرف جا رہا ہوں وہ مجھے راہ دکھائے گا۔ اے میرے رب! مجھے ایک صالح (بچہ) عطا فرما۔

فَبَشَّرْنٰهُ بِغُلٰمٍ حَلِيْمٍ ﴿۱۰۱﴾ فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْيَ قَالَ يٰبُنَيَّ اِنِّيْٓ اَرٰى

اَرٰى	اِنِّيْٓ	يٰبُنَيَّ	قَالَ	السَّعْيَ	مَعَهُ	بَلَغَ	فَلَمَّا	حَلِيْمٍ	بِغُلٰمٍ	فَبَشَّرْنٰهُ
دیکھا ہے	بیشک میں نے	اے میرے بیٹے	کہا	بھاگ دوڑ کو	اسکے ساتھ	پہنچا	تو جب	بردبار	لڑکے کی	تو ہم نے بشارت دی اسے

تو ہم نے انہیں حلم والے لڑکے کی بشارت دی۔ تو جب وہ (صاحبزادے) ابراہیم علیہ السلام کے ساتھ چلنے پھرنے کی عمر کو پہنچے فرمایا

فِی الْمَنَامِ اَنِّیْٓ اَذْبَحُكَ فَانْظُرْ مَاذَا تَرٰی ؕ قَالَ یٰٓاَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ ز

فِی الْمَنَامِ	اَنِّیْٓ	اَذْبَحُكَ	فَانْظُرْ	مَاذَا	تَرٰی	قَالَ	یٰٓاَبَتِ	افْعَلْ	مَا	تُؤْمَرُ
خواب میں	کہ میں	تجھے ذبح کرتا ہوں	تو تو دیکھ	کیا	خیال ہے	بولا	اے میرے باپ	کر	جو	حکم دیا جائے تو

اے میرے بیٹے! بے شک میں نے خواب میں دیکھا کہ میں تمہیں ذبح کر رہا ہوں تو (اب) تم غور کرلو تمہاری کیا رائے ہے (بیٹے نے) عرض کی اے

سَتَجِدُنِیْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِیْنَ ﴿۱۰۲﴾ فَلَمَّآ اَسْلَمَا وَتَلَّهٗ

سَتَجِدُنِیْٓ	اِنْ	شَآءَ	اللّٰهُ	مِنَ الصّٰبِرِیْنَ	فَلَمَّآ	اَسْلَمَا	وَ	تَلَّهٗ
جلدی پائیگا مجھے	اگر	چاہے	اللہ	صابروں سے	تو جب	فرمانبردار ہوگئے	اور	لٹایا اسکو

میرے باپ جان! آپ کیجئے وہ کام جس کا آپ کو حکم دیا گیا ہے انشاءاللہ عنقریب آپ مجھے صبر کرنے والوں میں سے پائیں گے۔ تو جب ان دونوں

لِلْجَبِیْنِ ﴿۱۰۳﴾ ج وَنَادَیْنٰهُ اَنْ یّٰٓاِبْرٰهِیْمُ ﴿۱۰۴﴾ لا قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْیَا ج اِنَّا كَذٰلِكَ

لِلْجَبِیْنِ	وَ	نَادَیْنٰهُ	اَنْ	یّٰٓاِبْرٰهِیْمُ	قَدْ	صَدَّقْتَ	الرُّءْیَا	اِنَّا	كَذٰلِكَ
پیشانی کے بل	اور	آواز دی ہم نے اسکو	یہ کہ	اے ابراہیم	بیشک	تو نے سچ کر دکھایا	خواب کو	بیشک ہم	اس طرح

نے ہمارے حکم پر گردن جھکادی اور باپ نے بیٹے کو ماتھے کے بل لٹایا۔ اور ہم نے ندا فرمائی کہ اے ابراہیم علیہ السلام۔ تو نے خواب سچ کر

نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۱۰۵﴾ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْبَلٰٓؤُا الْمُبِیْنُ ﴿۱۰۶﴾ وَفَدَیْنٰهُ بِذِبْحٍ

نَجْزِی	الْمُحْسِنِیْنَ	اِنَّ	هٰذَا	لَهُوَ	الْبَلٰٓؤُا	الْمُبِیْنُ	وَ	فَدَیْنٰهُ	بِذِبْحٍ
بدلہ دیتے ہیں	نیکوں کو	بیشک	یہ	وہ ہے	امتحان	کھلا	اور	فدیہ ہم نے اسکا دیا	قربانی

دکھایا نیکی کرنے والوں کو ہم اسی طرح صلہ دیا کرتے ہیں۔ بے شک یہی تو کھلی آزمائش تھی۔ اور ہم نے بہت بڑی قربانی ان کے

عَظِیْمٍ ﴿۱۰۷﴾ وَتَرَكْنَا عَلَیْهِ فِی الْاٰخِرِیْنَ ﴿۱۰۸﴾ صلے سَلٰمٌ عَلٰٓی اِبْرٰهِیْمَ ﴿۱۰۹﴾

عَظِیْمٍ	وَ	تَرَكْنَا	عَلَیْهِ	فِیْ	الْاٰخِرِیْنَ	سَلٰمٌ	عَلٰی	اِبْرٰهِیْمَ
بڑی سے	اور	چھوڑا ہم نے	اس پر	میں	پچھلوں	سلام ہو	اوپر	ابراہیم کے

فدیہ میں دے دی۔ اور پیچھے آنے والوں میں ہم نے ان کا ذکر جمیل باقی رکھا۔ سلام ہو ابراہیم پر۔

كَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۱۰﴾ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۱﴾

مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ	اِنَّهٗ	الْمُحْسِنِيْنَ	نَجْزِى	كَذٰلِكَ
ہمارے مومن بندوں میں سے ہے	بیشک وہ	نیکوں کو	بدلہ دیتے ہیں ہم	ایسا ہی

ہم ایسا ہی صلہ دیتے ہیں نیک لوگوں کو۔ بے شک وہ ہمارے مؤمن بندوں میں سے ہے۔

وَبَشَّرْنٰهُ بِاِسْحٰقَ نَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۱۲﴾ وَبٰرَكْنَا عَلَيْهِ وَعَلٰٓى

عَلٰٓى	وَ	عَلَيْهِ	وَبٰرَكْنَا	مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ	نَبِيًّا	بِاِسْحٰقَ	بَشَّرْنٰهُ	وَ
اوپر	اور	اسے	اور برکت دی ہم نے	نیک لوگوں میں سے	وہ غیب کی خبریں بتانیوالے نبی	اسحاق کی	خوشخبری دی ہم نے اسکو	اور

اور ہم نے انہیں ایک غیب کی خبریں بتانے والے نبی اسحاق علیہ السلام کی بشارت دی۔ اور ہم نے ابراہیم علیہ السلام اور اسحاق علیہ السلام پر بہت

اِسْحٰقَ ؕ وَمِنْ ذُرِّيَّتِهِمَا مُحْسِنٌ وَّظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ مُبِيْنٌ ﴿۱۱۳﴾ ع وَلَقَدْ

لَقَدْ	وَ	مُبِيْنٌ	لِّنَفْسِهٖ	ظَالِمٌ	وَّ	مُحْسِنٌ	مِنْ ذُرِّيَّتِهِمَا	وَ	اِسْحٰقَ
بیشک	اور	کھلے	اپنی جان کے	کچھ ظالم	اور	کچھ نیک ہیں	ان کی اولاد سے	اور	اسحاق کے

برکتیں فرمائیں اور ان کی اولاد میں سے کچھ نیک لوگ ہیں اور کچھ اپنی جانوں پر کھلا ظلم کرنے والے۔ اور بے شک ہم نے

مَنَنَّا عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۱۱۴﴾ ج وَنَجَّيْنٰهُمَا وَقَوْمَهُمَا مِنَ الْكَرْبِ

مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ	قَوْمَهُمَا	وَ	نَجَّيْنٰهُمَا	وَ	هٰرُوْنَ	وَ	مُوْسٰى	عَلٰى	مَنَنَّا
بڑی مصیبت سے	ان کی قوم کو	اور	نجات دی ہم نے انکو	اور	ہارون کے	اور	موسیٰ	اوپر	ہم نے احسان فرمایا

احسان فرمایا موسیٰ علیہ السلام اور ہارون علیہ السلام پر۔ اور انہیں اور ان کی قوم کو بڑی تکلیف سے

الْعَظِيْمِ ﴿۱۱۵﴾ ج وَنَصَرْنٰهُمْ فَكَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿۱۱۶﴾ ج وَاٰتَيْنٰهُمَا الْكِتٰبَ

الْكِتٰبَ	اٰتَيْنٰهُمَا	وَ	الْغٰلِبِيْنَ	هُمُ	فَكَانُوْا	نَصَرْنٰهُمْ	وَ
کتاب	عطا فرمائی ہم نے انکو	اور	غالب	وہی	تو ہوئے	ہم نے انکی مدد کی	اور

نجات بخشی۔ اور ان کی ہم نے مدد فرمائی تو وہی غالب ہوئے۔ اور انہیں روشن

الْمُسْتَبِيْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَهَدَيْنٰهُمَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ﴿۱۱۸﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِمَا فِي

فِي	عَلَيْهِمَا	تَرَكْنَا	وَ	الْمُسْتَقِيْمَ	الصِّرَاطَ	وَهَدَيْنٰهُمَا	الْمُسْتَبِيْنَ
میں	ان پر	چھوڑا ہم نے	اور	سیدھی	راہ	اور دکھائی ہم نے انکو	روشن

کتاب دی۔ اور سیدھے راستے کی طرف ان کی رہنمائی کی۔ اور پیچھے آنے والوں میں ہم نے ان دونوں کا

الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ سَلٰمٌ عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۱۲۰﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي

نَجْزِي	كَذٰلِكَ	اِنَّا	هٰرُوْنَ	وَ	مُوْسٰى	عَلٰى	سَلٰمٌ	الْاٰخِرِيْنَ
بدلہ دیتے ہیں	اسی طرح	بیشک ہم	ہارون کے	اور	موسیٰ	اوپر	سلام ہو	پچھلوں

ذکر خیر چھوڑا۔ موسیٰ علیہ السلام اور ہارون علیہ السلام پر سلام ہو۔ بے شک ہم ایسا ہی صلہ دیتے ہیں

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۲۱﴾ اِنَّهُمَا مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَاِنَّ اِلْيَاسَ

لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ	اِلْيَاسَ	وَاِنَّ	مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ	اِنَّهُمَا	الْمُحْسِنِيْنَ
پیغمبروں میں سے ہیں	الیاس	اور بیشک	ہمارے مومن بندوں میں سے ہیں	بیشک وہ دونوں	نیکوں کو

نیکی کرنے والوں کو بے شک وہ دونوں ہمارے مومن بندوں میں سے تھے۔ اور الیاس علیہ السلام بھی

لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۲۳﴾ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۲۴﴾ اَتَدْعُوْنَ بَعْلًا وَّتَذَرُوْنَ

تَذَرُوْنَ	وَ	بَعْلًا	اَتَدْعُوْنَ	تَتَّقُوْنَ	اَلَا	لِقَوْمِهٖ	قَالَ	اِذْ
چھوڑتے ہو	اور	بعل کو	کیا پکارتے ہو	ڈرتے تم	کیا نہیں	اپنی قوم کو	فرمایا	جب

پیغمبروں میں سے تھے۔ جب انہوں نے اپنی قوم سے فرمایا کیا تم ڈرتے نہیں؟ کیا بعل (نامی بت) کی عبادت کرتے ہو

اَحْسَنَ الْخَالِقِيْنَ ﴿۱۲۵﴾ اللّٰهَ رَبَّكُمْ وَرَبَّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۲۶﴾ فَكَذَّبُوْهُ

فَكَذَّبُوْهُ	اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ	رَبَّ	وَ	رَبَّكُمْ	اللّٰهَ	الْخَالِقِيْنَ	اَحْسَنَ
تو جھٹلایا اسکو	تمہارے پہلے باپ دادا کا	رب ہے	اور	رب ہے تمہارا	اللہ کو	پیدا کرنے والے	بہترین

اور سب سے بہتر خالق کو چھوڑتے ہو۔ اللہ کو جو تمہارا اور تمہارے پہلے باپ دادا کا رب ہے۔ پھر انہوں نے اسے جھٹلایا تو وہ

فَاِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ﴿۱۲۷﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۱۲۸﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ

فَاِنَّهُمْ	لَمُحْضَرُوْنَ	اِلَّا	عِبَادَ	اللّٰهِ	الْمُخْلَصِيْنَ	وَ	تَرَكْنَا	عَلَيْهِ
تو وہی ہوئے	حاضر کیے گئے	مگر	بندے	اللہ کے	چنے ہوئے	اور	چھوڑا ہم نے	اس پر

ضرور حاضر کر دیے جائیں گے۔ سوائے اللہ کے چنے ہوئے بندے کے۔ اور ہم نے پیچھے آنے والوں میں

فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۲۹﴾ سَلٰمٌ عَلٰٓى اِلْ يَاسِيْنَ ﴿۱۳۰﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي

فِي	الْاٰخِرِيْنَ	سَلٰمٌ	عَلٰٓى	اِلْ يَاسِيْنَ	اِنَّا	كَذٰلِكَ	نَجْزِي
میں	پچھلوں	سلام ہو	اوپر	الیاس کے	بیشک ہم	اسی طرح	بدلہ دیتے ہیں

ان کیلئے اس کی تعریف چھوڑ دی۔ الیاس پر سلام ہو۔ بے شک ہم نیکی کرنے والوں کو اسیطرح

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۳۱﴾ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳۲﴾ وَاِنَّ لُوْطًا لَّمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۳۳﴾

الْمُحْسِنِيْنَ	اِنَّهٗ	مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ	وَ	اِنَّ	لُوْطًا	لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ
نیکوں کو	بیشک وہ	ہمارے مومن بندوں سے ہے	اور	بیشک	لوط	پیغمبروں میں سے ہے

جزا دیتے ہیں۔ بے شک وہ ہمارے (کامل) ایمان والے بندوں میں سے ہیں۔ اور بے شک لوط علیہ السلام پیغمبروں میں سے ہے

اِذْ نَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗٓ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۳۴﴾ اِلَّا عَجُوْزًا فِي الْغٰبِرِيْنَ ﴿۱۳۵﴾

اِذْ	نَجَّيْنٰهُ	وَ	اَهْلَهٗ	اَجْمَعِيْنَ	اِلَّا	عَجُوْزًا	فِي الْغٰبِرِيْنَ
جب	نجات دی ہم نے اسکو	اور	اسکے گھر والوں کو	سب کو	مگر	ایک بڑھیا	پچھلوں میں

جب کہ ہم نے انہیں اور ان کے سب گھر والوں کو نجات بخشی۔ سوائے پیچھے رہنے والوں

ثُمَّ دَمَّرْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿۱۳۶﴾ وَاِنَّكُمْ لَتَمُرُّوْنَ عَلَيْهِمْ مُّصْبِحِيْنَ ﴿۱۳۷﴾

ثُمَّ	دَمَّرْنَا	الْاٰخَرِيْنَ	وَ	اِنَّكُمْ	لَتَمُرُّوْنَ	عَلَيْهِمْ	مُّصْبِحِيْنَ
پھر	ہلاک کیا ہم نے	دوسروں کو	اور	بیشک تم	گزرتے ہو	ان پر	صبح

عَلٰى	كُلِّ	قَلْبِ	مُتَكَبِّرٍ	جَبَّارٍ	وَ	قَالَ	فِرْعَوْنُ	يٰهَامٰنُ	ابْنِ	لِيْ
اوپر	ہر	دل	متکبر کے	سخت گیر کے	اور	بولا	فرعون	اے ہامان	بنا	میرے لیے

اسی طرح اللہ مہر لگا دیتا ہے مغرور سرکش کے دل پر۔ اور فرعون نے کہا اے ہامان! میرے لئے

صَرْحًا لَّعَلِّيْٓ اَبْلُغُ الْاَسْبَابَ ۝۳۶ اَسْبَابَ السَّمٰوٰتِ فَاَطَّلِعَ

صَرْحًا	لَّعَلِّيْٓ	اَبْلُغُ	الْاَسْبَابَ	اَسْبَابَ	السَّمٰوٰتِ	فَاَطَّلِعَ
محل	تاکہ میں	پہنچوں	راہوں پر	راستے	آسمانوں کے	تو میں جھانکوں

ایک بلند عمارت بنا تاکہ میں راستوں کو پہنچ جاؤں۔ (یعنی) آسمانوں کے راستوں پر پھر میں موسیٰ علیہ السلام کے

اِلٰٓى اِلٰهِ مُوْسٰى وَاِنِّىْ لَاَظُنُّهٗ كَاذِبًا ۭ وَكَذٰلِكَ زُيِّنَ لِفِرْعَوْنَ

اِلٰٓى	اِلٰهِ	مُوْسٰى	وَ	اِنِّىْ	لَاَظُنُّهٗ	كَاذِبًا	وَ	كَذٰلِكَ	زُيِّنَ	لِفِرْعَوْنَ
طرف	خدا	موسیٰ کے	اور	بیشک میں	اسے خیال کرتا ہوں	جھوٹا	اور	اسی طرح	زینت دی گئی	فرعون کیلئے

خدا کو جھانک کر دیکھ سکوں اور میں تو اسے جھوٹا ہی سمجھتا ہوں اور اس طرح فرعون کیلئے اس کی

سُوْٓءُ عَمَلِهٖ وَصُدَّ عَنِ السَّبِيْلِ ۭ وَمَا كَيْدُ فِرْعَوْنَ اِلَّا فِيْ تَبَابٍ ۳۷ ع

سُوْٓءُ	عَمَلِهٖ	وَ	صُدَّ	عَنِ السَّبِيْلِ	وَ	مَا	كَيْدُ	فِرْعَوْنَ	اِلَّا	فِيْ تَبَابٍ
برے	عمل اس کے	اور	روکا گیا	راہ سے	اور	نہیں	مکر	فرعون کا	مگر	ہلاکت میں

بدعملی خوشنما کردی گئی اور وہ (اللہ کی) راہ سے روک دیا گیا اور فرعون کی پرفریب تدبیر محض ہلاکت ہی میں تھی۔

وَقَالَ الَّذِيْٓ اٰمَنَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوْنِ اَهْدِكُمْ سَبِيْلَ الرَّشَادِ ۳۸ ج يٰقَوْمِ

وَ	قَالَ	الَّذِيْٓ	اٰمَنَ	يٰقَوْمِ	اتَّبِعُوْنِ	اَهْدِكُمْ	سَبِيْلَ	الرَّشَادِ	يٰقَوْمِ
اور	بولا	وہ جو کہ	ایمان لایا تھا	اے میری قوم	میری پیروی کرو	راہ دکھاؤں تم کو	راستہ	بھلائی کا	اے میری قوم

اور وہ ایمان والا بولا اے میری قوم! میرے پیچھے چلو میں تمہیں بھلائی کی راہ بتاؤں۔ اے میری قوم!

اِنَّمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا مَتَاعٌ ۡ وَّاِنَّ الْاٰخِرَةَ هِيَ دَارُ الْقَرَارِ ۳۹

اِنَّمَا	هٰذِهِ	الْحَيٰوةُ	الدُّنْيَا	مَتَاعٌ	وَّ	اِنَّ	الْاٰخِرَةَ	هِيَ	دَارُ	الْقَرَارِ
اسکے سوا نہیں کہ	یہ	زندگی	دنیا کی	(تھوڑا) فائدہ ہے	اور	بیشک	آخرت کا	یہ	گھر ہے	رہنے کا

دنیا کی یہ زندگی تو صرف سازوسامان ہے اور آخرت ہی ٹھہرنے کا گھر ہے۔

مَنْ عَمِلَ سَيِّئَةً فَلَا يُجْزٰٓى اِلَّا مِثْلَهَا ۚ وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا

مَنْ	عَمِلَ	سَيِّئَةً	فَلَا	يُجْزٰٓى	اِلَّا	مِثْلَهَا	وَ	مَنْ	عَمِلَ	صَالِحًا
جس نے	عمل کیا	برا	نہ	دیا جائیگا بدلہ	مگر	اسی جیسا	اور	جو کوئی	عمل کرے	اچھا

جس نے برا عمل کیا اسے اسی کی مانند جزا دی جائے گی اور جس مرد یا عورت

مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ

مِّنْ ذَكَرٍ	اَوْ	اُنْثٰى	وَ	هُوَ	مُؤْمِنٌ	فَاُولٰٓئِكَ	يَدْخُلُوْنَ	الْجَنَّةَ
مرد ہو	یا	عورت ہو	اور	وہ ہو	مومن	تو یہی لوگ	داخل ہونگے	جنت میں

نے درست عمل کیا اور وہ مومن بھی ہوا تو وہی لوگ جنت میں داخل ہوں گے

يُرْزَقُوْنَ فِيْهَا بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۴۰﴾ وَيٰقَوْمِ مَا لِيْٓ اَدْعُوْكُمْ

يُرْزَقُوْنَ	فِيْهَا	بِغَيْرِ	حِسَابٍ	وَ	يٰقَوْمِ	مَا لِيْٓ	اَدْعُوْكُمْ
وہ رزق دیئے جائینگے	اس میں	بے	حساب	اور	اے میری قوم	کیا ہوا مجھے	میں بلاتا ہوں تمہیں

جہاں انہیں بے حساب رزق دیا جائے گا۔ اور اے میرے لوگو! مجھے کیا ہوا کہ میں تمہیں نجات کی

اِلَى النَّجٰوةِ وَتَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَى النَّارِ ﴿۴۱﴾ تَدْعُوْنَنِيْ لِاَكْفُرَ بِاللّٰهِ

اِلَى النَّجٰوةِ	وَ	تَدْعُوْنَنِيْٓ	اِلَى النَّارِ	تَدْعُوْنَنِيْ	لِاَكْفُرَ	بِاللّٰهِ
نجات کی طرف	اور	تم مجھے بلاتے ہو	آگ کی طرف	تم مجھے بلاتے ہو	کہ میں انکار کروں	اللہ کا

طرف بلاتا ہوں اور تم مجھے جہنم کی طرف بلاتے ہو۔ تم مجھے بلاتے ہو کہ میں اللہ کے ساتھ کفر کروں

وَاُشْرِكَ بِهٖ مَا لَيْسَ لِيْ بِهٖ عِلْمٌ وَّاَنَا اَدْعُوْكُمْ اِلَى الْعَزِيْزِ

وَ	اُشْرِكَ	بِهٖ	مَا	لَيْسَ	لِيْ	بِهٖ	عِلْمٌ	وَّ	اَنَا	اَدْعُوْكُمْ	اِلَى	الْعَزِيْزِ
اور	میں شریک ٹھہراؤں	اسکے ساتھ	جو	نہیں	مجھے	اس کا	کوئی علم	اور	میں	بلاتا ہوں تمہیں	طرف	غالب

اور ایسی چیز کو اللہ کا شریک ٹھہراؤں جس کا مجھے علم نہیں اور میں تمہیں بڑی عزت والے بہت بخشنے والے (رب)

الْغَفَّارِ ﴿۴۲﴾ لَا جَرَمَ اَنَّمَا تَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَيْهِ لَيْسَ لَهٗ دَعْوَةٌ فِي الدُّنْيَا

الْغَفَّارِ	لَا	جَرَمَ	اَنَّمَا	تَدْعُوْنَنِيْٓ	اِلَيْهِ	لَيْسَ	لَهٗ	دَعْوَةٌ	فِي الدُّنْيَا
بخشنے والے کے	نہیں	کوئی شک	یہ کہ	تم بلاتے ہو مجھے	اسکی طرف	نہیں	اس کیلئے	بلانا	دنیا میں

کی طرف بلاتا ہوں۔ کوئی شک نہیں کہ یقیناً جس کی طرف مجھے بلاتے ہو ایسا بلانا نہیں

وَلَا فِي الْاٰخِرَةِ وَاَنَّ مَرَدَّنَآ اِلَى اللّٰهِ وَاَنَّ الْمُسْرِفِيْنَ هُمْ

وَ	لَا	فِي الْاٰخِرَةِ	وَ	اَنَّ	مَرَدَّنَآ	اِلَى	اللّٰهِ	وَ	اَنَّ	الْمُسْرِفِيْنَ	هُمْ
اور	نہ	آخرت میں	اور	یہ کہ	پھرنا ہے ہمیں	طرف	اللہ کی	اور	یہ کہ	حد سے بڑھنے والے	وہی ہیں

کام کا نہیں دنیا میں نہ آخرت میں اور یہ ہمارا پھرنا اللہ کی طرف ہے اور یہ کہ حد سے

اَصْحٰبُ النَّارِ ﴿۴۳﴾ فَسَتَذْكُرُوْنَ مَآ اَقُوْلُ لَكُمْ ۭ وَاُفَوِّضُ

اَصْحٰبُ النَّارِ	فَسَتَذْكُرُوْنَ	مَآ	اَقُوْلُ	لَكُمْ	وَ	اُفَوِّضُ
آگ والے	سو تم جلد یاد کرو گے	جو	میں کہتا ہوں	تمہیں	اور	میں سونپتا ہوں

گزرنے والے ہی دوزخی ہیں۔ جو کچھ میں تم سے کہہ رہا ہوں جلد ہی اسے یاد کرو گے اور میں اپنے

اَمْرِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿۴۴﴾ فَوَقٰىهُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِ مَا

اَمْرِيْٓ	اِلَى	اللّٰهِ	اِنَّ	اللّٰهَ	بَصِيْرٌ	بِالْعِبَادِ	فَوَقٰىهُ	اللّٰهُ	سَيِّاٰتِ	مَا
اپنا کام	طرف	اللہ کے	بیشک	اللہ	دیکھنے والا ہے	بندوں کو	سو اسے بچا لیا	اللہ نے	برائیوں سے	جو

کام اللہ کو سونپتا ہوں بے شک اللہ بندوں کو دیکھتا ہے۔ پھر اللہ نے اسے ان کی

مَكَرُوْا وَحَاقَ بِاٰلِ فِرْعَوْنَ سُوْۗءُ الْعَذَابِ ﴿۴۵﴾ ۚ اَلنَّارُ يُعْرَضُوْنَ

مَكَرُوْا	وَ	حَاقَ	بِاٰلِ فِرْعَوْنَ	سُوْۗءُ	الْعَذَابِ	اَلنَّارُ	يُعْرَضُوْنَ
داؤ کرتے تھے	اور	گھیر لیا	فرعون والوں کو	برے	عذاب نے	آگ کے	وہ حاضر کیے جاتے ہیں

چالوں کی برائیوں سے بچا لیا اور آلِ فرعون کو برے عذاب نے گھیر لیا۔ آگ جس پر وہ

عَلَيْهَا غُدُوًّا وَّعَشِيًّا ۚ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ ۣ اَدْخِلُوْٓا اٰلَ فِرْعَوْنَ

عَلَيْهَا	غُدُوًّا	وَّ	عَشِيًّا	وَ	يَوْمَ	تَقُوْمُ	السَّاعَةُ	اَدْخِلُوْٓا	اٰلَ فِرْعَوْنَ
اس پر	صبح	اور	شام	اور	جس دن	قائم ہوگی	قیامت	داخل کرو تم	فرعون والوں کو

صبح شام پیش کیے جاتے ہیں اور جس دن قیامت قائم ہوگی (حکم ہوگا) ڈال دو

أَشَدَّ الْعَذَابِ ﴿٤٦﴾ وَإِذْ يَتَحَاجُّوْنَ فِي النَّارِ فَيَقُوْلُ

أَشَدَّ	الْعَذَابِ	وَ	إِذْ	يَتَحَاجُّوْنَ	فِي النَّارِ	فَيَقُوْلُ
شدید ترین	عذاب	اور	جب	وہ باہم جھگڑیں گے	آگ میں	تو کہیں گے

آلِ فرعون کو سخت ترین عذاب میں۔ اور جب وہ دوزخ میں آپس میں جھگڑیں گے تو

الضُّعَفٰٓؤُا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُنَّا لَكُمْ تَبَعًا فَهَلْ اَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ

الضُّعَفٰٓؤُا	لِلَّذِيْنَ	اسْتَكْبَرُوْٓا	اِنَّا	كُنَّا	لَكُمْ	تَبَعًا	فَهَلْ	اَنْتُمْ	مُّغْنُوْنَ
کمزور	ان لوگوں سے	جو بڑے بنتے تھے	بیشک	ہم تھے	تمہارے	تابع	تو کیا	تم	دور کر دو گے

کمزور لوگ تکبر کرنے والوں سے کہیں گے بے شک ہم تمہارے ہی پیروکار تھے تو کیا تم

عَنَّا نَصِيْبًا مِّنَ النَّارِ ﴿٤٧﴾ قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُلٌّ فِيْهَآ اِنَّ

عَنَّا	نَصِيْبًا	مِّنَ النَّارِ	قَالَ	الَّذِيْنَ	اسْتَكْبَرُوْٓا	اِنَّا	كُلٌّ	فِيْهَآ	اِنَّ
ہم سے	کچھ حصہ	آگ کا	کہیں گے	وہ لوگ جو	بڑے بنتے تھے	بیشک ہم	سب	اس میں ہیں	بیشک

آگ کا کوئی حصہ ہم سے دور کر سکتے ہو۔ تکبر کرنے والے کہیں گے ہم سب (اسی) آگ میں ہیں بے شک

اللّٰهَ قَدْ حَكَمَ بَيْنَ الْعِبَادِ ﴿٤٨﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ فِي النَّارِ لِخَزَنَةِ

اللّٰهَ	قَدْ	حَكَمَ	بَيْنَ	الْعِبَادِ	وَ	قَالَ	الَّذِيْنَ	فِي النَّارِ	لِخَزَنَةِ
اللہ	کر چکا	فیصلہ	درمیان	بندوں کے	اور	کہیں گے	وہ لوگ جو	آگ میں ہیں	داروغہ کو

اللہ نے بندوں کے درمیان (قطعی) فیصلہ فرما دیا ہے۔ اور جو آگ میں ہیں اس کے داروغوں سے

جَهَنَّمَ ادْعُوْا رَبَّكُمْ يُخَفِّفْ عَنَّا يَوْمًا مِّنَ الْعَذَابِ ﴿٤٩﴾ قَالُوْٓا

جَهَنَّمَ	ادْعُوْا	رَبَّكُمْ	يُخَفِّفْ	عَنَّا	يَوْمًا	مِّنَ الْعَذَابِ	قَالُوْٓا
جہنم کے	تم دعا کرو	اپنے رب سے	ہلکا کر دے	ہم سے	ایک دن	عذاب سے	وہ کہیں گے

کہیں گے اپنے رب سے دعا کرو ہم پر عذاب کا ایک دن ہلکا کر دے۔ وہ کہیں گے کیا

اَوَلَمْ تَكُ تَاْتِيْكُمْ رُسُلُكُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ؕ قَالُوْا بَلٰى ؕ قَالُوْا فَادْعُوْا ۚ

اَوَلَمْ	تَكُ	تَاْتِيْكُمْ	رُسُلُكُمْ	بِالْبَيِّنٰتِ	قَالُوْا	بَلٰى	قَالُوْا	فَادْعُوْا
کیا نہیں	تھے	آئے تمہارے پاس	تمہارے رسول	نشانیوں کیساتھ	وہ کہیں گے	ہاں	وہ کہیں گے	تو تم پکارو

تمہارے پاس تمہارے رسول روشن نشانیاں نہیں لائے تھے وہ کہیں گے کیوں نہیں پھر تم ہی دعا کرو

ع ۵ ۱۳ ۱۰

وَمَا دُعٰٓؤُا الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ﴿۵۰﴾ اِنَّا لَنَنْصُرُ رُسُلَنَا وَالَّذِيْنَ

وَ	مَا	دُعٰٓؤُا	الْكٰفِرِيْنَ	اِلَّا	فِيْ ضَلٰلٍ	اِنَّا	لَنَنْصُرُ	رُسُلَنَا	وَالَّذِيْنَ
اور	نہ	پکارتے	کافر	مگر	گمراہی میں	بیشک ہم	ضرور مدد کرتے ہیں	اپنے رسولوں کی	اور ان کی جو

اور کافروں کی دعا تو اکارت ہی جانے والی ہے۔ بے شک ہم اپنے رسولوں اور ایمان والوں

اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيَوْمَ يَقُوْمُ الْاَشْهَادُ ﴿۵۱﴾ لا يَوْمَ لَا يَنْفَعُ

اٰمَنُوْا	فِيْ	الْحَيٰوةِ	الدُّنْيَا	وَيَوْمَ	يَقُوْمُ	الْاَشْهَادُ	يَوْمَ	لَا	يَنْفَعُ
ایمان لائے	میں	زندگی	دنیا کے	اور جس دن	کھڑے ہونگے	گواہ	وہ دن	نہ	نفع دے کا

کو ضرور مدد دیں گے دنیا کی زندگی میں بھی اور اس دن بھی جب گواہ کھڑے ہوں گے۔ جس دن ظالموں کو

الظّٰلِمِيْنَ مَعْذِرَتُهُمْ وَلَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ ﴿۵۲﴾ وَلَقَدْ

الظّٰلِمِيْنَ	مَعْذِرَتُهُمْ	وَ	لَهُمُ	اللَّعْنَةُ	وَ	لَهُمْ	سُوْٓءُ	الدَّارِ	وَ	لَقَدْ
ظالموں کو	ان کا عذر	اور	ان کیلئے	لعنت ہے	اور	ان کیلئے	برا ہے	گھر	اور	بیشک

ان کی معذرت فائدہ نہ دے گی اور ان پر لعنت پڑے گی اور ان کے لیے بدترین گھر ہوگا۔ اور بے شک ہم نے

اٰتَيْنَا مُوْسَى الْهُدٰى وَاَوْرَثْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْكِتٰبَ ﴿۵۳﴾ لا هُدًى

اٰتَيْنَا	مُوْسٰى	الْهُدٰى	وَ	اَوْرَثْنَا	بَنِيْٓ	اِسْرَآءِيْلَ	الْكِتٰبَ	هُدًى
عطا فرمائی ہم نے	موسیٰ کو	رہنمائی	اور	وارث کیا ہم نے	اولاد	یعقوب کو	کتاب کا	ہدایت

موسیٰ علیہ السلام کو رہنمائی عطا فرمائی اور ہم نے وارث کیا بنی اسرائیل کو کتاب کا

وَّذِكْرٰى لِاُولِى الْاَلْبَابِ ﴿۵۴﴾ فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاسْتَغْفِرْ

وَ	ذِكْرٰى	لِاُولِى الْاَلْبَابِ	فَاصْبِرْ	اِنَّ	وَعْدَ	اللّٰهِ	حَقٌّ	وَّاسْتَغْفِرْ
اور	نصیحت	عقلمندوں کے لیے	تو صبر کرو	بیشک	وعدہ	اللہ کا	سچا ہے	اور بخشش مانگو

عقل مندوں کو رہنمائی اور نصیحت کیلئے۔ تو اے محبوب ﷺ! صبر کرو بیشک اللہ کا وعدہ سچا ہے اور اپنی امت

لِذَنْۢبِكَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِبْكَارِ ﴿۵۵﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

لِذَنْۢبِكَ	وَسَبِّحْ	بِحَمْدِ	رَبِّكَ	بِالْعَشِيِّ	وَالْاِبْكَارِ	اِنَّ	الَّذِيْنَ
اپنوں کے گناہوں کی	اور پاکی بولو	ساتھ حمد کے	اپنے رب کے	شام کو	اور صبح کو	بیشک	وہ جو

کے گناہوں کی معافی چاہو اور اپنے رب کی تعریف کرتے ہوئے صبح اور شام اسکی تسبیح بیان کرو۔ وہ جو اللہ کی آیتوں میں

يُجَادِلُوْنَ فِىْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ بِغَيْرِ سُلْطٰنٍ اَتٰىهُمْ ۙ اِنْ فِىْ صُدُوْرِهِمْ

يُجَادِلُوْنَ	فِىْٓ اٰيٰتِ	اللّٰهِ	بِغَيْرِ	سُلْطٰنٍ	اَتٰىهُمْ	اِنْ	فِىْ صُدُوْرِهِمْ
جھگڑتے ہیں	آیتوں میں	اللہ کی	بغیر	سند کے	جو انہیں ملی ہو	نہیں	ان کے دلوں میں

جھگڑا کرتے ہیں بغیر کسی دلیل کے جو انہیں ملی ہو ان کے دلوں میں نہیں

اِلَّا كِبْرٌ مَّا هُمْ بِبَالِغِيْهِ ۚ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ

اِلَّا	كِبْرٌ	مَّا	هُمْ	بِبَالِغِيْهِ	فَاسْتَعِذْ	بِاللّٰهِ	اِنَّهٗ	هُوَ	السَّمِيْعُ
مگر	تکبر	جو نہیں	وہ	اس کو پانے والے	تو پناہ مانگو	اللہ کی	بیشک وہ	وہی ہے	سننے والا

مگر ایک بڑائی کی ہوس جسے نہ پہنچیں گے تو تم اللہ کی پناہ مانگو بے شک وہی

الْبَصِيْرُ ﴿۵۶﴾ لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ

الْبَصِيْرُ	لَخَلْقُ	السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضِ	اَكْبَرُ	مِنْ خَلْقِ النَّاسِ
دیکھنے والا	یقیناً پیدائش	آسمانوں	اور	زمین کی	بہت بڑی ہے	آدمیوں کی پیدائش سے

سنتا دیکھتا ہے۔ آسمانوں اور زمین کا بنانا انسانوں کے بنانے سے

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَمَا يَسْتَوِي الْاَعْمٰى

وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَ	النَّاسِ	لَا	يَعْلَمُوْنَ	وَ	مَا	يَسْتَوِي	الْاَعْمٰى
اور لیکن	اکثر	لوگ	نہیں	جانتے	اور	نہیں	برابر	اندھا

زیادہ بڑا کام ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔ اور اندھا اور دیکھنے والا برابر نہیں ہوتے

وَالْبَصِيْرُ ۙ۬ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَلَا الْمُسِيْٓءُ ۭ

وَ	الْبَصِيْرُ	وَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ	عَمِلُوْا	الصّٰلِحٰتِ	وَ	لَا	الْمُسِيْٓءُ
اور	دیکھنے والا	اور وہ جو	ایمان لائے	اور	عمل کیے	اچھے	اور	نہ	بدکار

اور نہ وہ جو ایمان لاتے اور اچھے عمل کرتے ہیں اور برے لوگ مگر تم

قَلِيْلًا مَّا تَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۸﴾ اِنَّ السَّاعَةَ لَاٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا وَلٰكِنَّ

قَلِيْلًا	مَّا	تَتَذَكَّرُوْنَ	اِنَّ	السَّاعَةَ	لَاٰتِيَةٌ	لَّا	رَيْبَ	فِيْهَا	وَلٰكِنَّ
تھوڑا ہے	جو	نصیحت لیتے ہو تم	بیشک	قیامت	آنے والی ہے	نہیں	شک	اس میں	اور لیکن

کم ہی نصیحت لیتے ہو۔ بے شک قیامت ضرور آئے گی اس میں کوئی شک نہیں لیکن

اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ

اَكْثَرَ	النَّاسِ	لَا	يُؤْمِنُوْنَ	وَ	قَالَ	رَبُّكُمُ	ادْعُوْنِيْٓ	اَسْتَجِبْ
اکثر	لوگ	نہیں	ایمان لاتے	اور	فرمایا	تمہارے رب نے	مجھے پکارو	میں قبول کرونگا

اکثر لوگ یقین نہیں رکھتے۔ اور آپ ﷺ کے رب نے فرمایا میرے حضور دعا کرو

لَكُمْ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ

لَكُمْ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	يَسْتَكْبِرُوْنَ	عَنْ عِبَادَتِيْ	سَيَدْخُلُوْنَ
تمہاری دعا	بیشک	وہ جو	تکبر کرتے ہیں	میری عبادت سے	جلدی داخل ہونگے

میں (ضرور) قبول کروں گا بے شک جو لوگ میری بندگی سے تکبر کرتے ہیں عنقریب وہ ذلیل ہونے کی حالت میں

جَهَنَّمَ دٰخِرِيْنَ ﴿٦٠﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ

جَهَنَّمَ	دٰخِرِيْنَ	اَللّٰهُ	الَّذِيْ	جَعَلَ	لَكُمُ	الَّيْلَ	لِتَسْكُنُوْا	فِيْهِ
جہنم میں	ذلیل ہوکر	اللہ	وہ ہے جس نے	بنایا	تمہارے لیے	رات کو	تاکہ تم آرام پاؤ	اس میں

ضرور جہنم میں داخل ہوں گے۔ اللہ ہے جس نے تمہارے لئے رات بنائی کہ اس میں آرام پاؤ

وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ

وَ	النَّهَارَ	مُبْصِرًا	اِنَّ	اللّٰهَ	لَذُوْ فَضْلٍ	عَلَى	النَّاسِ	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَ
اور	دن کو	جاگنے کیلئے	بیشک	اللہ	فضل والا ہے	اوپر	لوگوں کے	اور لیکن	اکثر

اور دن روشن بنایا بے شک اللہ لوگوں پر فضل والا ہے لیکن بہت

النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿٦١﴾ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ ۘ لَآ اِلٰهَ

النَّاسِ	لَا يَشْكُرُوْنَ	ذٰلِكُمُ	اللّٰهُ	رَبُّكُمْ	خَالِقُ	كُلِّ	شَيْءٍ	لَآ	اِلٰهَ
لوگ	شکر نہیں کرتے	یہ ہے تمہارا	اللہ	تمہارا پالنے والا	پیدا کرنے والا	ہر	شے کا	نہیں	کوئی معبود

آدمی شکر نہیں کرتے۔ وہ ہے اللہ تمہارا رب ہر چیز کا بنانے والا اس کے

اِلَّا هُوَ ۡ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿٦٢﴾ كَذٰلِكَ يُؤْفَكُ الَّذِيْنَ كَانُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ

اِلَّا	هُوَ	فَاَنّٰى	تُؤْفَكُوْنَ	كَذٰلِكَ	يُؤْفَكُ	الَّذِيْنَ	كَانُوْا	بِاٰيٰتِ	اللّٰهِ
مگر	وہی	تو کہاں	اوندھے جاتے ہو	یوں ہی	اوندھے ہوتے ہیں	وہ جو	تھے	آیات	اسی کا

سوا کسی بندگی نہیں تو کہاں بھٹکے جاتے ہو۔ اس طرح وہ لوگ بھٹکتے ہیں جو ہماری آیتوں کا

يَجْحَدُوْنَ ﴿٦٣﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ قَرَارًا وَّالسَّمَآءَ

يَجْحَدُوْنَ	اَللّٰهُ	الَّذِيْ	جَعَلَ	لَكُمُ	الْاَرْضَ	قَرَارًا	وَّالسَّمَآءَ
انکار کرتے	اللہ	وہ ہے جس نے	بنایا	تمہارے لیے	زمین کو	قرار کی جگہ	اور آسمان کو

انکار کرتے ہیں۔ اللہ وہ ہے جس نے تمہارے لئے زمین کو ٹھہرنے کی جگہ اور آسمان کو

بِنَآءً وَّصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ وَرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ؕ

بِنَآءً	وَّ	صَوَّرَكُمْ	فَاَحْسَنَ	صُوَرَكُمْ	وَ	رَزَقَكُمْ	مِّنَ الطَّيِّبٰتِ
چھت	اور	صورتیں بنائیں تمہاری	تو اچھی بنائیں	صورتیں تمہاری	اور	روزی دی تم کو	پاکیزہ چیزوں سے

چھت بنایا اور تمہاری شکل و صورت بنائی پھر تمہاری شکلوں کو خوبصورت بنایا اور تمہیں پاکیزہ چیزوں کا رزق دیا

ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚۖ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٦٤﴾ هُوَ الْحَيُّ لَآ اِلٰهَ

ذٰلِكُمُ	اللّٰهُ	رَبُّكُمْ	فَتَبٰرَكَ	اللّٰهُ	رَبُّ	الْعٰلَمِيْنَ	هُوَ	الْحَيُّ	لَآ	اِلٰهَ
یہ ہے تمہارا	اللہ	تمہارا رب	سو برکت والا ہے	اللہ	رب	جہانوں کا	وہ ہی	زندہ ہے	نہیں	کوئی معبود

یہ ہے اللہ تمہارا رب تو برکت والا ہے اللہ سارے جہان کا رب۔ وہی زندہ ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں

اِلَّا هُوَ فَادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ

اِلَّا	هُوَ	فَادْعُوْهُ	مُخْلِصِيْنَ	لَهُ	الدِّيْنَ	اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	رَبِّ
مگر	وہی	تو اسی کو پکارو	خالص کرکے	اسی کیلئے	دین	تمام تعریفیں	اللہ	رب

تو اسی کی عبادت کرو اس کیلئے بندگی کو خالص کرتے ہوئے تمام تعریفیں اللہ ہی کیلئے ہیں جو سب

الْعٰلَمِيْنَ ﴿٦٥﴾ قُلْ اِنِّيْ نُهِيْتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ

الْعٰلَمِيْنَ	قُلْ	اِنِّيْ	نُهِيْتُ	اَنْ	اَعْبُدَ	الَّذِيْنَ	تَدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِ
جہانوں کی ہیں	فرماؤ	بیشک میں	منع کیا گیا ہوں	یہ کہ	میں پوجوں	ان کو جن کو	تم پکارتے ہو	سوائے

جہانوں کا رب ہے۔ فرما دیجئے مجھے روکا گیا ہے ان کی عبادت سے جنہیں تم پوجتے ہو اللہ کو چھوڑ کر جب

اللّٰهِ لَمَّا جَآءَنِيَ الْبَيِّنٰتُ مِنْ رَّبِّيْ ؗ وَاُمِرْتُ اَنْ اُسْلِمَ

اللّٰهِ	لَمَّا	جَآءَنِيَ	الْبَيِّنٰتُ	مِنْ رَّبِّيْ	وَ	اُمِرْتُ	اَنْ	اُسْلِمَ
اللہ کے	جبکہ	آئیں میرے پاس	روشن دلیلیں	میرے رب کی طرف سے	اور	میں حکم کیا گیا ہوں	یہ کہ	جھک جاؤں

کہ میرے رب کی طرف سے میرے پاس روشن دلیلیں آ گئیں اور مجھے حکم ہوا کہ رب العالمین

لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٦٦﴾ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ

لِرَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ	هُوَ	الَّذِيْ	خَلَقَكُمْ	مِّنْ تُرَابٍ	ثُمَّ	مِنْ نُّطْفَةٍ
واسطے رب	جہانوں کے	وہ	وہ ہے جس نے	پیدا کیا تم کو	مٹی سے	پھر	نطفہ سے

کے حضور جھک جاؤں۔ وہی ہے جس نے تمہیں مٹی سے بنایا پھر پانی کی بوند سے پھر خون کے لوتھڑے سے

ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ يُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ ثُمَّ

ثُمَّ	مِنْ عَلَقَةٍ	ثُمَّ	يُخْرِجُكُمْ	طِفْلًا	ثُمَّ	لِتَبْلُغُوْٓا	اَشُدَّكُمْ	ثُمَّ
پھر	جمے ہوئے خون سے	پھر	نکالتا ہے تم کو	بچہ بنا کر	پھر	تاکہ پہنچو	جوانی اپنی کو	پھر

پھر تمہیں نکالتا ہے بچہ بنا کر پھر تمہیں باقی رکھتا ہے کہ اپنی جوانی کو پہنچو پھر اس لئے کہ

لِتَكُوْنُوْا شُيُوْخًا ۚ وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى مِنْ قَبْلُ وَلِتَبْلُغُوْٓا

لِتَكُوْنُوْا	شُيُوْخًا	وَ	مِنْكُمْ	مَّنْ	يُّتَوَفّٰى	مِنْ قَبْلُ	وَ	لِتَبْلُغُوْٓا
تاکہ ہو جاؤ	بوڑھے	اور	بعض تم میں سے	وہ ہیں جو	فوت ہو جاتے ہیں	پہلے اس سے	اور	تاکہ پہنچو تم

بوڑھے ہو اور تم میں کوئی پہلے ہی اٹھا لیا جاتا ہے اور اس لئے کہ تم

اَجَلًا مُّسَمًّى وَّلَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿٦٧﴾ هُوَ الَّذِيْ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۚ فَاِذَا

اَجَلًا	مُّسَمًّى	وَّ	لَعَلَّكُمْ	تَعْقِلُوْنَ	هُوَ	الَّذِيْ	يُحْيٖ	وَ	يُمِيْتُ	فَاِذَا
مدت	مقرر کو	اور	تاکہ تم	سمجھو	وہ	وہ ہے جو	زندہ کرتا ہے	اور	مارتا ہے	تو جب

ایک مقرر وعدہ تک پہنچو اور اس لئے کہ تم سمجھو۔ وہی ہے کہ زندہ کرتا اور مارتا ہے پھر جب کوئی

قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿٦٨﴾ ع اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ

قَضٰٓى	اَمْرًا	فَاِنَّمَا	يَقُوْلُ	لَهٗ	كُنْ	فَيَكُوْنُ	اَلَمْ	تَرَ	اِلَى	الَّذِيْنَ
حکم فرماتا ہے	کسی کام کا	تو اسکے سوا نہیں کہ	فرماتا ہے	اس کو	ہو جا	تو ہو جاتا ہے	کیا نہ	دیکھا آپ نے	طرف	ان کی جو

حکم فرماتا ہے تو اس سے یہی کہتا ہے کہ ہو جا جبھی وہ ہو جاتا ہے۔ کیا آپ نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا

ع

معانقة ۱۳

يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ ۭ اَنّٰى يُصْرَفُوْنَ ۝۶۹ۚ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا

يُجَادِلُوْنَ	فِيْٓ اٰيٰتِ	اللّٰهِ	اَنّٰى	يُصْرَفُوْنَ	اَلَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا
جھگڑتے ہیں	آیتوں میں	اللہ کی	کہاں	پھیرے جاتے ہیں	وہ	جنہوں نے جھٹلایا

جو ہماری آیتوں کے بارے میں جھگڑا کرتے ہیں؟ وہ کدھر پھرے جا رہے ہیں؟ وہ لوگ جنہوں نے کتاب کو

بِالْكِتٰبِ وَبِمَآ اَرْسَلْنَا بِهٖ رُسُلَنَا ڕ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ۝۷۰ۙ اِذِ

بِالْكِتٰبِ	وَ	بِمَآ	اَرْسَلْنَا	بِهٖ	رُسُلَنَا	فَسَوْفَ	يَعْلَمُوْنَ	اِذِ
کتاب کو	اور	اس کو جو	بھیجا ہم نے	اسکے ساتھ	اپنے رسولوں کو	تو عنقریب	جان لیں گے	جب

اور اس چیز کو جس کے ساتھ ہم نے اپنے رسولوں کو بھیجا جھٹلا دیا ہاں وہ جلد ہی جان لیں گے۔ جب ان کی

الْاَغْلٰلُ فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ وَالسَّلٰسِلُ ۭ يُسْحَبُوْنَ ۝۷۱ۙ فِي الْحَمِيْمِ ۥ ثُمَّ

الْاَغْلٰلُ	فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ	وَ	السَّلٰسِلُ	يُسْحَبُوْنَ	فِي الْحَمِيْمِ	ثُمَّ
طوق ہونگے	ان کی گردنوں میں	اور	زنجیریں	گھسیٹے جائینگے	کھولتے پانی میں	پھر

گردنوں میں طوق ہوں گے اور زنجیریں اس حال میں وہ گھسیٹے جائیں گے۔ سخت گرم پانی میں پھر (بھڑکتی)

فِي النَّارِ يُسْجَرُوْنَ ۝۷۲ۚ ثُمَّ قِيْلَ لَهُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ۝۷۳ۙ

فِي	النَّارِ	يُسْجَرُوْنَ	ثُمَّ	قِيْلَ	لَهُمْ	اَيْنَ	مَا	كُنْتُمْ	تُشْرِكُوْنَ
میں	آگ	دھکائے جائینگے	پھر	فرمایا جائے گا	ان کو	کہاں ہیں	جو	تھے تم	شریک بناتے

آگ میں وہ جھونک دیئے جائیں گے۔ پھر ان سے فرمایا جائے گا کہاں گئے وہ جو تم شریک بتاتے تھے

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا بَلْ لَّمْ نَكُنْ نَّدْعُوْا مِنْ قَبْلُ

مِنْ دُوْنِ	اللّٰهِ	قَالُوْا	ضَلُّوْا	عَنَّا	بَلْ	لَّمْ	نَكُنْ	نَّدْعُوْا	مِنْ قَبْلُ
سوائے	اللہ کے	کہیں گے	وہ گم ہوگئے	ہم سے	بلکہ	نہیں	تھے ہم	پوجتے	اس سے پہلے

اللہ کے مقابل کہیں گے وہ تو ہم سے گم ہو گئے بلکہ ہم پہلے کچھ پوجتے ہی نہ تھے۔

شَيْـئًا ۭ كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۷۴﴾ ذٰلِكُمْ بِمَا كُنْتُمْ

شَيْـئًا	كَذٰلِكَ	يُضِلُّ	اللّٰهُ	الْكٰفِرِيْنَ	ذٰلِكُمْ	بِمَا	كُنْتُمْ
کچھ	ایسے ہی	گمراہ کرتا ہے	اللہ	کافروں کو	یہ	اس لیے کہ	تم تھے

اور اللہ اسی طرح کافروں کو گمراہی میں ڈالتا ہے۔ یہ اس لئے ہے کہ تم

تَفْرَحُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَ بِمَا كُنْتُمْ تَمْرَحُوْنَ ﴿۷۵﴾ ج

تَفْرَحُوْنَ	فِي الْاَرْضِ	بِغَيْرِ	الْحَقِّ	وَ	بِمَا	كُنْتُمْ	تَمْرَحُوْنَ
خوش ہوتے	زمین میں	بغیر	حق کے	اور	بدلہ اس کا کہ	تھے تم	اتراتے

زمین میں ناحق خوشیاں مناتے تھے اور اس لئے کہ تم اتراتے تھے۔

اُدْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ج فَبِئْسَ مَثْوَى

اُدْخُلُوْٓا	اَبْوَابَ	جَهَنَّمَ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	فَبِئْسَ	مَثْوَى
داخل ہو جاؤ	دروازوں میں	جہنم کے	ہمیشہ رہیں	اس میں	تو برا ہے	ٹھکانہ

دوزخ کے دروازوں میں وہاں ہمیشہ رہنے کے لئے داخل ہو جاؤ ہاں تکبر کرنے والوں کی بستی کیا ہی

الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۷۶﴾ فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ج فَاِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ

الْمُتَكَبِّرِيْنَ	فَاصْبِرْ	اِنَّ	وَعْدَ	اللّٰهِ	حَقٌّ	فَاِمَّا	نُرِيَنَّكَ	بَعْضَ
تکبر والوں کا	تو آپ صبر کریں	بیشک	وعدہ	اللہ کا	سچا ہے	تو اگر	دکھائیں ہم آپ کو	بعض حصہ

بری ہے۔ تو (اے حبیب ﷺ) آپ (ان کی ایذا اور سانیوں پر) صبر فرمائیں بیشک اللہ کا وعدہ حق ہے تو اگر ہم دکھادیں آپ کو اس (عذاب) کا کچھ حصہ جس کا

الَّذِيْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِلَيْنَا يُرْجَعُوْنَ ﴿۷۷﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا

الَّذِيْ	نَعِدُهُمْ	اَوْ	نَتَوَفَّيَنَّكَ	فَاِلَيْنَا	يُرْجَعُوْنَ	وَ	لَقَدْ	اَرْسَلْنَا
اس عذاب کا	جو وعدہ دیتے ہم انکو	یا	ہم تمہیں وفات دیں	تو ہماری طرف	لوٹائے جائینگے	اور	بیشک	ہم نے بھیجے

ہم ان سے وعدہ فرماتے ہیں یا (اس سے پہلے ہی) ہم آپ کو ظاہری وفات دے دیں (عذاب ان سے ٹل نہیں سکتا) کیونکہ یہ ہماری ہی طرف واپس لائے جائیں گے

رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ مِنْهُمْ مَّنْ قَصَصْنَا عَلَيْكَ وَمِنْهُمْ مَّنْ لَّمْ

رُسُلًا	مِّنْ قَبْلِكَ	مِنْهُمْ	مَّنْ	قَصَصْنَا	عَلَيْكَ	وَ	مِنْهُمْ	مَّنْ	لَّمْ
رسول	آپ سے پہلے	ان میں سے بعض	جس کسی کا	احوال بیان کیا ہم نے	آپ پر	اور	ان میں سے	کسی کا	نہیں

اور بیشک ہم نے آپ سے پہلے (بھی) رسول بھیجے ان میں سے بعض کا حال ہم نے آپ پر بیان فرما دیا

نَقْصُصْ عَلَيْكَ ؕ وَمَا كَانَ لِرَسُوْلٍ اَنْ يَّاْتِيَ بِاٰيَةٍ اِلَّا

نَقْصُصْ	عَلَيْكَ	وَ	مَا	كَانَ	لِرَسُوْلٍ	اَنْ	يَّاْتِيَ	بِاٰيَةٍ	اِلَّا
بیان کیا ہم نے	آپ پر	اور	نہیں	ہے	کسی رسول کیلئے	یہ کہ	لائے	کوئی نشانی	مگر

اور بعض کا حال ان میں سے آپ پر بیان نہیں فرمایا اور کسی رسول کیلئے نہ تھا کہ وہ کوئی نشانی لے آئے

بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ فَاِذَا جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ قُضِيَ بِالْحَقِّ وَخَسِرَ هُنَالِكَ

بِاِذْنِ اللّٰهِ	فَاِذَا	جَآءَ	اَمْرُ	اللّٰهِ	قُضِيَ	بِالْحَقِّ	وَ	خَسِرَ	هُنَالِكَ
اللہ کے حکم سے	تو جب	آئے گا	حکم	اللہ کا	تو فیصلہ ہوگا	انصاف سے	اور	نقصان اٹھائینگے	اس جگہ

مگر اللہ کے اذن سے، پھر جب امرِ الٰہی آ جائے گا تو حق کے ساتھ فیصلہ ہو گا اور وہاں باطل

الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۷۸﴾ ع اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَنْعَامَ لِتَرْكَبُوْا

الْمُبْطِلُوْنَ	اَللّٰهُ	الَّذِيْ	جَعَلَ	لَكُمُ	الْاَنْعَامَ	لِتَرْكَبُوْا
باطل پرست لوگ	اللہ	وہ ہے جس نے	بنائے	تمہارے لیے	چوپائے	تا کہ تم سوار ہو

والے نقصان اُٹھائیں گے۔ اللہ ہے جس نے تمہارے لئے چوپائے بنائے کہ کسی

مِنْهَا وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۷۹﴾ وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَلِتَبْلُغُوْا

مِنْهَا	وَ	مِنْهَا	تَاْكُلُوْنَ	وَ	لَكُمْ	فِيْهَا	مَنَافِعُ	وَ	لِتَبْلُغُوْا
ان میں سے بعض	اور	بعض کو	کھاؤ	اور	تمہارے لیے	اس میں	کتنے ہی فائدے ہیں	اور	تا کہ پہنچو

پر سوار ہو اور کسی کا گوشت کھاؤ۔ اور تمہارے لئے ان میں کتنے ہی فائدے ہیں اور اس لئے

عَلَيْهَا حَاجَةً فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَ عَلَيْهَا وَ عَلَى الْفُلْكِ

عَلَيْهَا	حَاجَةً	فِيْ صُدُوْرِكُمْ	وَ	عَلَيْهَا	وَ	عَلَى الْفُلْكِ
اس پر	ضرورت کو	اپنے دل کی مرادوں کو	اور	ان پر	اور	کشتیوں پر

کہ تم ان کی پیٹھ پر اپنے دل کی مرادوں کو پہنچو اور ان پر اور کشتیوں

تُحْمَلُوْنَ ﴿۸۰﴾ وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ ۖ فَاَيَّ اٰيٰتِ اللّٰهِ تُنْكِرُوْنَ ﴿۸۱﴾

تُحْمَلُوْنَ	وَ	يُرِيْكُمْ	اٰيٰتِهٖ	فَاَيَّ	اٰيٰتِ	اللّٰهِ	تُنْكِرُوْنَ
سوار ہوتے ہو	اور	دکھاتا ہے تم کو	اپنی نشانیاں	تو کس	نشانی کا	اللہ کی	انکار کرتے ہو

پر سوار ہوتے ہو۔ اور وہ تمہیں اپنی نشانیاں دکھاتا ہے پھر تم اللہ کی کون کون سی نشانیوں کا انکار کرو گے؟

اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ

اَفَلَمْ	يَسِيْرُوْا	فِي الْاَرْضِ	فَيَنْظُرُوْا	كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ
کیا نہیں	پھرے وہ	زمین میں	کہ دیکھیں	کیسا	ہوا	انجام

تو کیا وہ زمین پر چلے پھرے نہیں کہ دیکھتے کہ ان سے پہلوں کا انجام کیسا ہوا؟

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۖ كَانُوْٓا اَكْثَرَ مِنْهُمْ وَ اَشَدَّ قُوَّةً وَّ

الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	كَانُوْٓا	اَكْثَرَ	مِنْهُمْ	وَ	اَشَدَّ	قُوَّةً	وَّ
ان کا جو	ان سے پہلے تھے	تھے وہ	زیادہ	ان سے	اور	سخت	قوت میں	اور

وہ ان سے تعداد میں زیادہ تھے اور قوت اور

اٰثَارًا فِي الْاَرْضِ فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۸۲﴾

اٰثَارًا	فِي الْاَرْضِ	فَمَآ	اَغْنٰى	عَنْهُمْ	مَا	كَانُوْا	يَكْسِبُوْنَ
نشان میں انکے	زمین میں	تو نہ	کام آیا	ان کے	جو	تھے وہ	کرتے

زمین پر نشان چھوڑنے میں بڑھ کر مگر ان کی کمائی ان کے کام نہ آئی۔

فَلَمَّا جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَرِحُوْا بِمَا عِنْدَهُمْ

عِنْدَهُمْ	بِمَا	فَرِحُوْا	بِالْبَيِّنٰتِ	رُسُلُهُمْ	جَآءَتْهُمْ	فَلَمَّا
پاس ان کے تھا	اس پر جو	خوش ہوئے	دلائل کے ساتھ	ان کے رسول	آئے انکے پاس	تو جب

تو جب ان کے رسول ان کے پاس روشن دلیلیں لائے (تو) وہ خوش ہوتے رہے اس

مِّنَ الْعِلْمِ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۸۳﴾ فَلَمَّا

فَلَمَّا	يَسْتَهْزِءُوْنَ	بِهٖ	كَانُوْا	مَّا	بِهِمْ	حَاقَ	وَ	مِّنَ الْعِلْمِ
پھر جب	مذاق اڑاتے	اس کا	تھے	اس نے کہ	ان کو	گھیر لیا	اور	علم سے

علم پر جو ان کے پاس تھا اور انہیں گھیر لیا اسی (عذاب) نے جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے۔ پھر جب

رَاَوْا بَاْسَنَا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗ وَكَفَرْنَا بِمَا كُنَّا بِهٖ

بِهٖ	كُنَّا	بِمَا	كَفَرْنَا	وَ	وَحْدَهٗ	بِاللّٰهِ	اٰمَنَّا	قَالُوْٓا	بَاْسَنَا	رَاَوْا
اسکے ساتھ	کرتے تھے ہم	اس کا	انکار کیا ہم نے	اور	اکیلے پر	اللہ پر	ایمان لائے ہم	تو بولے	ہمارا عذاب	دیکھا انہوں نے

انہوں نے ہمارا عذاب دیکھ لیا بولے ہم ایمان لائے اللہ پر جو ایک ہے اور ہم نے اس کا انکار کیا جسے ہم اس کا

مُشْرِكِيْنَ ﴿۸۴﴾ فَلَمْ يَكُ يَنْفَعُهُمْ اِيْمَانُهُمْ لَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا سُنَّتَ

سُنَّتَ	بَاْسَنَا	رَاَوْا	لَمَّا	اِيْمَانُهُمْ	يَنْفَعُهُمْ	يَكُ	فَلَمْ	مُشْرِكِيْنَ
یہی دستور ہے	ہمارا عذاب	دیکھا انہوں نے	جب	ان کا ایمان	نفع دیتا ان کو	ہوا کہ	تو نہ	شریک ٹھہراتے

شریک ٹھہراتے تھے۔ تو ان کے ایمان نے انہیں کام نہ دیا جب انہوں نے ہمارا عذاب دیکھ لیا اللہ کا

اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ فِيْ عِبَادِهٖ ۚ وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۵﴾ ع

الْكٰفِرُوْنَ	هُنَالِكَ	وَخَسِرَ	فِيْ عِبَادِهٖ	خَلَتْ	قَدْ	الَّتِيْ	اللّٰهِ
کافروں نے	اس جگہ	اور نقصان اٹھایا	اسکے بندوں میں	گزر چکا	بیشک	جو	اللہ کا

دستور ہے جو اس کے بندوں میں گزر چکا اور وہاں کافر خسارے میں رہے۔

اٰیاتها ۵۴ ۴۱ سُوْرَةُ حٰمٓ السَّجْدَةِ مَكِّيَّةٌ ٦١ رکوعاتها ٦

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

حٰمٓ ﴿۱﴾ تَنْزِيْلٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴿۲﴾ كِتٰبٌ فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ

حٰمٓ	تَنْزِيْلٌ	مِّنَ الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ	كِتٰبٌ	فُصِّلَتْ	اٰيٰتُهٗ
حٰمٓ	یہ اتارا ہے	بڑے رحم والے	مہربان کا	یہ کتاب ہے کہ	مفصل ہیں	اس کی آیتیں

حٰمٓ یہ نازل کیا ہوا ہے بڑے رحم والے مہربان کا۔ ایک کتاب جس کی آیتیں کھول کر بیان کر دی گئیں ہیں

قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۳﴾ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا فَاَعْرَضَ

قُرْاٰنًا	عَرَبِيًّا	لِّقَوْمٍ	يَّعْلَمُوْنَ	بَشِيْرًا	وَّنَذِيْرًا	فَاَعْرَضَ
قرآن	عربی زبان میں	واسطے قوم	علم والی کے	خوشخبری دینے والا	اور ڈرانے والا	تو منہ پھیرا

عربی زبان کا قرآن اس قوم کیلئے [illegible] علم رکھتی ہے۔ خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا مگر ان میں سے

اَكْثَرُهُمْ فَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿۴﴾ وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا فِيْٓ اَكِنَّةٍ مِّمَّا تَدْعُوْنَآ

اَكْثَرُهُمْ	فَهُمْ	لَا	يَسْمَعُوْنَ	وَقَالُوْا	قُلُوْبُنَا	فِيْٓ	اَكِنَّةٍ	مِّمَّا	تَدْعُوْنَآ
اکثر ان کے نے	تو وہ	نہیں	سنتے	اور بولے	ہمارے دل	میں	غلاف ہیں	اسے جو	آپ بلاتے ہیں ہم کو

اکثر نے کنارہ کرلیا ہے سو وہ سنتے ہی نہیں۔ اور انہوں نے کہا ہمارے دل تو اس سے پردوں میں ہیں جس کی طرف آپ ہمیں

اِلَيْهِ وَفِيْٓ اٰذَانِنَا وَقْرٌ وَّمِنْۢ بَيْنِنَا وَبَيْنِكَ حِجَابٌ فَاعْمَلْ اِنَّنَا

اِلَيْهِ	وَ	فِيْٓ اٰذَانِنَا	وَقْرٌ	وَّ	مِنْۢ بَيْنِنَا	وَ	بَيْنِكَ	حِجَابٌ	فَاعْمَلْ	اِنَّنَا
اس کی طرف	اور	ہمارے کانوں میں	بوجھ ہے	اور	ہمارے درمیان	اور	تمہارے درمیان	پردہ ہے	تو تم عمل کرو	بیشک ہم

بلاتے ہیں اور ہمارے کانوں میں گرانی ہے اور ہمارے اور آپ کے درمیان (مضبوط) پردہ ہے تو آپ (اپنا) کام کریں بے

عْمَلُوْنَ ۝۵ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ

اِلٰهٌ	اِلٰهُكُمْ	اَنَّمَآ	اِلَيَّ	يُوْحٰى	مِّثْلُكُمْ	بَشَرٌ	اَنَا	اِنَّمَآ	قُلْ	عْمَلُوْنَ
خدا	تمہارا خدا	کہ یقیناً	میری طرف	وحی کی جاتی ہے	تمہارے جیسا	آدمی ہوں	میں	اسکے سوا نہیں کہ	فرماؤ	عمل کرنیوالے ہیں

شک ہم (اپنا) کام کررہے ہیں۔ فرمادیجئے ظاہراً آدمی ہونے میں تم جیسا آدمی ہی ہوں میری طرف وحی کی جاتی ہے کہ

وَّاحِدٌ فَاسْتَقِيْمُوْٓا اِلَيْهِ وَاسْتَغْفِرُوْهُ ۗ وَوَيْلٌ لِّلْمُشْرِكِيْنَ ۝۶

لِّلْمُشْرِكِيْنَ	وَوَيْلٌ	اسْتَغْفِرُوْهُ	وَ	اِلَيْهِ	فَاسْتَقِيْمُوْٓا	وَّاحِدٌ
مشرکوں کے لیے	اور خرابی ہے	بخشش مانگواس سے	اور	اس کی طرف	تو سیدھے رہو	ایک ہے

(میرا اور) تمہارا معبود ایک ہی معبود ہے تو اس کی طرف سیدھے رہو اور اس سے معافی مانگو اور مشرکوں کیلیے ہلاکت ہے۔

الَّذِيْنَ لَا يُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ۝۷ اِنَّ

اِنَّ	كٰفِرُوْنَ	هُمْ	بِالْاٰخِرَةِ	وَهُمْ	الزَّكٰوةَ	يُؤْتُوْنَ	لَا	الَّذِيْنَ
بیشک	انکار کرتے ہیں	وہ	آ ت کا	اور وہ	زکوٰۃ	دیتے	نہیں	وہ جو

وہ جو زکوٰۃ نہیں دیتے اور وہ آخرت کے منکر ہیں۔ بیشک

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۝۸ ع قُلْ

قُلْ	مَمْنُوْنٍ	غَيْرُ	اَجْرٌ	لَهُمْ	الصّٰلِحٰتِ	وَعَمِلُوا	اٰمَنُوْا	الَّذِيْنَ
فرمادیجیے	ختم ہونے والا	نہ	اجر ہے	ان کیلیے	اچھے	اور عمل کیے	ایمان لائے	وہ جو

جو ایمان لائے اور اچھے کام کیے ان کیلیے بے انتہا ثواب ہے۔ فرما دیجیے

اَئِنَّكُمْ لَتَكْفُرُوْنَ بِالَّذِيْ خَلَقَ الْاَرْضَ فِيْ يَوْمَيْنِ وَتَجْعَلُوْنَ

وَتَجْعَلُوْنَ	فِيْ يَوْمَيْنِ	الْاَرْضَ	خَلَقَ	بِالَّذِيْ	لَتَكْفُرُوْنَ	اَئِنَّكُمْ
اور بناتے ہو	دو دنوں میں	زمین کو	پیدا کیا	اس ذات کا جس نے	انکار کرتے ہو	کیا تم

کیا تم اس کا انکار کرتے ہو جس نے زمین کو دو دنوں میں بنایا اور تم اس کے شریک ٹھہراتے ہو؟

لَهٗۤ اَنْدَادًا ؕ ذٰلِكَ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ۚ﴿۹﴾ وَجَعَلَ فِیْهَا رَوَاسِیَ مِنْ فَوْقِهَا

لَهٗ	اَنْدَادًا	ذٰلِكَ	رَبُّ	الْعٰلَمِیْنَ	وَ	جَعَلَ	فِیْهَا	رَوَاسِیَ	مِنْ فَوْقِهَا
اس کا	ہمسر	یہ ہے	پالنے والا	جہانوں کا	اور	بنائے	اس میں	لنگر ڈالے	اسکے اوپر سے

حالانکہ وہی سارے جہان کا رب ہے۔ اور اس نے اس میں اوپر سے مضبوط پہاڑ رکھے ہیں

وَبٰرَكَ فِیْهَا وَقَدَّرَ فِیْهَاۤ اَقْوَاتَهَا فِیْۤ اَرْبَعَةِ اَیَّامٍ ؕ سَوَآءً

وَ	بٰرَكَ	فِیْهَا	وَ	قَدَّرَ	فِیْهَاۤ	اَقْوَاتَهَا	فِیْۤ اَرْبَعَةِ اَیَّامٍ	سَوَآءً
اور	برکت رکھی	اس میں	اور	اندازہ رکھا	اس میں	انکی روزی کا	چار دنوں میں	برابر ہے

اور اس میں برکتیں رکھی ہیں اور اس میں اس کی غذاؤں کا اندازہ چار دنوں میں ٹھہرایا ہے وہ طلب

لِّلسَّآىِٕلِیْنَ ﴿۱۰﴾ ثُمَّ اسْتَوٰۤى اِلَى السَّمَآءِ وَهِیَ دُخَانٌ فَقَالَ لَهَا

لِّلسَّآىِٕلِیْنَ	ثُمَّ	اسْتَوٰۤى	اِلَى	السَّمَآءِ	وَ	هِیَ	دُخَانٌ	فَقَالَ	لَهَا
مانگنے والوں کیلئے	پھر	قصد فرمایا	طرف	آسمان کی	اور	وہ	دھواں تھا	تو فرمایا	اس کو

کرنے والوں کیلئے برابر ہے۔ پھر قصد فرمایا آسمان کی طرف اور وہ دھواں تھا تو اس کو

وَلِلْاَرْضِ ائْتِیَا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا ؕ قَالَتَاۤ اَتَیْنَا طَآىِٕعِیْنَ ﴿۱۱﴾

وَ	لِلْاَرْضِ	ائْتِیَا	طَوْعًا	اَوْ كَرْهًا	قَالَتَاۤ	اَتَیْنَا	طَآىِٕعِیْنَ
اور	زمین کو	آؤ	خوشی سے	یا مجبور ہوکر	بولے	ہم آئے	خوشی سے

اور زمین کو فرمایا کہ دونوں حاضر ہو جاؤ خوشی سے یا ناخوشی سے دونوں نے کہا ہم حاضر ہوئے خوشی سے۔

فَقَضٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوَاتٍ فِیْ یَوْمَیْنِ وَاَوْحٰى فِیْ كُلِّ سَمَآءٍ

فَقَضٰىهُنَّ	سَبْعَ	سَمٰوَاتٍ	فِیْ یَوْمَیْنِ	وَ	اَوْحٰى	فِیْ كُلِّ سَمَآءٍ
تو بنایا ان کو	سات	آسمان	دو دنوں میں	اور	وحی کی	اور ہر آسمان میں

تو انکیں پورے سات آسمان بنا دیا دو دن میں اور ہر آسمان میں اسی آسمان سے متعلق کاموں کا حکم بھیجا

اَمْرَهَا ؕ وَ زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيْحَ ۖۗ وَحِفْظًا ؕ ذٰلِكَ

ذٰلِكَ	وَحِفْظًا	بِمَصَابِيْحَ	الدُّنْيَا	السَّمَآءَ	زَيَّنَّا	وَ	اَمْرَهَا
یہ ہے	اور حفاظت کیلئے	چراغوں سے	دنیا کو	آسمان	ہم نے سجایا	اور	اسی کے کام کی

اور ہم نے دنیا کے آسمان کو چراغوں سے مزین فرمایا اور اسے محفوظ کر دیا یہ اندازہ مقرر کیا ہوا ہے

تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿۱۲﴾ فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَقُلْ اَنْذَرْتُكُمْ صٰعِقَةً

صٰعِقَةً	اَنْذَرْتُكُمْ	فَقُلْ	اَعْرَضُوْا	فَاِنْ	الْعَلِيْمِ	الْعَزِيْزِ	تَقْدِيْرُ
ایک کڑک سے	میں نے تم کو ڈرایا	تو فرما دیجئے	منہ پھیریں	تو اگر	جاننے والے کا	عزت والے	ٹھیرایا ہوا

بڑے زبردست بہت علم والے کا۔ پھر اگر وہ منہ پھیریں تو آپ فرما دیں کہ میں تمہیں ڈراتا ہوں ایک زبردست

مِّثْلَ صٰعِقَةِ عَادٍ وَّثَمُوْدَ ؕ﴿۱۳﴾ اِذْ جَآءَتْهُمُ الرُّسُلُ مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ

مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ	الرُّسُلُ	جَآءَتْهُمُ	اِذْ	وَّثَمُوْدَ	عَادٍ	صٰعِقَةِ	مِّثْلَ
ان کے آگے سے	رسول	آئے انکے پار	جب	اور ثمود کے	عاد	کڑک	مثل

کڑک سے جیسی کڑک عاد اور ثمود پر آئی تھی۔ جب ان کے آگے یا ان کے پیچھے رسول آئے

وَ مِنْ خَلْفِهِمْ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ؕ قَالُوْا لَوْ شَآءَ رَبُّنَا

رَبُّنَا	شَآءَ	لَوْ	قَالُوْا	اللّٰهَ	اِلَّا	تَعْبُدُوْٓا	اَلَّا	مِنْ خَلْفِهِمْ	وَ
ہمارا رب	چاہتا	اگر	بولے	اللہ کو	مگر	پوجو	نہ	ان کے پیچھے سے	اور

کہ اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو بولے ہمارا رب چاہتا

لَاَنْزَلَ مَلٰٓئِكَةً فَاِنَّا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿۱۴﴾ فَاَمَّا عَادٌ

عَادٌ	فَاَمَّا	كٰفِرُوْنَ	بِهٖ	اُرْسِلْتُمْ	بِمَآ	فَاِنَّا	مَلٰٓئِكَةً	لَاَنْزَلَ
عاد نے	تو پھر	منکر ہیں	اس کے	جو بھیجے گئے ہو تم	اس چیز سے	تو ہم	فرشتے	تو اتارتا

تو فرشتے اُتارتا تو جو کچھ تم لے کر بھیجے گئے ہم اسے نہیں مانتے۔ ہاں وہ جو عاد تھے

فَاَمَّا عَادٌ فَاسْتَكْبَرُوْا فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَقَالُوْا مَنْ اَشَدُّ مِنَّا قُوَّةً ؕ

فَاسْتَكْبَرُوْا	فِي الْاَرْضِ	بِغَيْرِ	الْحَقِّ	وَ	قَالُوْا	مَنْ	اَشَدُّ	مِنَّا	قُوَّةً
تکبر کیا	زمین میں	بغیر	حق کے	اور	بولے	کون ہے	زیادہ	ہم سے	طاقت

انہوں نے زمین پر ناحق تکبر کیا اور کہا ہم سے زیادہ طاقتور کون ہے؟

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَهُمْ هُوَ اَشَدُّ مِنْهُمْ قُوَّةً ؕ وَكَانُوْا

اَوَلَمْ	يَرَوْا	اَنَّ	اللّٰهَ	الَّذِيْ	خَلَقَهُمْ	هُوَ	اَشَدُّ	مِنْهُمْ	قُوَّةً	وَ	كَانُوْا
کیا نہیں	دیکھتے	کہ	اللہ	وہ جس نے	پیدا کیا ان کو	وہ	بہت زیادہ	ان سے	طاقتور	اور	تھے

مگر کیا انہوں نے غور نہیں کیا کہ اللہ جس نے انہیں پیدا کیا ہے ان سے زیادہ طاقتور ہے؟ اور وہ

بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ﴿۱۵﴾ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا صَرْصَرًا فِيْۤ اَيَّامٍ

بِاٰيٰتِنَا	يَجْحَدُوْنَ	فَاَرْسَلْنَا	عَلَيْهِمْ	رِيْحًا	صَرْصَرًا	فِيْۤ اَيَّامٍ
ہماری آیتوں کا	انکار کرتے	تو بھیجی ہم نے	ان پر	آندھی	تند و تیز	دنوں میں

ہماری آیتوں کا انکار کرتے تھے۔ سو ہم نے منحوس دنوں میں ان پر خوفناک تند و تیز ہوا چلائی

نَّحِسَاتٍ لِّنُذِيْقَهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؕ

نَّحِسَاتٍ	لِّنُذِيْقَهُمْ	عَذَابَ	الْخِزْيِ	فِي الْحَيٰوةِ	الدُّنْيَا
منحوس	کہ چکھائیں ہم ان کو	عذاب	رسوائی کا	زندگی میں	دنیا کی

تاکہ انہیں دنیا کی زندگی میں رسوائی کے عذاب کا مزہ چکھائیں

وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَخْزٰى وَهُمْ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿۱۶﴾ وَاَمَّا ثَمُوْدُ

وَلَعَذَابُ	الْاٰخِرَةِ	اَخْزٰى	وَ	هُمْ	لَا	يُنْصَرُوْنَ	وَ	اَمَّا	ثَمُوْدُ
اور یقیناً عذاب	آخرت کا	بہت رسوا کن ہے	اور	وہ	نہ	مدد دیے جائیں گے	اور	وہ جو	ثمود تھے

اور آخرت کا عذاب تو زیادہ رسوا کن ہو گا اور انہیں مدد نہیں ملے گی۔ اور رہے ثمود کے لوگ تو

فَهَدَيْنٰهُمْ فَاسْتَحَبُّوا الْعَمٰى عَلَى الْهُدٰى فَاَخَذَتْهُمْ صٰعِقَةُ

صٰعِقَةُ	فَاَخَذَتْهُمْ	الْهُدٰى	عَلَى	الْعَمٰى	فَاسْتَحَبُّوا	فَهَدَيْنٰهُمْ
کڑک نے	تو پکڑا ان کو	ہدایت کے	اوپر	اندھا رہنے کو	تو پسند کیا انہوں نے	تو ہم نے راہ دکھائی انکو

ہم نے انہیں ہدایت فرمائی تو انہوں نے گمراہی کو ہدایت پر ترجیح دی تو انہیں سخت

الْعَذَابِ الْهُوْنِ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَنَجَّيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

اٰمَنُوْا	الَّذِيْنَ	نَجَّيْنَا	وَ	يَكْسِبُوْنَ	كَانُوْا	بِمَا	الْعَذَابِ الْهُوْنِ
ایمان لائے	ان کو جو	نجات دی ہم نے	اور	کرتے	تھے وہ	بدلے اسکے جو	ذلت کے عذاب کی

ذلت کے عذاب کی کڑک نے پکڑ لیا اس کے سبب جو وہ کرتے تھے۔ اور ہم نے ان لوگوں کو بچا لیا

وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ﴿۱۸﴾ وَيَوْمَ يُحْشَرُ اَعْدَآءُ اللّٰهِ اِلَى النَّارِ فَهُمْ

ع ۲ / ۱۲

فَهُمْ	اِلَى النَّارِ	اللّٰهِ	اَعْدَآءُ	يُحْشَرُ	وَيَوْمَ	يَتَّقُوْنَ	كَانُوْا	وَ
تو وہ	آگ کی طرف	اللہ تعالیٰ کے	دشمن	اکٹھے کیے جائینگے	اور جس دن	پرہیزگار	تھے	اور

جو ایمان لائے اور وہ ڈرتے تھے۔ اور جس دن اللہ کے دشمن آگ کی طرف ہانکے جائیں گے تو پھر ان کو

يُوْزَعُوْنَ ﴿۱۹﴾ حَتّٰٓى اِذَا مَا جَآءُوْهَا شَهِدَ عَلَيْهِمْ سَمْعُهُمْ

سَمْعُهُمْ	عَلَيْهِمْ	شَهِدَ	جَآءُوْهَا	اِذَا مَا	حَتّٰى	يُوْزَعُوْنَ
ان کے کان	ان پر	گواہی دینگے	آئینگے اسکے پاس تو	جب وہ	یہاں تک کہ	روکے جائینگے

ایک جگہ روک لیا جائیگا۔ یہاں تک کہ پچھلے آ ملیں یہاں تک کہ جب وہاں پہنچیں گے ان کے کان

وَاَبْصَارُهُمْ وَجُلُوْدُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۲۰﴾ وَقَالُوْا لِجُلُوْدِهِمْ

لِجُلُوْدِهِمْ	وَقَالُوْا	يَعْمَلُوْنَ	كَانُوْا	بِمَا	جُلُوْدُهُمْ	وَ	وَاَبْصَارُهُمْ
اپنی کھالوں سے	اور کہیں گے	کام کرتے	تھے وہ	جو	ان کے چمڑے	اور	اور ان کی آنکھیں

اور ان کی آنکھیں اور ان کے چمڑے سب ان پر ان کے کیے کی گواہی دیں گے۔ اور وہ اپنی جلدوں سے کہیں گے کہ تم

لِمَ شَهِدْتُّمْ عَلَيْنَا ۖ قَالُوْٓا اَنْطَقَنَا اللّٰهُ الَّذِيْٓ اَنْطَقَ كُلَّ شَيْءٍ وَّهُوَ

لِمَ	شَهِدْتُّمْ	عَلَيْنَا	قَالُوْٓا	اَنْطَقَنَا	اللّٰهُ	الَّذِيْٓ	اَنْطَقَ	كُلَّ	شَيْءٍ	وَ	هُوَ
کیوں	گواہی دی تم نے	ہم پر	کہیں گے	بلوایا ہم کو	اللہ نے	جس نے	گویائی بخشی	ہر	چیز کو	اور	اسی نے

ہمارے خلاف گواہی کیوں دی؟ وہ کہیں گی ہمیں اس اللہ نے بولنے کی طاقت دی ہے جس نے ہر چیز کو بولنے کی طاقت دی ہے اور

خَلَقَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ

خَلَقَكُمْ	اَوَّلَ	مَرَّةٍ	وَّاِلَيْهِ	تُرْجَعُوْنَ	وَ	مَا	كُنْتُمْ	تَسْتَتِرُوْنَ
پیدا کیا تم کو	پہلی	مرتبہ	اور اسی کی طرف	لوٹائے جاؤ گے تم	اور	جو	تھے تم	چھپتے

اسی نے تمہیں پہلی بار پیدا کیا تھا اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔ مگر تم اس لئے تو نہیں چھپاتے تھے

اَنْ يَّشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلَآ اَبْصَارُكُمْ وَلَا جُلُوْدُكُمْ وَلٰكِنْ

اَنْ	يَّشْهَدَ	عَلَيْكُمْ	سَمْعُكُمْ	وَ	لَآ	اَبْصَارُكُمْ	وَ	لَا	جُلُوْدُكُمْ	وَلٰكِنْ
یہ کہ	گواہی دینگے	تم پر	تمہارے کان	اور	نہ	آنکھیں تمہاری	اور	نہ	چمڑے تمہارے	اور لیکن

کہ تمہارے کان تمہاری آنکھیں اور تمہاری جلدیں تمہارے خلاف گواہی دیں گی بلکہ

ظَنَنْتُمْ اَنَّ اللّٰهَ لَا يَعْلَمُ كَثِيْرًا مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَذٰلِكُمْ ظَنُّكُمُ

ظَنَنْتُمْ	اَنَّ	اللّٰهَ	لَا	يَعْلَمُ	كَثِيْرًا	مِّمَّا	تَعْمَلُوْنَ	وَ	ذٰلِكُمْ	ظَنُّكُمْ
خیال کیا تم نے	کہ بیشک	اللہ	نہیں	جانتا	بہت سی	وہ چیزیں جو	کرتے ہو تم	اور	یہ	تمہارا خیال تھا

تم خیال کرتے تھے کہ اللہ تمہارے بہت سے عملوں کو نہیں جانتا۔ اور تمہارے اسی گمان نے

الَّذِيْ ظَنَنْتُمْ بِرَبِّكُمْ اَرْدٰىكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۲۳﴾ فَاِنْ

الَّذِيْ	ظَنَنْتُمْ	بِرَبِّكُمْ	اَرْدٰىكُمْ	فَاَصْبَحْتُمْ	مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ	فَاِنْ
جو	خیال کیا تم نے	اپنے رب کے متعلق	ہلاک کر دیا اس نے تم کو	تو ہو گئے تم	خسارہ اٹھانے والوں میں سے	تو اگر

جو تم نے اپنے رب کے بارے میں کیا تمہیں ہلاک کر دیا تو تم نقصان اٹھانے والوں میں سے ہو گئے۔ تو اگر

يَّصْبِرُوْا فَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ ۚ وَاِنْ يَّسْتَعْتِبُوْا فَمَا هُمْ مِّنَ الْمُعْتَبِيْنَ ﴿۲۴﴾

يَّصْبِرُوْا	فَالنَّارُ	مَثْوًى	لَّهُمْ	وَ	اِنْ	يَّسْتَعْتِبُوْا	فَمَا	هُمْ	مِّنَ الْمُعْتَبِيْنَ
صبر کریں وہ	تو آگ	ٹھکانہ ہے	ان کا	اور	اگر	معافی مانگیں	تو نہیں	وہ	معاف کیے جائینگے

وہ صبر کریں تب بھی آگ ان کا ٹھکانا ہے اور اگر وہ (اللہ کو) راضی کرنا چاہیں تو ان کی یہ بات قبول نہ کی جائے گی۔

وَقَيَّضْنَا لَهُمْ قُرَنَآءَ فَزَيَّنُوْا لَهُمْ مَّا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ

وَ	قَيَّضْنَا	لَهُمْ	قُرَنَآءَ	فَزَيَّنُوْا	لَهُمْ	مَّا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ
اور	مقرر کیے ہم نے	ان کے لیے	ساتھی	تو سجائے انہوں نے	ان کے لیے	جو ان کے آگے تھے

اور ہم نے ان پر کچھ ساتھی متعین کیے انہوں نے انہیں بلا کر دکھایا جو ان کے آگے ہے

وَمَا خَلْفَهُمْ وَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِيْۤ اُمَمٍ قَدْ

وَ	مَا	خَلْفَهُمْ	وَ	حَقَّ	عَلَيْهِمُ	الْقَوْلُ	فِيْۤ اُمَمٍ	قَدْ
اور	جو	ان کے پیچھے تھے	اور	حق ہوئی	ان پر	بات	گروہوں میں	جو بیشک

اور جو ان کے پیچھے اور ان پر بات پوری ہوئی ان گروہوں کے ساتھ جو

خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ۚ اِنَّهُمْ كَانُوْا

خَلَتْ	مِنْ قَبْلِهِمْ	مِّنَ الْجِنِّ	وَالْاِنْسِ	اِنَّهُمْ	كَانُوْا
گزر چکے	ان سے پہلے	جنوں میں سے	اور انسانوں سے	بیشک وہ	تھے

ان سے پہلے گزر چکے جن اور آدمیوں کے بے شک وہ

خٰسِرِيْنَ ﴿۲۵﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَسْمَعُوْا لِهٰذَا الْقُرْاٰنِ

ع ۱۷

خٰسِرِيْنَ	وَقَالَ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	لَا	تَسْمَعُوْا	لِهٰذَا	الْقُرْاٰنِ
خسارہ اٹھانیوالے	اور بولے	وہ جو	کافر تھے	نہ	سنو	اس	قرآن کو

نقصان اٹھانے والے تھے۔ اور کافر بولے یہ قرآن نہ سنو اور اس (کی قرأت کے اوقات)

وَالْغَوْا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَغْلِبُوْنَ ﴿۲۶﴾ فَلَنُذِيْقَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

كَفَرُوْا	الَّذِيْنَ	فَلَنُذِيْقَنَّ	تَغْلِبُوْنَ	لَعَلَّكُمْ	فِيْهِ	الْغَوْا	وَ
جو کافر تھے	ان کو	تو ہم ضرور چکھائیں گے	غالب رہو	تاکہ تم	اس میں	شور کرو	اور

میں بیہودہ غل غپاڑہ مچاؤ شاید کہ یونہی تم غالب آؤ۔ سو ہم ضرور ان کافروں کو

عَذَابًا شَدِيْدًا ۙ وَّلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَسْوَاَ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۲۷﴾

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	الَّذِيْ	اَسْوَاَ	وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ	شَدِيْدًا	عَذَابًا
وہ جو کام کرتے تھے	اس کا	برا	اور ضرور بدلہ دیں گے ہم ان کو	سخت	عذاب

سخت عذاب کا مزہ چکھائیں گے اور ضرور انہیں ان کے بدترین عملوں کا بدلہ دیں گے۔

ذٰلِكَ جَزَآءُ اَعْدَآءِ اللّٰهِ النَّارُ ۚ لَهُمْ فِيْهَا دَارُ الْخُلْدِ ؕ

الْخُلْدِ	دَارُ	فِيْهَا	لَهُمْ	النَّارُ	اللّٰهِ	اَعْدَآءِ	جَزَآءُ	ذٰلِكَ
ہمیشہ کا	گھر ہے	اس میں	ان کے لیے	آگ	خدا کا	دشمنان	بدلہ ہے	یہ

یہ ہو گا اللہ کے دشمنوں کا بدلہ (یعنی) آگ اس میں ان کیلئے ہمیشہ کا گھر ہو گا

جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ﴿۲۸﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

كَفَرُوْا	الَّذِيْنَ	قَالَ	وَ	يَجْحَدُوْنَ	بِاٰيٰتِنَا	كَانُوْا	بِمَا	جَزَآءً
کافر تھے	وہ جو	کہیں گے	اور	انکار کرتے	ہماری آیتوں کا	تھے	اس کا جو	بدلہ ہے

بدلہ اس بات کا کہ وہ ہماری آیتوں کا انکار کرتے تھے۔ اور کافر کہیں گے

رَبَّنَآ اَرِنَا الَّذَيْنِ اَضَلّٰنَا مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ نَجْعَلْهُمَا

نَجْعَلْهُمَا	وَالْاِنْسِ	مِنَ الْجِنِّ	اَضَلّٰنَا	الَّذَيْنِ	اَرِنَا	رَبَّنَآ
کہ ہم کردیں انکو	اور انسانوں سے	جنوں میں سے	جنہوں نے گمراہ کیا ہم کو	وہ دونوں فریق	دکھا ہم کو	اے ہمارے رب

اے ہمارے رب! ہمیں جنوں اور انسانوں میں سے وہ دونوں دکھا دے جنہوں نے ہمیں گمراہ کیا کہ ہم انہیں (پامال) کر دیں

تَحۡتَ اَقۡدَامِنَا لِیَکُوۡنَا مِنَ الۡاَسۡفَلِیۡنَ ﴿۲۹﴾ اِنَّ الَّذِیۡنَ

تَحۡتَ	اَقۡدَامِنَا	لِیَکُوۡنَا	مِنَ الۡاَسۡفَلِیۡنَ	اِنَّ	الَّذِیۡنَ
نیچے	اپنے قدموں کے	تا کہ ہوں	وہ ذلیل لوگوں سے	بیشک	وہ جنہوں نے

اپنے قدموں کے نیچے تا کہ وہ سب سے زیادہ ذلیل ہونے والوں میں سے ہو جائیں۔ بے شک جن لوگوں نے کہا

قَالُوۡا رَبُّنَا اللّٰہُ ثُمَّ اسۡتَقَامُوۡا تَتَنَزَّلُ عَلَیۡہِمُ الۡمَلٰٓئِکَۃُ اَلَّا

قَالُوۡا	رَبُّنَا	اللّٰہُ	ثُمَّ	اسۡتَقَامُوۡا	تَتَنَزَّلُ	عَلَیۡہِمُ	الۡمَلٰٓئِکَۃُ	اَلَّا
کہا	ہمارا رب	اللہ ہے	پھر	جمے رہے	اترتے ہیں	ان پر	فرشتے	یہ کہ نہ

ہمارا رب اللہ ہے پھر وہ (اس پر مضبوطی سے) قائم رہے ان پر فرشتے اُترتے ہیں کہ نہ

تَخَافُوۡا وَ لَا تَحۡزَنُوۡا وَ اَبۡشِرُوۡا بِالۡجَنَّۃِ الَّتِیۡ کُنۡتُمۡ

تَخَافُوۡا	وَ	لَا	تَحۡزَنُوۡا	وَ	اَبۡشِرُوۡا	بِالۡجَنَّۃِ	الَّتِیۡ	کُنۡتُمۡ
خوف کرو	اور	نہ	غم کھاؤ	اور	خوشخبری حاصل کرو	جنت کی	جو	تھے تم

خوف کرو اور نہ غمگین ہو اور اس جنت کے ساتھ خوش ہو جاؤ جس کا تم سے

تُوۡعَدُوۡنَ ﴿۳۰﴾ نَحۡنُ اَوۡلِیٰٓؤُکُمۡ فِی الۡحَیٰوۃِ الدُّنۡیَا وَ فِی الۡاٰخِرَۃِ ۚ

تُوۡعَدُوۡنَ	نَحۡنُ	اَوۡلِیٰٓؤُکُمۡ	فِی الۡحَیٰوۃِ	الدُّنۡیَا	وَ	فِی الۡاٰخِرَۃِ
وعدہ دیے جاتے	ہم	دوست ہیں تمہارے	زندگی میں	دینا کے	اور	آخرت میں

وعدہ کیا جاتا تھا۔ ہم تمہارے دوست ہیں دنیا کی زندگی میں اور

وَلَکُمۡ فِیۡہَا مَا تَشۡتَہِیۡۤ اَنۡفُسُکُمۡ وَ لَکُمۡ فِیۡہَا مَا

وَلَکُمۡ	فِیۡہَا	مَا	تَشۡتَہِیۡۤ	اَنۡفُسُکُمۡ	وَ	لَکُمۡ	فِیۡہَا	مَا
اور تمہارے لیے ہے	اس میں	جو	چاہے	تمہارا جی	اور	تمہارے لیے ہے	اس میں	جو کچھ

آخرت میں اور تمہارے لئے ہے اس میں جو تمہارا جی چاہے اور جو مانگو گے تمہارے لئے

تَدَّعُوْنَ ﴿۳۱﴾ؕ نُزُلًا مِّنْ غَفُوْرٍ رَّحِيْمٍ ﴿۳۲﴾ؒ وَمَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا

تَدَّعُوْنَ	نُزُلًا	مِّنْ غَفُوْرٍ	رَّحِيْمٍ	وَ	مَنْ	اَحْسَنُ	قَوْلًا
تم مانگو	مہمانی ہے	بخشنے والے کی طرف سے	مہربان	اور	کون	بہتر ہے	بات میں

اس میں ہوگا۔ بخشنے والے مہربان کی طرف سے ہے۔ اور اس سے اچھا قول کس کا ہے

مِّمَّنْ دَعَآ اِلَى اللّٰهِ وَعَمِلَ صَالِحًا وَّقَالَ اِنَّنِيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۳۳﴾

مِّمَّنْ	دَعَآ	اِلَى اللّٰهِ	وَ	عَمِلَ	صَالِحًا	وَّقَالَ	اِنَّنِيْ	مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ
اس سے جو	بلائے	اللہ کی طرف	اور	کام کرے	اچھے	اور کہے	بیشک میں	فرمانبرداروں میں ہوں

جس نے اللہ کی طرف بلایا اور درست عمل کرتا رہا اور کہا میں فرمانبرداروں میں سے ہوں۔

وَلَا تَسْتَوِي الْحَسَنَةُ وَلَا السَّيِّئَةُ ؕ اِدْفَعْ

وَ	لَا	تَسْتَوِي	الْحَسَنَةُ	وَلَا	السَّيِّئَةُ	اِدْفَعْ
اور	نہیں	برابر	نیکی	اور نہ	برائی	ٹال دے

اور اچھائی اور برائی برابر نہیں ہو سکتیں اسے اس بات سے دور کر

بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِيْ بَيْنَكَ وَبَيْنَهٗ عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ

بِالَّتِيْ	هِيَ	اَحْسَنُ	فَاِذَا	الَّذِيْ	بَيْنَكَ	وَ	بَيْنَهٗ	عَدَاوَةٌ	كَاَنَّهٗ
ایسی طرح سے	وہ	اچھی ہو	تو پھر	وہ جو کہ	تیرے درمیان	اور	اسکے درمیان	دشمنی ہے	گویا کہ وہ

جو بہت عمدہ ہو تو وہ شخص جس کے اور تمہارے درمیان دشمنی ہے ایسا ہو جائے گا جیسے وہ

وَلِيٌّ حَمِيْمٌ ﴿۳۴﴾ وَمَا يُلَقّٰهَآ اِلَّا الَّذِيْنَ صَبَرُوْا ۚ وَمَا

وَلِيٌّ	حَمِيْمٌ	وَ	مَا	يُلَقّٰهَآ	اِلَّا	الَّذِيْنَ	صَبَرُوْا	وَمَا
دوست ہے	گہرا	اور	نہیں	توفیق ہوتی اسکی	مگر	ان کو جو	صابر ہیں	اور نہیں

گہرا دوست ہو۔ اور یہ خوبی نہیں دی جاتی مگر انہی لوگوں کو جنہوں نے صبر کیا اور یہ خوبی نہیں

يُلَقّٰهَآ اِلَّا ذُوْحَظٍّ عَظِيْمٍ ﴿٣٥﴾ وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ

مِنَ الشَّيْطٰنِ	يَنْزَغَنَّكَ	وَاِمَّا	ذُوْحَظٍّ عَظِيْمٍ	اِلَّا	يُلَقّٰهَآ
شیطان کی طرف سے	وسوسہ آئے تجھ کو	اور اگر	بڑے نصیب والے کو	مگر	توفیق ہوتی اسکی

عطا کی جاتی مگر بڑے نصیب والوں کو۔ اور (اے مخاطب!) اگر شیطان کی طرف سے تجھے کوئی

نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ

السَّمِيْعُ	هُوَ	اِنَّهٗ	بِاللّٰهِ	فَاسْتَعِذْ	نَزْغٌ
سننے والا	وہی ہے	بیشک وہ	اللہ کی	تو پناہ مانگ	کوئی وسوسہ

وسوسہ پہنچے تو (فوراً) اللہ کی پناہ لے بے شک وہی خوب سننے والا بہت

الْعَلِيْمُ ﴿٣٦﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهِ الَّيْلُ وَالنَّهَارُ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ؕ

وَالْقَمَرُ	وَالشَّمْسُ	النَّهَارُ	وَ	الَّيْلُ	مِنْ اٰيٰتِهِ	وَ	الْعَلِيْمُ
اور چاند ہے	اور سورج	دن ہے	اور	رات ہے	اسکی نشانیوں میں سے	اور	جاننے والا

جاننے والا ہے۔ اور اس کی نشانیوں میں سے ہیں رات اور دن اور سورج اور چاند

لَا تَسْجُدُوْا لِلشَّمْسِ وَلَا لِلْقَمَرِ وَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَهُنَّ

خَلَقَهُنَّ	الَّذِيْ	لِلّٰهِ	اسْجُدُوْا	وَ	لِلْقَمَرِ	لَا	وَ	لِلشَّمْسِ	لَا تَسْجُدُوْا
پیدا کیا ان کو	جس نے	اللہ کو	سجدہ کرو	اور	چاند کو	نہ	اور	سورج کو	مت سجدہ کرو

سجدہ نہ کرو سورج کو اور نہ چاند کو اور اللہ ہی کو سجدہ کرو جس نے اسے پیدا کیا

اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ﴿٣٧﴾ فَاِنِ اسْتَكْبَرُوْا فَالَّذِيْنَ عِنْدَ

عِنْدَ	فَالَّذِيْنَ	اسْتَكْبَرُوْا	فَاِنِ	تَعْبُدُوْنَ	اِيَّاهُ	كُنْتُمْ	اِنْ
پاس	تو وہ جو	تکبر کریں	تو اگر	عبادت کرتے	خاص اس کی	ہوتم	اگر

اگر تم اس کے بندے ہو۔ تو اگر یہ تکبر کریں

رَبِّكَ يُسَبِّحُوْنَ لَهٗ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُمْ لَا يَسْـَٔمُوْنَ ۩ ۳۸

رَبِّكَ	يُسَبِّحُوْنَ	لَهٗ	بِالَّيْلِ	وَالنَّهَارِ	وَ	هُمْ	لَا	يَسْـَٔمُوْنَ
تیرے رب کے ہیں	تسبیح کرتے ہیں	اس کی	رات	اور دن	اور	وہ	نہیں	تھکتے

تو وہ جو تمہارے رب کے پاس فرشتے ہیں رات دن اس کی تسبیح بیان کرتے ہیں اور اکتاتے نہیں۔

وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنَّكَ تَرَى الْاَرْضَ خَاشِعَةً فَاِذَآ اَنْزَلْنَا

وَ	مِنْ اٰيٰتِهٖ	اَنَّكَ	تَرَى	الْاَرْضَ	خَاشِعَةً	فَاِذَآ	اَنْزَلْنَا
اور	اس کی نشانیوں میں سے ہے	کہ تو	دیکھتا ہے	زمین کو	دبی ہوئی	تو جب	اتارتے ہیں ہم

اور اس کی نشانیوں میں یہ بھی ہے کہ آپ زمین خشک دیکھتے ہیں پھر جب ہم اس پر

عَلَيْهَا الْمَآءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ ۭ اِنَّ الَّذِيْٓ اَحْيَاهَا لَمُحْيِ

عَلَيْهَا	الْمَآءَ	اهْتَزَّتْ	وَرَبَتْ	اِنَّ	الَّذِيْٓ	اَحْيَاهَا	لَمُحْيِ
اس پر	پانی	تو لہلہاتی ہے	اور پھولتی ہے	بیشک	وہ جس نے	زندہ کیا اس کو	وہ زندہ کرنے والا ہے

پانی برساتے ہیں تو وہ سرسبز و شاداب ہوجاتی ہے اور نمو پانے لگتی ہے بے شک وہ جس نے

الْمَوْتٰى ۭ اِنَّهٗ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۳۹ اِنَّ الَّذِيْنَ

الْمَوْتٰى	اِنَّهٗ	عَلٰى	كُلِّ	شَيْءٍ	قَدِيْرٌ	اِنَّ	الَّذِيْنَ
مُردوں کو	بیشک وہ	اوپر	ہر	شے کے	قادر ہے	بیشک	وہ جو

اسے زندہ کیا وہ مردوں کو بھی ضرور زندہ کرے گا وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ جو لوگ ہماری آیتوں

يُلْحِدُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا لَا يَخْفَوْنَ عَلَيْنَا ۭ اَفَمَنْ يُّلْقٰى فِي النَّارِ

يُلْحِدُوْنَ	فِيْٓ اٰيٰتِنَا	لَا يَخْفَوْنَ	عَلَيْنَا	اَفَمَنْ	يُّلْقٰى	فِي النَّارِ
ٹیڑھے چلتے ہیں	ہماری آیتوں میں	چھپے نہیں	ہم سے	تو کیا جو	ڈالا جائے گا	آگ میں

میں کج روی کرتے ہیں وہ ہم سے چھپے ہوئے نہیں تو کیا وہ

خَيْرٌ اَمْ مَّنْ يَّاْتِيْٓ اٰمِنًا يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اِعْمَلُوْا مَا

ما	اعملوا	القيمة	يوم	امنا	ياتي	من	ام	خير
جو	عمل کرو	قیامت کے	دن	امان سے	آئے گا	وہ جو	یا	بہتر ہے

جو آگ میں ڈالا جائے گا بہتر ہے یا وہ جو روزِ قیامت کو امن میں رہے گا؟

شِئْتُمْ ۙ اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۴۰﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

الذین	ان	بصیر	تعملون	بما	انه	شئتم
وہ جو	بیشک	دیکھنے والا ہے	جو تم کرتے ہو	اس کو	بیشک وہ	تم چاہو

تم جو چاہو کرو وہ تمہارے عملوں کو دیکھ رہا ہے۔ بیشک جنہوں نے

كَفَرُوْا بِالذِّكْرِ لَمَّا جَاۗءَهُمْ ۚ وَاِنَّهٗ لَكِتٰبٌ

لکتب	انه	و	جاءهم	لما	بالذکر	کفروا
کتاب ہے	بیشک وہ	اور	آیا ان کے پاس	جب	قرآن سے	کافر ہوئے

قرآن کے ساتھ کفر کیا جب وہ ان کے پاس آ گیا اور بیشک وہ (قرآن) ضرور بڑی

عَزِيْزٌ ﴿۴۱﴾ لَّا يَاْتِيْهِ الْبَاطِلُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا

لا	و	من بین یدیه	الباطل	یاتیه	لا	عزیز
نہ	اور	اس کے آگے سے	باطل	آتا اسکے پاس	نہیں	عزت والی

عزت والی کتاب ہے۔ اس (قرآن) کے پاس باطل نہیں آ سکتا نہ اس کے سامنے سے اور نہ اس کے

مِنْ خَلْفِهٖ ۭ تَنْزِيْلٌ مِّنْ حَكِيْمٍ حَمِيْدٍ ﴿۴۲﴾ مَا يُقَالُ

یقال	ما	حمید	من حکیم	تنزیل	من خلفه
فرمایا جاتا	نہیں	تعریف کیے گئے	حکمت والے کی طرف سے	اتارا گیا ہے	اسکے پیچھے سے

پیچھے سے نازل کیا ہوا ہے بڑی حکمت والے خوب حمد کیے ہوئے (رب) کا۔ (اے حبیب ﷺ!) جو

لَكَ اِلَّا مَا قَدْ قِيْلَ لِلرُّسُلِ مِنْ قَبْلِكَ ۚ اِنَّ رَبَّكَ

لَكَ	اِلَّا	مَا	قَدْ	قِيْلَ	لِلرُّسُلِ	مِنْ قَبْلِكَ	اِنَّ	رَبَّكَ
آپ کو	مگر	وہی	جو	فرمایا جاتا تھا	رسولوں کو	آپ سے پہلے	بیشک	تمہارا رب

آپ سے کہی جاتی ہیں (یہ) وہی باتیں ہیں جو آپ سے پہلے رسولوں سے کہی جا چکی ہیں بے شک آپ کا رب

لَذُوْ مَغْفِرَةٍ وَّذُوْ عِقَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۴۳﴾ وَلَوْ جَعَلْنٰهُ

لَذُوْ مَغْفِرَةٍ	وَ	ذُوْ عِقَابٍ	اَلِيْمٍ	وَ	لَوْ	جَعَلْنٰهُ
بخشش والا ہے	اور	عذاب	دردناک والا ہے	اور	اگر	بنا دیتے ہم اس کو

ضرور معافی والا (بھی) ہے اور دردناک سزا دینے والا (بھی) ہے۔ اور اگر ہم اس (کتاب)

قُرْاٰنًا اَعْجَمِيًّا لَّقَالُوْا لَوْلَا فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ ۖ

قُرْاٰنًا	اَعْجَمِيًّا	لَقَالُوْا	لَوْ	لَا	فُصِّلَتْ	اٰيٰتُهٗ
قرآن	عجمی زبان میں	تو کہتے	کیوں	نہیں	مفصل	اسکی آیتیں

کو عجمی زبان کا قرآن بنا دیتے تو یقیناً یہ کہتے کہ اس کی آیتیں واضح طور پر بیان کیوں نہیں کی گئیں کیا

ءَاَعْجَمِيٌّ وَّعَرَبِيٌّ ۭ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّ

ءَاَعْجَمِيٌّ	وَعَرَبِيٌّ	قُلْ	هُوَ	لِلَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	هُدًى	وَ
کیا عجمی قرآن	اور عربی نبی	فرماؤ	وہ	ان کیلئے جو	مومن ہیں	ہدایت	اور

کتاب عجمی ہے اور رسول عربی ہے (اس لیے اے محبوب مکرم! ہم نے قرآن عجمی آپ ہی کی

شِفَآءٌ ۭ وَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرٌ وَّ

شِفَآءٌ	وَ	الَّذِيْنَ	لَا	يُؤْمِنُوْنَ	فِيْٓ اٰذَانِهِمْ	وَقْرٌ	وَ
شفاء ہے	اور	وہ جو	نہیں	ایمان لاتے	ان کے کانوں میں	بوجھ ہے	اور

زبان میں اتار دیا ہے)۔ فرما دیجئے: وہ (قرآن) ایمان والوں کیلئے ہدایت (بھی) ہے اور شفا (بھی) ہے اور جو لوگ ایمان نہیں

هُوَ عَلَيْهِمْ عَمًى ۭ اُولٰۗىِٕكَ يُنَادَوْنَ مِنْ مَّكَانٍۢ

هُوَ	عَلَيْهِمْ	عَمًى	اُولٰۗىِٕكَ	يُنَادَوْنَ	مِنْ مَّكَانٍۢ
وہ	ان پر	اندھاپن ہے	یہ لوگ	پکارے جاتے ہیں	جگہ سے

رکھتے ان کے کانوں میں بہرے پن کا بوجھ ہے وہ ان کے حق میں نابینا پن (بھی) ہے (گویا) وہ لوگ کسی دور کی جگہ سے

بَعِيْدٍ ﴿۴۴﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَاخْتُلِفَ فِيْهِ ۭ وَ

بَعِيْدٍ	وَ	لَقَدْ	اٰتَيْنَا	مُوْسَى	الْكِتٰبَ	فَاخْتُلِفَ	فِيْهِ	وَ
مِنْ	فَهَلْ	لِلذِّكْرِ	الْقُرْاٰنَ	يَسَّرْنَا	لَقَدْ	وَ	الْمُحْتَظِرِ	كَهَشِيْمِ
کوئی	تو کیا ہے	یاد کرنے کیلئے	قرآن کو	آسان کیا ہم نے	بیشک	اور	سوکھی ہوئی	جیسے چورا چورا گھاس

طرح (بھس ہو کر) رہ گئے۔ اور ہم نے اس قرآن کو نصیحت کیلئے آسان کر دیا ہے اب

مُّدَّكِرٍ ﴿۳۲﴾ كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوْطٍۭ بِالنُّذُرِ ﴿۳۳﴾ اِنَّآ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ

مُّدَّكِرٍ	كَذَّبَتْ	قَوْمُ	لُوْطٍ	بِالنُّذُرِ	اِنَّآ	اَرْسَلْنَا	عَلَيْهِمْ
یاد کرنیوالا	جھٹلایا	قوم	لوط نے	رسولوں کو	بیشک ہم نے	بھیجا ہم نے	ان پر

کوئی نصیحت لینے والا۔ لوط علیہ السلام کی قوم نے ڈرانے والے پیغمبروں کو جھٹلایا۔ ہم نے ان پر

حَاصِبًا اِلَّآ اٰلَ لُوْطٍ ؕ نَجَّيْنٰهُمْ بِسَحَرٍ ﴿۳۴﴾ نِّعْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا ؕ

حَاصِبًا	اِلَّآ	اٰلَ	لُوْطٍ	نَجَّيْنٰهُمْ	بِسَحَرٍ	نِّعْمَةً	مِّنْ عِنْدِنَا
پتھراؤ	مگر	گھروالے	لوط کے	ہم نے نجات دی انکو	سحری کے وقت	نعمت تھی	ہماری طرف سے

تند پتھریلی ہوا چلائی سوائے آلِ لوط علیہ السلام کے، انہیں ہم نے سحری کے وقت بچالیا۔ اپنی طرف سے احسان فرما کر ہم اسی طرح

كَذٰلِكَ نَجْزِيْ مَنْ شَكَرَ ﴿۳۵﴾ وَلَقَدْ اَنْذَرَهُمْ بَطْشَتَنَا فَتَمَارَوْا

كَذٰلِكَ	نَجْزِيْ	مَنْ	شَكَرَ	وَ	لَقَدْ	اَنْذَرَهُمْ	بَطْشَتَنَا	فَتَمَارَوْا
اسی طرح	بدلہ دیتے ہیں ہم	اس کو جو	شکر کرے	اور	بیشک	ڈرایا اس نے ان کو	ہماری گرفت سے	تو شک کیا انہوں نے

جزاء دیتے ہیں اسے جو شکر کرے۔ اور بے شک لوط علیہ السلام نے انہیں ہماری گرفت سے ڈرایا تو انہوں نے ان کے

بِالنُّذُرِ ﴿۳۶﴾ وَلَقَدْ رَاوَدُوْهُ عَنْ ضَيْفِهٖ فَطَمَسْنَآ اَعْيُنَهُمْ فَذُوْقُوْا

بِالنُّذُرِ	وَ	لَقَدْ	رَاوَدُوْهُ	عَنْ ضَيْفِهٖ	فَطَمَسْنَآ	اَعْيُنَهُمْ	فَذُوْقُوْا
ڈر کے فرمان میں	اور	بیشک	پھسلایا انہوں نے اسکو	اسکے مہمانوں سے	تو ہم نے مٹادیں	ان کی آنکھیں	تو چکھو

ڈرانے میں شک کیا۔ انہوں نے اسے اس کے مہمانوں سے پھسلانا چاہا تو ہم نے ان کی آنکھیں بے نور کردیں فرمایا چکھو میرا

عَذَابِيْ وَنُذُرِ ﴿۳۷﴾ وَلَقَدْ صَبَّحَهُمْ بُكْرَةً عَذَابٌ مُّسْتَقِرٌّ ﴿۳۸﴾ ج

عَذَابِيْ	وَ	نُذُرِ	وَ	لَقَدْ	صَبَّحَهُمْ	بُكْرَةً	عَذَابٌ	مُّسْتَقِرٌّ
میرا عذاب	اور	ڈر کے فرمان	اور	بیشک	صبح ان پر	تڑکے	عذاب آیا	ٹھہرنے والا

عذاب اور میری تنبیہات کا۔ اور بے شک صبح سویرے ان پر ٹھہرنے والا عذاب آیا۔

فَذُوْقُوْا عَذَابِیْ وَنُذُرِ ﴿۳۹﴾ وَلَقَدْ یَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّکْرِ فَهَلْ مِنْ

فَذُوْقُوْا	عَذَابِیْ	وَ	نُذُرِ	وَ	لَقَدْ	یَسَّرْنَا	الْقُرْاٰنَ	لِلذِّکْرِ	فَهَلْ	مِنْ
تو چکھو	میرا عذاب	اور	میرا ڈرانا	اور	بیشک	آسان کیا ہم نے	قرآن	یاد کرنے کیلئے	تو کیا ہے	کو

اب چکھو میرا عذاب اور میرے ڈرانے کا مزہ! اور ہم نے اس قرآن کو نصیحت کیلئے آسان کر دیا ہے اب ہے کو

مُّدَّکِرٍ ﴿۴۰﴾ وَلَقَدْ جَآءَ اٰلَ فِرْعَوْنَ النُّذُرُ ﴿۴۱﴾ کَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَا کُلِّهَا

مُّدَّکِرٍ	وَ	لَقَدْ	جَآءَ	اٰلَ	فِرْعَوْنَ	النُّذُرُ	کَذَّبُوْا	بِاٰیٰتِنَا	کُلِّهَا
یاد کرنیوالا	اور	بیشک	آئے	قوم	فرعون کے پاس	ڈرانے والے	جھٹلایا انہوں نے	ہماری ساری	آیات

نصیحت لینے والا۔ اور بیشک فرعون والوں کے پاس ڈرانے والے آئے۔ انہوں نے ہماری سب نشانیوں

فَاَخَذْنٰهُمْ اَخْذَ عَزِیْزٍ مُّقْتَدِرٍ ﴿۴۲﴾ اَکُفَّارُکُمْ خَیْرٌ مِّنْ اُولٰٓئِکُمْ اَمْ

فَاَخَذْنٰهُمْ	اَخْذَ	عَزِیْزٍ	مُّقْتَدِرٍ	اَکُفَّارُکُمْ	خَیْرٌ	مِّنْ اُولٰٓئِکُمْ	اَمْ
تو ہم نے انکو پکڑ لیا	پکڑنا	غالب	قدرت والے کا	کیا کافر تمہارے	بہتر ہیں	ان لوگوں سے	یا

تکذیب کی تو ہم نے ان کو بڑی غالب اور مضبوط پکڑ میں پکڑ لیا۔ تمہارے کافر ان سے بہتر ہیں یا آسمانی کتابوں

لَکُمْ بَرَآءَةٌ فِی الزُّبُرِ ﴿۴۳﴾ اَمْ یَقُوْلُوْنَ نَحْنُ جَمِیْعٌ مُّنْتَصِرٌ ﴿۴۴﴾

لَکُمْ	بَرَآءَةٌ	فِی الزُّبُرِ	اَمْ	یَقُوْلُوْنَ	نَحْنُ	جَمِیْعٌ	مُّنْتَصِرٌ
تمہارے لئے	برات ہے	کتابوں میں	کیا	کہتے ہیں	ہم	سب مل کر	بدلہ لیں

میں تمہاری برات لکھی ہوئی ہے۔ یا یہ کہتے ہیں کہ ہم ایسی جماعت ہیں جو غالب ہو جانے والی ہے

سَیُهْزَمُ الْجَمْعُ وَیُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ ﴿۴۵﴾ بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ

سَیُهْزَمُ	الْجَمْعُ	وَیُوَلُّوْنَ	الدُّبُرَ	بَلِ	السَّاعَةُ	مَوْعِدُهُمْ
جلدی شکست دی جائے گی	جماعت کو	اور پھیریں گے	پیٹھ	بلکہ	قیامت	وعدہ ہے ان کا

اس جماعت کو شکست ہو گی اور وہ پیٹھ پھیر جائیں گے۔ نہیں بلکہ وہ گھڑی ان کے وعدے کا وقت

وقف لازم

السَّاعَةُ اَدْهٰى وَاَمَرُّ ﴿۴۶﴾ اِنَّ الْمُجْرِمِيْنَ فِىْ ضَلٰلٍ وَّسُعُرٍ ﴿۴۷﴾ يَوْمَ

السَّاعَةُ	اَدْهٰى	وَ	اَمَرُّ	اِنَّ	الْمُجْرِمِيْنَ	فِىْ ضَلٰلٍ	وَّ	سُعُرٍ	يَوْمَ
قیامت	نہایت کڑوی ہے	اور	سخت کڑوی	بیشک	مجرم	گمراہی میں	اور	دیوانگی میں ہیں	جس دن

وہ گھڑی بڑی آفت اور بڑی تلخ ہو گی۔ بے شک مجرم گمراہی اور دیوانگی میں ہیں۔ جس دن

يُسْحَبُوْنَ فِى النَّارِ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ ۭ ذُوْقُوْا مَسَّ سَقَرَ ﴿۴۸﴾ اِنَّا كُلَّ

يُسْحَبُوْنَ	فِى النَّارِ	عَلٰى	وُجُوْهِهِمْ	ذُوْقُوْا	مَسَّ	سَقَرَ	اِنَّا	كُلَّ
گھسیٹے جائیں گے	آگ میں	اوپر	اپنے مونہوں کے	چکھو	آنچ	دوزخ کی	بیشک ہم نے	ہر

وہ اوندھے منہ گھسیٹے جائیں گے آگ میں دوزخ کا عذاب چکھو۔ بیشک ہم نے

شَيْءٍ خَلَقْنٰهُ بِقَدَرٍ ﴿۴۹﴾ وَمَآ اَمْرُنَآ اِلَّا وَاحِدَةٌ كَلَمْحٍ

شَيْءٍ	خَلَقْنٰهُ	بِقَدَرٍ	وَ	مَآ	اَمْرُنَآ	اِلَّا	وَاحِدَةٌ كَلَمْحٍ
چیز کو	پیدا کیا ہے	ایک اندازے سے	اور	نہیں	حکم ہمارا	مگر	جیسے ایک پلک جھپکنا

ہر چیز ایک اندازہ سے پیدا فرمائی۔ اور ہمارا حکم ایک بار پلک

بِالْبَصَرِ ﴿۵۰﴾ وَلَقَدْ اَهْلَكْنَآ اَشْيَاعَكُمْ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿۵۱﴾ وَكُلُّ

بِالْبَصَرِ	وَ	لَقَدْ	اَهْلَكْنَآ	اَشْيَاعَكُمْ	فَهَلْ	مِنْ	مُّدَّكِرٍ	وَ	كُلُّ
آنکھ کا	اور	بیشک	ہم نے ہلاک کئے	تمہارے جیسے	تو کیا	کوئی ہے	دھیان کرنیوالا	اور	ہر وہ

جھپکنے کی طرح ہے۔ اور ہم تمہاری طرح کے لوگوں کو ہلاک کر چکے ہیں اب ہے کوئی نصیحت لینے والا؟ اور جو کام

شَيْءٍ فَعَلُوْهُ فِى الزُّبُرِ ﴿۵۲﴾ وَكُلُّ صَغِيْرٍ وَّكَبِيْرٍ مُّسْتَطَرٌ ﴿۵۳﴾ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ

شَيْءٍ	فَعَلُوْهُ	فِى الزُّبُرِ	وَ	كُلُّ	صَغِيْرٍ	وَّ	كَبِيْرٍ	مُّسْتَطَرٌ	اِنَّ	الْمُتَّقِيْنَ
چیز جو	کی انہوں نے وہ ہے	کتابوں میں	اور	ہر	چھوٹی	اور	بڑی	لکھی ہوئی ہے	بیشک	پرہیزگار

بھی وہ کرتے ہیں وہ کتابوں میں درج ہے۔ اور ہر چھوٹا بڑا کام لکھا ہوا ہے۔ بے شک متقی

فِىْ جَنّٰتٍ وَّنَهَرٍ ﴿۵۴﴾ فِىْ مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِيْكٍ مُّقْتَدِرٍ ﴿۵۵﴾ ع

فِىْ جَنّٰتٍ	وَّ	نَهَرٍ	فِىْ مَقْعَدِ	صِدْقٍ	عِنْدَ	مَلِيْكٍ	مُّقْتَدِرٍ
جنتوں میں	اور	نہروں کے ہوں گے	مقام میں	صدق کے	پاس	بادشاہ	قدرت والے کے

جنتوں اور نہروں میں ہوں گے۔ سچ کی مجلس میں عظیم قدرت والے بادشاہ کے حضور۔

ایاتہا ۷۸ | ۵۵ سُوْرَةُ الرَّحْمٰنِ مَدَنِيَّةٌ ۹۷ | رکوعاتہا ۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اَلرَّحْمٰنُ ﴿۱﴾ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ﴿۲﴾ خَلَقَ الْاِنْسَانَ ﴿۳﴾ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ﴿۴﴾

اَلرَّحْمٰنُ	عَلَّمَ	الْقُرْاٰنَ	خَلَقَ	الْاِنْسَانَ	عَلَّمَهُ	الْبَيَانَ
رحمٰن نے	سکھایا	قرآن	پیدا کیا	انسان کو	سکھایا اسکو ما کان و ما یکون	بیان کرنا

رحمٰن نے۔ اپنے محبوب کو قرآن سکھایا۔ اس نے (اس کامل) انسان کو پیدا فرمایا۔ اس نے اسے (ما کان و ما یکون بیان سکھایا۔

اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ﴿۵﴾ وَّالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ يَسْجُدٰنِ ﴿۶﴾

اَلشَّمْسُ	وَ	الْقَمَرُ	بِحُسْبَانٍ	وَّالنَّجْمُ	وَ	الشَّجَرُ	يَسْجُدٰنِ
سورج	اور	چاند	حساب سے ہیں	اور سبزے	اور	پیڑ	سجدہ کرتے ہیں

سورج اور چاند مقررہ حساب سے (چلتے) ہیں۔ اور زمین پر پھیلنے والے پودے اور اپنی ساق پر کھڑے ہونے والے درخت (اللہ کیلئے) سجدہ کرتے ہیں۔

وَالسَّمَآءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ الْمِيْزَانَ ﴿۷﴾ اَلَّا تَطْغَوْا فِى الْمِيْزَانِ ﴿۸﴾ وَاَقِيْمُوا

وَ	السَّمَآءَ	رَفَعَهَا	وَوَضَعَ	الْمِيْزَانَ	اَلَّا	تَطْغَوْا	فِى الْمِيْزَانِ	وَاَقِيْمُوا
اور	آسمان	بلند کیا اس کو	اور رکھی	ترازو	یہ کہ نہ	بے اعتدالی کرو	ترازو میں	اور قائم کرو

اور آسمانوں کو اللہ نے بلند کیا اور ترازو قائم کررکھی ہے۔ کہ ترازو میں بے اعتدالی نہ کرو۔ اور وزن کو

الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا الْمِيزَانَ ﴿٩﴾ وَالْأَرْضَ وَضَعَهَا لِلْأَنَامِ ﴿١٠﴾

الْوَزْنَ	بِالْقِسْطِ	وَ	لَا تُخْسِرُوا	الْمِيزَانَ	وَالْأَرْضَ	وَضَعَهَا	لِلْأَنَامِ
وزن	انصاف سے	اور	نہ گھٹاؤ	وزن	اور زمین	رکھا اس کو	مخلوق کیلئے

انصاف پر قائم کرو اور تول میں کمی نہ کرو۔ اور زمین کو اس نے مخلوق کیلئے بنایا۔

فِيهَا فَاكِهَةٌ وَالنَّخْلُ ذَاتُ الْأَكْمَامِ ﴿١١﴾ وَالْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ

فِيهَا	فَاكِهَةٌ	وَالنَّخْلُ	ذَاتُ الْأَكْمَامِ	وَالْحَبُّ	ذُو الْعَصْفِ
اس میں	میوے	اور کھجوریں	غلافوں والی	اور اناج	بھس کے ساتھ

اس میں میوے ہیں اور (قدرتی) غلاف والی کھجوریں۔ اور بھوسے والا غلہ

وَالرَّيْحَانُ ﴿١٢﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿١٣﴾ خَلَقَ الْإِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ

وَ	الرَّيْحَانُ	فَبِأَيِّ	آلَاءِ	رَبِّكُمَا	تُكَذِّبَانِ	خَلَقَ	الْإِنْسَانَ	مِنْ صَلْصَالٍ
اور	خوشبودار پھول	تو کون سی	نعمت	اپنے رب کی	جھٹلاؤ گے تم	پیدا کیا	انسان کو	بجتی مٹی سے

اور خوشبودار پھول۔ اے جن وانس تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔ اس نے آدمی کو ٹھیکری کی طرح بجتے

كَالْفَخَّارِ ﴿١٤﴾ وَخَلَقَ الْجَانَّ مِنْ مَارِجٍ مِنْ نَارٍ ﴿١٥﴾ فَبِأَيِّ

كَالْفَخَّارِ	وَ	خَلَقَ	الْجَانَّ	مِنْ مَارِجٍ	مِنْ نَارٍ	فَبِأَيِّ
ٹھیکری کی طرح کی	اور	پیدا کیا	جنوں کو	لو سے	آگ سے	تو کون

ہوئے خشک گارے سے بنایا۔ اور جنوں کو آگ کے شعلے سے بنایا۔ تو اے جن و انس تم دونوں

آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿١٦﴾ رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبُّ الْمَغْرِبَيْنِ ﴿١٧﴾ فَبِأَيِّ

آلَاءِ	رَبِّكُمَا	تُكَذِّبَانِ	رَبُّ	الْمَشْرِقَيْنِ	وَرَبُّ	الْمَغْرِبَيْنِ	فَبِأَيِّ
سی نعمت	اپنے رب کی	جھٹلاؤ گے تم	وہ رب ہے	دونوں پورب کا	اور رب ہے	دونوں پچھم کا	تو کون سی

اپنے رب کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔ وہی دونوں مشرقوں اور دونوں مغربوں کا مالک ہے۔ تو اے جن وانس تم دونوں

الَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۱۸﴾ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيٰنِ ﴿۱۹﴾ بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ

الَآءِ	رَبِّكُمَا	تُكَذِّبٰنِ	مَرَجَ	الْبَحْرَيْنِ	يَلْتَقِيٰنِ	بَيْنَهُمَا	بَرْزَخٌ
نعمت	اپنے رب کی	تم جھٹلاؤ گے	بہائے	دوسمندر	ملے ہوئے	ان کے درمیان	پردہ ہے

اپنے رب کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔ اس نے دوسمندر رواں کیے جو باہم مل جاتے ہیں۔ اور ان دونوں کے درمیان ایک

لَّا يَبْغِيٰنِ ﴿۲۰﴾ فَبِاَيِّ الَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۲۱﴾ يَخْرُجُ مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ

لَّا	يَبْغِيٰنِ	فَبِاَيِّ	الَآءِ	رَبِّكُمَا	تُكَذِّبٰنِ	يَخْرُجُ	مِنْهُمَا	اللُّؤْلُؤُ
نہیں	بڑھتے ایک دوسرے پر	تو کون سی	نعمت	اپنے رب کی	جھٹلاؤ گے تم	نکلتے ہیں	ان سے	موتی

پردہ ہے (جس سے) وہ تجاوز نہیں کرتے۔ تو اے جن و انس تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔ ان سے موتی اور

وَالْمَرْجَانُ ﴿۲۲﴾ فَبِاَيِّ الَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۲۳﴾ وَلَهُ الْجَوَارِ الْمُنْشَئٰتُ

وَالْمَرْجَانُ	فَبِاَيِّ	الَآءِ	رَبِّكُمَا	تُكَذِّبٰنِ	وَ	لَهُ	الْجَوَارِ	الْمُنْشَئٰتُ
اور مونگے	تو کونسی	نعمت	اپنے رب کی	جھٹلاؤ گے تم	اور	اسی کی ہیں	چلنے والیاں	اٹھی ہوئی

مونگا نکلتا ہے۔ تو اے جن و انس تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔ اور اسی کی ہیں سمندر میں چلنے والی اونچی

فِي الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ ﴿۲۴﴾ فَبِاَيِّ الَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۲۵﴾ كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا

فِي الْبَحْرِ	كَالْاَعْلَامِ	فَبِاَيِّ	الَآءِ	رَبِّكُمَا	تُكَذِّبٰنِ	كُلُّ	مَنْ	عَلَيْهَا
دریا میں	جیسے پہاڑ	تو کونسی	نعمت	اپنے رب کی	جھٹلاؤ گے تم	سب	جو	اس پر ہیں

کشتیاں پہاڑوں کی طرح۔ تو اے جن و انس تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔ زمین پر جتنے ہیں

الربع ۱۵ ع

فَانٍ ﴿۲۶﴾ وَّيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ﴿۲۷﴾ فَبِاَيِّ الَآءِ رَبِّكُمَا

فَانٍ	وَّيَبْقٰى	وَجْهُ	رَبِّكَ	ذُو الْجَلٰلِ	وَالْاِكْرَامِ	فَبِاَيِّ	الَآءِ	رَبِّكُمَا
فنا ہونے والے ہیں	اور باقی رہے گی	ذات	آپ کے رب کی	جو عظمت	اور بزرگی والا ہے	تو کون سی	نعمت	اپنے رب

سب کو فنا ہے۔ اور تمہارے صاحب جلال و عزت رب کی ذات ہی باقی رہ جائے گی۔ تو اے جن و انس تم دونوں اپنے رب کی

تُكَذِّبٰنِ ﴿۲۸﴾ يَسْـَٔلُهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ كُلَّ يَوْمٍ هُوَ

هُوَ	يَوْمٍ	كُلَّ	الْاَرْضِ	وَ	فِي السَّمٰوٰتِ	مَنْ	يَسْـَٔلُهٗ	تُكَذِّبٰنِ
وہ	دن	ہر	زمین میں ہے	اور	آسمانوں میں	جو	مانگتا ہے اس سے	جھٹلاؤ گے تم

کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔ اسی سے مانگتے ہیں جو آسمانوں اور زمین میں ہیں وہ ہر آن نئی شان میں ہے۔

فِي شَاْنٍ ﴿۲۹﴾ ج فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۰﴾ سَنَفْرُغُ لَكُمْ اَيُّهَ الثَّقَلٰنِ ﴿۳۱﴾ ج

الثَّقَلٰنِ	اَيُّهَ	لَكُمْ	سَنَفْرُغُ	تُكَذِّبٰنِ	رَبِّكُمَا	اٰلَآءِ	فَبِاَيِّ	فِي شَاْنٍ
دو بھاری گروہو	اے	تمہارے لیے	جلد فارغ ہوں گے ہم	جھٹلاؤ گے تم	اپنے رب کی	نعمت	تو کون سی	کسی کام میں ہے

تو اے جن و انس تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔ اے (جن و انس کے) دو بھاری گروہ ہم عنقریب (قیامت قائم کر کے) تمہارے

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۲﴾ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ

اسْتَطَعْتُمْ	اِنِ	الْاِنْسِ	وَ	الْجِنِّ	يٰمَعْشَرَ	تُكَذِّبٰنِ	رَبِّكُمَا	اٰلَآءِ	فَبِاَيِّ
تم طاقت رکھتے ہو	اگر	انسانوں کے	اور	جنوں	اے گروہ	جھٹلاؤ گے تم	اپنے رب کی	نعمت	کون سی

(حساب کے) لیے قصد فرماتے ہیں۔ تو اے جن و انس تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔ اے جن و انس کے گروہ!

اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ؕ لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا

اِلَّا	تَنْفُذُوْنَ	لَا	فَانْفُذُوْا	الْاَرْضِ	وَ	السَّمٰوٰتِ	مِنْ اَقْطَارِ	تَنْفُذُوْا	اَنْ
مگر	نہ نکلو گے تم	نہ	تو نکل جاؤ	زمین سے	اور	آسمانوں کے	کناروں سے	نکل جاؤ	یہ کہ

اگر تم آسمانوں اور زمین کی سرحدوں سے نکل سکتے ہو تو نکل جاؤ بغیر دلیل

بِسُلْطٰنٍ ﴿۳۳﴾ ج فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۴﴾ يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ

شُوَاظٌ	عَلَيْكُمَا	يُرْسَلُ	تُكَذِّبٰنِ	رَبِّكُمَا	اٰلَآءِ	فَبِاَيِّ	بِسُلْطٰنٍ
شعلہ	تم پر	بھیجا جائے گا	جھٹلاؤ گے تم	اپنے رب کی	نعمت	تو کون سی	سلطنت ہے اسی کی

تم نہیں نکل سکتے۔ تو اے جن و انس تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔ (اے جھٹلانے والو! اپنے رب کی نعمتوں

مِنْ نَّارٍ ۙ وَّ نُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرٰنِ ﴿۳۵﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۶﴾

مِنْ نَّارٍ	وَّ	نُحَاسٌ	فَلَا	تَنْتَصِرٰنِ	فَبِاَیِّ	اٰلَآءِ	رَبِّكُمَا	تُكَذِّبٰنِ
آگ کا	اور	دھواں	تو نہ	بدلہ لے سکوں گے	تو کون سی	نعمت	اپنے رب کی	جھٹلاؤ گے تم

کے) تم پر چھوڑا جائے گا (قیامت کے دن) آگ کا خالص شعلہ اور دھواں تو تم اسے دفع نہ کر سکو گے۔ تو اے جن و انس تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی

فَاِذَا انْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ ﴿۳۷﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

فَاِذَا	انْشَقَّتِ	السَّمَآءُ	فَكَانَتْ	وَرْدَةً	كَالدِّهَانِ	فَبِاَیِّ	اٰلَآءِ	رَبِّكُمَا
تو جب	پھٹ جائے گا	آسمان	تو ہو جائے گا	سرخ	چمڑے کی طرح	تو کون سی	نعمت	اپنے رب کی

نعمت کو جھٹلاؤ گے۔ پھر جب آسمان پھٹ جائے گا تو رنگے ہوئے چمڑے کی طرح سرخ ہو جائیگا۔ تو اے جن و انس تم دونوں اپنے

تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۸﴾ فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُسْئَلُ عَنْ ذَنْۢبِهٖۤ اِنْسٌ وَّلَا جَآنٌّ ﴿۳۹﴾ فَبِاَیِّ

تُكَذِّبٰنِ	فَيَوْمَئِذٍ	لَّا	يُسْئَلُ	عَنْ ذَنْۢبِهٖۤ	اِنْسٌ	وَّلَا جَآنٌّ	فَبِاَیِّ
جھٹلاؤ گے تم	تو اس دن	نہ	پوچھا جائے گا	اپنے گناہ سے	کوئی انسان	اور نہ جن	تو کون سی

رب کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔ ہاں اس دن کسی انسان سے اس کے گناہوں کے بارے میں پوچھا نہیں جائے گا اور نہ کسی جن سے۔ تو اے

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۰﴾ يُعْرَفُ الْمُجْرِمُوْنَ بِسِيْمٰهُمْ فَيُؤْخَذُ

اٰلَآءِ	رَبِّكُمَا	تُكَذِّبٰنِ	يُعْرَفُ	الْمُجْرِمُوْنَ	بِسِيْمٰهُمْ	فَيُؤْخَذُ
نعمت	اپنے رب کی	جھٹلاؤ گے تم	پہچانے جائیں گے	مجرم	اپنی پیشانی سے	تو پکڑے جائیں گے

جن و انس تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔ (اس دن) مجرم اپنی صورتوں سے پہچانے جائیں گے تو (دوزخ میں ڈالنے کیلئے) انہیں پکڑا

بِالنَّوَاصِیْ وَالْاَقْدَامِ ﴿۴۱﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۲﴾ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ

بِالنَّوَاصِیْ	وَ	الْاَقْدَامِ	فَبِاَیِّ	اٰلَآءِ	رَبِّكُمَا	تُكَذِّبٰنِ	هٰذِهٖ	جَهَنَّمُ
پیشانی سے	اور	قدموں سے	تو کون سی	نعمت	اپنے رب کی	جھٹلاؤ گے تم	یہ وہی	جہنم ہے

جائے گا پیشانی کے بالوں اور پاؤں سے۔ تو اے جن و انس تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔ یہ ہے وہی جہنم

وقف لازم

الَّتِیْ یُکَذِّبُ بِهَا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۴۳﴾ یَطُوْفُوْنَ بَیْنَهَا وَبَیْنَ حَمِیْمٍ اٰنٍ ﴿۴۴﴾ ج

الَّتِیْ	یُکَذِّبُ	بِهَا	الْمُجْرِمُوْنَ	یَطُوْفُوْنَ	بَیْنَهَا	وَ	بَیْنَ	حَمِیْمٍ	اٰنٍ
جس کو کہ	جھٹلاتے تھے	اس کو	مجرم	پھریں گے	اسکے درمیان	اور	درمیان	گرم	کھولتے پانی کے

جسے مجرم جھٹلاتے ہیں۔ وہ اس دوزخ میں اور کھولتے ہوئے گرم پانی میں گھومتے پھریں گے۔

ع ۲ ۱۲

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۴۵﴾ ع وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتٰنِ ﴿۴۶﴾ ج

فَبِاَیِّ	اٰلَآءِ	رَبِّکُمَا	تُکَذِّبٰنِ	وَ	لِمَنْ	خَافَ	مَقَامَ	رَبِّهٖ	جَنَّتٰنِ
تو کون سی	نعمت	اپنے رب کی	جھٹلاؤ گے تم	اور	اس کیلئے جو	ڈرا	کھڑے ہونے سے	اپنے رب کے سامنے	دو جنتیں ہیں

تو اے جن وانس تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔ اور جو اپنے رب کے آگے کھڑا ہونے سے ڈرتا ہے اس کیلئے دو باغ ہوں گے۔

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۴۷﴾ لا ذَوَاتَآ اَفْنَانٍ ﴿۴۸﴾ ج فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا

فَبِاَیِّ	اٰلَآءِ	رَبِّکُمَا	تُکَذِّبٰنِ	ذَوَاتَآ	اَفْنَانٍ	فَبِاَیِّ	اٰلَآءِ	رَبِّکُمَا
تو کون سی	نعمت	اپنے رب کی	جھٹلاؤ گے تم	دونوں باغ ہونگے	لمبے ڈالوں والے	تو کون سی	نعمت	اپنے رب کی

تو اے جن وانس تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔ (ہری بھری) گھنی شاخوں والی (جنتیں)۔ تو اے جن وانس

تُکَذِّبٰنِ ﴿۴۹﴾ فِیْهِمَا عَیْنٰنِ تَجْرِیٰنِ ﴿۵۰﴾ ج فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۵۱﴾

تُکَذِّبٰنِ	فِیْهِمَا	عَیْنٰنِ	تَجْرِیٰنِ	فَبِاَیِّ	اٰلَآءِ	رَبِّکُمَا	تُکَذِّبٰنِ
جھٹلاؤ گے تم	ان میں	دو چشمے	بہتے ہیں	تو کون سی	نعمت	اپنے رب کی	جھٹلاؤ گے تم

تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔ ان میں دو چشمے ہیں۔ تو اے جن وانس تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔

فِیْهِمَا مِنْ کُلِّ فَاکِهَةٍ زَوْجٰنِ ﴿۵۲﴾ ج فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۵۳﴾

فِیْهِمَا	مِنْ کُلِّ	فَاکِهَةٍ	زَوْجٰنِ	فَبِاَیِّ	اٰلَآءِ	رَبِّکُمَا	تُکَذِّبٰنِ
ان میں	ہر طرح کے	میوے ہوں گے	دو دو قسم کے	تو کون سی	نعمت	اپنے رب کی	جھٹلاؤ گے تم

ان میں ہر پھل دو قسم کا ہوگا۔ تو اے جن و انس تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔

مُتَّكِـِٔيْنَ عَلٰى فُرُشٍۭ بَطَآئِنُهَا مِنْ اِسْتَبْرَقٍ ؕ وَجَنَا الْجَنَّتَيْنِ دَانٍ ﴿۵۴﴾

دَانٍ	الْجَنَّتَيْنِ	جَنَا	وَ	مِنْ اِسْتَبْرَقٍ	بَطَآئِنُهَا	فُرُشٍ	عَلٰى	مُتَّكِـِٔيْنَ
قریب ہوگا	دونوں باغوں کا	پھل	اور	قنادیز کا ہوگا	جن کا استر	بچھونوں کے	اوپر	تکیہ لگائے ہوں گے

ایسے بستروں پر تکیے لگائے ہوں گے جن کے استر نفیس موٹے ریشم کے ہوں گے اور ان دونوں جنتوں کے پھل (جھکے ہوئے) قریب ہیں۔

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۵﴾ فِیْهِنَّ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ ۙ لَمْ یَطْمِثْهُنَّ

یَطْمِثْهُنَّ	لَمْ	الطَّرْفِ	قٰصِرٰتُ	فِیْهِنَّ	تُكَذِّبٰنِ	رَبِّكُمَا	اٰلَآءِ	فَبِاَیِّ
چھوا ان کو	نہیں	نگاہ والی ہوں گی	نیچی	ان میں	جھٹلاؤ گے تم	اپنے رب کی	نعمت	تو کون سی

تو اے جن و انس تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔ اور ان میں نیچی نگاہ رکھنے والی (حوریں) ہوں گی جنہیں

اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ ۚ ﴿۵۶﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۚ ﴿۵۷﴾ كَاَنَّهُنَّ

كَاَنَّهُنَّ	تُكَذِّبٰنِ	رَبِّكُمَا	اٰلَآءِ	فَبِاَیِّ	وَلَا جَآنٌّ	قَبْلَهُمْ	اِنْسٌ
گویا کہ وہ	جھٹلاؤ گے تم	اپنے رب کی	نعمت	تو کون سی	اور نہ کسی جن نے	ان سے پہلے	کسی انسان نے

پہلے نہ کسی انسان نے ہاتھ لگایا اور نہ کسی جن نے۔ تو اے جن و انس تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔ گویا وہ

الْیَاقُوْتُ وَالْمَرْجَانُ ۚ ﴿۵۸﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۹﴾ هَلْ جَزَآءُ

جَزَآءُ	هَلْ	تُكَذِّبٰنِ	رَبِّكُمَا	اٰلَآءِ	فَبِاَیِّ	الْمَرْجَانُ	وَ	الْیَاقُوْتُ
بدلہ	کیا ہے	جھٹلاؤ گے تم	اپنے رب کی	نعمت	تو کون سی	مونگے ہیں	اور	لعل

یاقوت اور مرجان ہیں۔ تو اے جن و انس تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔ نیکی کا بدلہ نیکی

الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ ۚ ﴿۶۰﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۱﴾ وَمِنْ دُوْنِهِمَا

مِنْ دُوْنِهِمَا	وَ	تُكَذِّبٰنِ	رَبِّكُمَا	اٰلَآءِ	فَبِاَیِّ	الْاِحْسَانُ	اِلَّا	الْاِحْسَانِ
ان کے علاوہ بھی	اور	جھٹلاؤ گے تم	اپنے رب کی	نعمت	تو کون سی	نیکی	مگر	نیکی کا

کے سوا کچھ نہیں۔ تو اے جن و انس تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔ اور ان کے سوا دو

جَنَّتٰنِ ﴿۶۲﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۶۳﴾ مُدْهَآمَّتٰنِ ﴿۶۴﴾

مُدْهَآمَّتٰنِ	تُکَذِّبٰنِ	رَبِّکُمَا	اٰلَآءِ	فَبِاَیِّ	جَنَّتٰنِ
نہایت ہی سرسبز ہوں گے	جھٹلاؤ گے تم	اپنے رب کی	نعمت	تو کون سی	دو جنتیں ہیں

جنتیں اور ہیں۔تو اے جن و انس تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔نہایت ہی سرسبز و شاداب۔

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۶۵﴾ فِیْهِمَا عَیْنٰنِ نَضَّاخَتٰنِ ﴿۶۶﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ

اٰلَآءِ	فَبِاَیِّ	نَضَّاخَتٰنِ	عَیْنٰنِ	فِیْهِمَا	تُکَذِّبٰنِ	رَبِّکُمَا	اٰلَآءِ	فَبِاَیِّ
نعمت	تو کون سی	چھلکتے ہوئے	دو چشمے ہوں گے	ان میں	جھٹلاؤ گے تم	اپنے رب کی	نعمت	تو کون سی

تو اے جن و انس تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔ان میں دو چشمے ہیں چھلکتے ہوئے۔تو اے جن و انس تم

رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۶۷﴾ فِیْهِمَا فَاکِهَةٌ وَّنَخْلٌ وَّرُمَّانٌ ﴿۶۸﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا

رَبِّکُمَا	اٰلَآءِ	فَبِاَیِّ	رُمَّانٌ	وَّ	نَخْلٌ	وَّ	فَاکِهَةٌ	فِیْهِمَا	تُکَذِّبٰنِ	رَبِّکُمَا
اپنے رب کی	نعمت	تو کون سی	انار	اور	کھجوریں	اور	پھل ہوں گے	ان میں	جھٹلاؤ گے تم	اپنے رب کی

دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔ان میں میوے اور کھجوریں اور انار ہیں۔تو اے جن و انس تم دونوں اپنے رب کی

تُکَذِّبٰنِ ﴿۶۹﴾ فِیْهِنَّ خَیْرٰتٌ حِسَانٌ ﴿۷۰﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۷۱﴾

تُکَذِّبٰنِ	رَبِّکُمَا	اٰلَآءِ	فَبِاَیِّ	حِسَانٌ	خَیْرٰتٌ	فِیْهِنَّ	تُکَذِّبٰنِ
جھٹلاؤ گے تم	اپنے رب کی	نعمت	تو کون سی	خوبصورت	اچھی عورتیں ہوں گی	ان میں	جھٹلاؤ گے تم

کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔ان میں خوبصورت نیک عورتیں ہوں گی۔تو اے جن و انس تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔

حُوْرٌ مَّقْصُوْرٰتٌ فِی الْخِیَامِ ﴿۷۲﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿۷۳﴾ لَمْ

لَمْ	تُکَذِّبٰنِ	رَبِّکُمَا	اٰلَآءِ	فَبِاَیِّ	فِی الْخِیَامِ	مَقْصُوْرٰتٌ	حُوْرٌ
نہیں	جھٹلاؤ گے تم	اپنے رب کی	نعمت	تو کون سی	خیموں میں	پردہ نشین	حوریں ہیں

حوریں (کشادہ چشم بیویاں) خیموں میں (باپردہ) ٹھہرائی ہوئیں۔تو اے جن و انس تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔ان

يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ ﴿۷۴﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۵﴾

يَطْمِثْهُنَّ	اِنْسٌ	قَبْلَهُمْ	وَ	لَا جَآنٌّ	فَبِاَيِّ	اٰلَآءِ	رَبِّكُمَا	تُكَذِّبٰنِ
چھوا ان کو	کسی انسان نے	ان سے پہلے	اور	نہ کسی جن نے	تو کون سی	نعمت	اپنے رب کی	جھٹلاؤ گے تم

سے پہلے انہیں ہاتھ نہیں لگایا کسی آدمی نے اور نہ جن نے۔ تو اے جن و انس تم دونوں اپنے رب کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔

مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَّعَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ﴿۷۶﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ

مُتَّكِـِٕيْنَ	عَلٰى	رَفْرَفٍ	خُضْرٍ	وَّ	عَبْقَرِيٍّ	حِسَانٍ	فَبِاَيِّ	اٰلَآءِ
تکیہ لگائے ہوں گے	اوپر	بچھونوں	سبز کے	اور	منقش	خوبصورت چاندنیوں پر	تو کون سی	نعمت

وہ سبز چاندنیوں اور خوبصورت بچھونوں پر تکیے لگائے ہوں گے۔ تو اے جن و انس تم دونوں اپنے رب کی کون

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۷﴾ تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِى الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ﴿۷۸﴾

رَبِّكُمَا	تُكَذِّبٰنِ	تَبٰرَكَ	اسْمُ	رَبِّكَ	ذِى الْجَلٰلِ	وَ	الْاِكْرَامِ
اپنے رب کی	جھٹلاؤ گے تم	برکت والا ہے	نام	تمہارے رب کا	صاحب عظمت	اور	بزرگی والے کا

کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔ (اے محبوب!) بڑی برکت والا نام ہے آپ کے رب کا جو نہایت عظمت اور بزرگی والا ہے۔

اٰیاتھا ۹۶ — ۵۶ سُوْرَةُ الْوَاقِعَةِ مَكِّيَّةٌ ۴۶ — رکوعاتھا ۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ﴿۱﴾ لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا كَاذِبَةٌ ﴿۲﴾ خَافِضَةٌ

اِذَا	وَقَعَتِ	الْوَاقِعَةُ	لَيْسَ	لِوَقْعَتِهَا	كَاذِبَةٌ	خَافِضَةٌ
جب	ہو لے گی	ہونے والی	نہیں کوئی	اس کے ہونے کو	جھٹلانے والی	نیچا کرنے والی

جب واقع ہونے والی (قیامت) واقع ہو جائیگی۔ اس وقت اس کے واقع ہونے میں کسی کو انکار کی گنجائش نہیں ہوگی۔ کہ قیامت

رَّافِعَةٌ ﴿۳﴾ إِذَا رُجَّتِ الْأَرْضُ رَجًّا ﴿۴﴾ وَّبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ﴿۵﴾

رَّافِعَةٌ	إِذَا	رُجَّتِ	الْأَرْضُ	رَجًّا	وَّبُسَّتِ	الْجِبَالُ	بَسًّا
بلند کرنے والی	جب	کانپے گی	زمین	تھرتھرا کر	اور ریزہ ریزہ ہو جائینگے	پہاڑ	چورا چورا ہو کر

کسی کو نیچا کرنے والی کسی کو اونچا کرنے والی ہے۔ جب زمین زور سے تھرتھرائے گی۔ اور پہاڑ ریزہ ریزہ کر دیئے جائیں گے۔

فَكَانَتْ هَبَاءً مُّنْبَثًّا ﴿۶﴾ وَّكُنْتُمْ أَزْوَاجًا ثَلٰثَةً ﴿۷﴾ فَأَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ

فَكَانَتْ	هَبَاءً	مُّنْبَثًّا	وَّ	كُنْتُمْ	أَزْوَاجًا	ثَلٰثَةً	فَأَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ
تو ہو جائیں گے	غبار	پھیلا ہوا	اور	ہو جاؤ گے تم	گروہ	تین	تو دائیں جانب والے

تو وہ بکھرا ہوا غبار ہو جائیں گے۔ اور تم تین قسم کے ہو جاؤ گے۔ تو ایک داہنی طرف والے

مَا أَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ﴿۸﴾ وَأَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ مَا أَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ﴿۹﴾

مَا	أَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ	وَ	أَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ	مَا	أَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ
کیا ہیں	دائیں جانب والے	اور	بائیں جانب والے	کیا ہیں	بائیں جانب والے

داہنی طرف والوں کا کیا کہنا۔ اور دوسرے بائیں طرف والے کیا (ہی برے حال میں ہونگے) بائیں طرف والیاں

وَالسّٰبِقُونَ السّٰبِقُونَ ﴿۱۰﴾ أُولٰٓئِكَ الْمُقَرَّبُونَ ﴿۱۱﴾ فِي جَنّٰتِ

وَالسّٰبِقُونَ	السّٰبِقُونَ	أُولٰٓئِكَ	الْمُقَرَّبُونَ	فِي جَنّٰتِ
اور جو سبقت لے گئے	وہ سبقت لے گئے ہیں	یہی لوگ	مقرب ہیں	باغوں میں

اور تیسرے آگے بڑھنے والے ہاں! آگے بڑھنے والے۔ یہی (اللہ کے) مقرب ہوں گے۔ چین کے

النَّعِيمِ ﴿۱۲﴾ ثُلَّةٌ مِّنَ الْأَوَّلِينَ ﴿۱۳﴾ وَقَلِيلٌ مِّنَ الْاٰخِرِينَ ﴿۱۴﴾ عَلٰى سُرُرٍ

النَّعِيمِ	ثُلَّةٌ	مِّنَ الْأَوَّلِينَ	وَ	قَلِيلٌ	مِّنَ الْاٰخِرِينَ	عَلٰى	سُرُرٍ
نعمت والی	ایک گروہ	پہلوں سے	اور	تھوڑے	پچھلوں سے	اوپر	تختوں

باغوں میں۔ (ان میں) بڑا گروہ اگلے لوگوں میں سے ہوگا۔ اور پچھلے لوگوں میں سے (ان میں) تھوڑے ہونگے۔ یہ (مقربین)

مَّوْضُوْنَةٍ ﴿۱۵﴾ مُّتَّكِـِٕيْنَ عَلَيْهَا مُتَقٰبِلِيْنَ ﴿۱۶﴾ يَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ

وِلْدَانٌ	عَلَيْهِمْ	يَطُوْفُ	مُتَقٰبِلِيْنَ	عَلَيْهَا	مُّتَّكِـِٕيْنَ	مَّوْضُوْنَةٍ
لڑکے	ان پر	پھریں گے	آمنے سامنے	اس پر	تکیہ لگائے ہوں گے	جڑاؤ والے

زرنگار تختوں پر ہوں گے۔ ایک دوسرے کے آمنے سامنے تکیے لگائے ہوں گے۔ (خدمت کیلئے) آتے جاتے رہیں گے ان کے

مُّخَلَّدُوْنَ ﴿۱۷﴾ بِاَكْوَابٍ وَّ اَبَارِيْقَ ۙ وَكَاْسٍ مِّنْ مَّعِيْنٍ ﴿۱۸﴾

مِّنْ مَّعِيْنٍ	كَاْسٍ	وَ	اَبَارِيْقَ	وَّ	بِاَكْوَابٍ	مُّخَلَّدُوْنَ
خالص شراب کے	جام	اور	آفتابے	اور	کوزے	ہمیشہ رہنے والے

پاس ہمیشہ رہنے والے (بہشتی) نوجوان۔ گلاس اور آفتابے اور چشمے سے بہتی ہوئی شراب کے لبریز جام لے کر۔

لَّا يُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَفَاكِهَةٍ مِّمَّا يَتَخَيَّرُوْنَ ﴿۲۰﴾ وَلَحْمِ

لَحْمِ	وَ	يَتَخَيَّرُوْنَ	مِّمَّا	فَاكِهَةٍ	وَ	يُنْزِفُوْنَ	لَا	وَ	عَنْهَا	يُصَدَّعُوْنَ	لَا
گوشت	اور	پسند کریں	جو وہ	میوے	اور	ہوش میں فرق آئے	نہ	اور	اس سے	سر درد کئے جائیں	نہ

اس سے نہ ان کو درد سر ہوگا اور نہ ہوش میں فرق آئے گا۔ اور وہ میوے جو پسند کریں۔ اور پرندے کا

طَيْرٍ مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَحُوْرٌ عِيْنٌ ﴿۲۲﴾ كَاَمْثَالِ اللُّؤْلُؤِ الْمَكْنُوْنِ ﴿۲۳﴾

الْمَكْنُوْنِ	اللُّؤْلُؤِ	كَاَمْثَالِ	عِيْنٌ	حُوْرٌ	وَ	يَشْتَهُوْنَ	مِّمَّا	طَيْرٍ
چھپائے گئے	موتی	جیسے	بڑی آنکھ والیں	حوریں	اور	وہ چاہیں	جس کو	پرندوں کا

گوشت جس کی وہ خواہش کریں گے۔ اور خوبصورت آنکھوں والی حوریں۔ جیسے چھپا کر رکھے ہوئے موتی۔

جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۲۴﴾ لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا وَّلَا تَاْثِيْمًا ﴿۲۵﴾ اِلَّا

اِلَّا	وَّلَا تَاْثِيْمًا	لَغْوًا	فِيْهَا	لَا يَسْمَعُوْنَ	يَعْمَلُوْنَ	كَانُوْا	بِمَا	جَزَآءً
مگر	اور نہ گناہ کی بات	بیہودہ بات	اس میں	نہ سنیں گے	عمل کرتے	تھے وہ	اس کا جو	بدلہ

(یہ) ان کاموں کی جزاء ہے جو وہ کرتے تھے۔ اس میں نہ سنیں گے کوئی بیکار بات نہ گناہ گاری۔ ہاں ان کا

قِيۡلًا سَلٰمًا سَلٰمًا ﴿۲۶﴾ وَ اَصۡحٰبُ الۡيَمِيۡنِ ۙ۬ مَاۤ اَصۡحٰبُ الۡيَمِيۡنِ ﴿۲۷﴾

قِيۡلًا	سَلٰمًا	سَلٰمًا	وَ	اَصۡحٰبُ الۡيَمِيۡنِ	مَاۤ	اَصۡحٰبُ الۡيَمِيۡنِ
کہنا	سلام	سلام	اور	دائیں جانب والے	کیا ہیں	دائیں جانب والے

کہنا ہو گا سلام سلام۔ اور دائیں طرف والے، کیا ہیں دائیں طرف والے!

فِيۡ سِدۡرٍ مَّخۡضُوۡدٍ ۙ﴿۲۸﴾ وَّ طَلۡحٍ مَّنۡضُوۡدٍ ۙ﴿۲۹﴾ وَّ ظِلٍّ مَّمۡدُوۡدٍ ۙ﴿۳۰﴾ وَّ مَآءٍ

فِيۡ سِدۡرٍ	مَّخۡضُوۡدٍ	وَّ	طَلۡحٍ	مَّنۡضُوۡدٍ	وَّ	ظِلٍّ	مَّمۡدُوۡدٍ	وَّ	مَآءٍ
بیریوں میں	بے کانٹے کے	اور	کیلے	تہہ بہ تہہ	اور	سائے	لمبے	اور	پانی

ایسی بیریوں (کے درختوں) میں (ہونگے) جن میں کانٹے نہیں۔ اور تہ بہ تہ کیلوں میں۔ اور پھیلی ہوئی لمبی چھاؤں میں۔ اور ہمیشہ

مَّسۡكُوۡبٍ ۙ﴿۳۱﴾ وَّ فَاكِهَةٍ كَثِيۡرَةٍ ۙ﴿۳۲﴾ لَّا مَقۡطُوۡعَةٍ وَّ لَا مَمۡنُوۡعَةٍ ۙ﴿۳۳﴾

مَّسۡكُوۡبٍ	وَّ	فَاكِهَةٍ	كَثِيۡرَةٍ	لَّا مَقۡطُوۡعَةٍ	وَّ	لَا	مَمۡنُوۡعَةٍ
جاری	اور	میوے	بہت	نہ ختم ہونے والے	اور	نہ	روکے جائیں

جاری پانی میں۔ اور بہت سے میووں میں۔ جو نہ ختم ہوں گے اور نہ ان کے کھانے کی ممانعت ہوگی۔

وَّ فُرُشٍ مَّرۡفُوۡعَةٍ ﴿۳۴﴾ اِنَّاۤ اَنۡشَاۡنٰهُنَّ اِنۡشَآءً ۙ﴿۳۵﴾ فَجَعَلۡنٰهُنَّ اَبۡكَارًا ۙ﴿۳۶﴾

وَّ	فُرُشٍ	مَّرۡفُوۡعَةٍ	اِنَّاۤ	اَنۡشَاۡنٰهُنَّ	اِنۡشَآءً	فَجَعَلۡنٰهُنَّ	اَبۡكَارًا
اور	بچھونے	بلند	بیشک ہم نے	انکو اچھی اٹھان اٹھایا	اچھا بنایا	پھر بنایا ہم نے انکو	کنواریاں

اور اونچے رکھے ہوئے بچھونوں میں۔ بیشک ہم نے ان عورتوں کو خاص پیدائش پر بنایا۔ تو ہم نے انہیں باکرہ بنایا۔

عُرُبًا اَتۡرَابًا ۙ﴿۳۷﴾ لِّاَصۡحٰبِ الۡيَمِيۡنِ ﴿۳۸﴾ ثُلَّةٌ مِّنَ الۡاَوَّلِيۡنَ ۙ﴿۳۹﴾ وَ ثُلَّةٌ

عُرُبًا	اَتۡرَابًا	لِّاَصۡحٰبِ الۡيَمِيۡنِ	ثُلَّةٌ	مِّنَ الۡاَوَّلِيۡنَ	وَ ثُلَّةٌ
پیار کرنیوالی	ہم عمر	واسطے دائیں جانب والوں کے	ایک گروہ	پہلوں میں سے	اور ایک گروہ

خوب پیار کرنے والی ہم عمر (ازواج) ہیں۔ داہنی طرف والوں کیلئے۔ اگلوں میں سے ایک گروہ۔ اور پچھلوں

مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ۝۴۰ ط وَاَصْحٰبُ الشِّمَالِ ۥ لا مَآ اَصْحٰبُ الشِّمَالِ ۝۴۱ ط

مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ	وَ	اَصْحٰبُ الشِّمَالِ	مَآ	اَصْحٰبُ الشِّمَالِ
پچھلوں میں سے	اور	بائیں جانب والے	کیا ہیں	بائیں جانب والے

میں سے ایک گروہ۔ اور بائیں طرف والے (بدبخت) کیسے (برے) ہیں بائیں طرف والے۔

فِيْ سَمُوْمٍ وَّحَمِيْمٍ ۝۴۲ لا وَّظِلٍّ مِّنْ يَّحْمُوْمٍ ۝۴۳ لا لَّا بَارِدٍ وَّلَا كَرِيْمٍ ۝۴۴ اِنَّهُمْ

فِيْ سَمُوْمٍ	وَّ	حَمِيْمٍ	وَّ	ظِلٍّ	مِّنْ يَّحْمُوْمٍ	لَا	بَارِدٍ	وَّ	لَا كَرِيْمٍ	اِنَّهُمْ
گرم لو میں	اور	کھولتے پانی میں	اور	سایہ	جلتے ہوئے دھوئیں کا	نہ	ٹھنڈا	اور	نہ عزت والا	بیشک وہ

(دوزخ کی) جلانے والی آگ اور سخت کھولتے ہوئے گرم پانی میں ہوں گے۔ اور جلتے دھوئیں کی چھاؤں میں۔ جو نہ (بھی) ٹھنڈی ہوگی اور نہ فرحت

كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ مُتْرَفِيْنَ ۝۴۵ ج وَكَانُوْا يُصِرُّوْنَ عَلَى الْحِنْثِ

كَانُوْا	قَبْلَ	ذٰلِكَ	مُتْرَفِيْنَ	وَ	كَانُوْا	يُصِرُّوْنَ	عَلَى	الْحِنْثِ
تھے	پہلے	اس سے	دولت مند	اور	تھے	ہٹ کرتے	اوپر	گناہ

بخش۔ اس سے پہلے وہ خوش حال تھے۔ اور بڑے گناہ پر

الْعَظِيْمِ ۝۴۶ ج وَكَانُوْا يَقُوْلُوْنَ ۥ لا اَئِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا

الْعَظِيْمِ	وَ	كَانُوْا	يَقُوْلُوْنَ	اَئِذَا	مِتْنَا	وَ	كُنَّا	تُرَابًا	وَّعِظَامًا	ءَاِنَّا
بڑے کے	اور	تھے	کہتے	کیا جب	ہم مر جائیں گے	اور	ہو جائیں گے	مٹی	اور ہڈیاں	کیا ہم

اصرار کرتے تھے۔ اور کہتے تھے کہ بھلا جب ہم مر گئے اور مٹی اور ہڈیاں ہو کر رہ گئے تو کیا

لَمَبْعُوْثُوْنَ ۝۴۷ لا اَوَاٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ۝۴۸ قُلْ اِنَّ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ ۝۴۹ لا

لَمَبْعُوْثُوْنَ	اَوَ	اٰبَآؤُنَا	الْاَوَّلُوْنَ	قُلْ	اِنَّ	الْاَوَّلِيْنَ	وَ	الْاٰخِرِيْنَ
اٹھائیں جائیں گے	یا	باپ دادا ہمارے	پہلے بھی	فرماؤ	بیشک	پہلے	اور	پچھلے

ہم اٹھائے جائیں گے۔ اور کیا ہمارے پہلے باپ دادا (بھی)؟ فرما دیجئے بے شک سب اگلے اور پچھلے

لَمَجْمُوْعُوْنَ ۙ اِلٰى مِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿٥٠﴾ ثُمَّ اِنَّكُمْ اَيُّهَا الضَّآلُّوْنَ

لَمَجْمُوْعُوْنَ	اِلٰى	مِيْقَاتِ	يَوْمٍ	مَّعْلُوْمٍ	ثُمَّ	اِنَّكُمْ	اَيُّهَا	الضَّآلُّوْنَ
اکٹھے کیے جائینگے	طرف	وقت	دن	مقرر کے	پھر	تم	اے	گمراہ ہو

ضرور اکٹھے کیے جائیں گے۔ پھر تم اے جھٹلانے والے

الْمُكَذِّبُوْنَ ۙ ﴿٥١﴾ لَاٰكِلُوْنَ مِنْ شَجَرٍ مِّنْ زَقُّوْمٍ ﴿٥٢﴾ فَمَالِـُٔوْنَ مِنْهَا

الْمُكَذِّبُوْنَ	لَاٰكِلُوْنَ	مِنْ شَجَرٍ	مِّنْ زَقُّوْمٍ	فَمَالِـُٔوْنَ	مِنْهَا
جھٹلانے والو	کھانے والے ہو	پیڑ	تھوہر سے	تو بھرنے والے ہو	اس سے

گمراہ ہوا! تم تھوہر کے درخت سے کھاؤ گے۔ پھر اس سے (اپنے)

الْبُطُوْنَ ﴿٥٣﴾ فَشٰرِبُوْنَ عَلَيْهِ مِنَ الْحَمِيْمِ ﴿٥٤﴾ فَشٰرِبُوْنَ شُرْبَ

الْبُطُوْنَ	فَشٰرِبُوْنَ	عَلَيْهِ	مِنَ الْحَمِيْمِ	فَشٰرِبُوْنَ	شُرْبَ
پیٹ	پھر پینے والے ہو	اس پر	کھولتا پانی	پھر پینے والے ہو	پینا

پیٹ بھرو گے۔ پھر اس پر سخت کھولتا پانی پیو گے۔ پھر ایسا پیو گے جیسے سخت پیاسے اونٹ

الْهِيْمِ ﴿٥٥﴾ هٰذَا نُزُلُهُمْ يَوْمَ الدِّيْنِ ﴿٥٦﴾ نَحْنُ خَلَقْنٰكُمْ فَلَوْ

الْهِيْمِ	هٰذَا	نُزُلُهُمْ	يَوْمَ	الدِّيْنِ	نَحْنُ	خَلَقْنٰكُمْ	فَلَوْ
پیاسے اونٹ کا	یہ	مہمانی ہے ان کی	دن	قیامت کے	ہم نے	پیدا کیا تم کو	پھر کیوں نہیں

پیتے ہی جائیں۔ انصاف کے دن یہ ان کی ضیافت ہے۔ ہم نے ہی تمہیں پیدا کیا ہے، پھر کیوں

لَا تُصَدِّقُوْنَ ﴿٥٧﴾ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تُمْنُوْنَ ﴿٥٨﴾ ءَاَنْتُمْ تَخْلُقُوْنَهٗۤ اَمْ نَحْنُ

لَا تُصَدِّقُوْنَ	اَفَرَءَيْتُمْ	مَّا	تُمْنُوْنَ	ءَاَنْتُمْ	تَخْلُقُوْنَهٗ	اَمْ	نَحْنُ
سچ مانتے ہو	کیا دیکھا تم نے	جو	منی گراتے ہو	کیا تم	پیدا کرتے ہو اسکو	یا	ہم ہیں

تم سچ نہیں مانتے؟ بھلا یہ بتاؤ جو نطفہ (تولیدی قطرہ) تم (رحم مادر) میں ٹپکاتے ہو۔ کیا تم اسے پیدا کرتے ہو یا ہم ہیں

الْخٰلِقُوْنَ ﴿۵۹﴾ نَحْنُ قَدَّرْنَا بَيْنَكُمُ الْمَوْتَ وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوْقِيْنَ ﴿۶۰﴾

بِمَسْبُوْقِيْنَ	نَحْنُ	مَا	وَ	الْمَوْتَ	بَيْنَكُمُ	قَدَّرْنَا	نَحْنُ	الْخٰلِقُوْنَ
ہارے ہوئے	ہم	نہیں	اور	موت کو	تم میں	مقرر کیا ہم نے	ہم نے	پیدا کرنیوالے

پیدا کرنے والے؟ ہم ہی نے تمہارے درمیان موت کو مقدر فرمایا اور ہم عاجز نہیں۔

عَلٰٓى اَنْ نُّبَدِّلَ اَمْثَالَكُمْ وَنُنْشِئَكُمْ فِيْ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۶۱﴾ وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ

عَلِمْتُمُ	لَقَدْ	وَ	فِيْ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ	نُنْشِئَكُمْ	وَ	اَمْثَالَكُمْ	نُّبَدِّلَ	اَنْ	عَلٰٓى
تم نے جانا	بیشک	اور	اس صورت میں کہ تم نہیں جانتے	بنائیں تم کو	اور	تمہارے جیسے	بدل دیں ہم	اسکے کہ	اوپر

کہ تم جیسے اور بدل دیں اور تمہاری صورتیں ایسی کر دیں جس کی تمہیں خبر نہیں۔ اور بے شک تم نے پہلے

النَّشْاَةَ الْاُوْلٰى فَلَوْلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۶۲﴾ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَحْرُثُوْنَ ﴿۶۳﴾ ءَاَنْتُمْ

ءَاَنْتُمْ	تَحْرُثُوْنَ	مَّا	اَفَرَءَيْتُمْ	لَا تَذَكَّرُوْنَ	فَلَوْ	الْاُوْلٰى	النَّشْاَةَ
کیا تم	کھیتی کرتے ہو	جو	کیا دیکھا تم نے	نصیحت پکڑتے	پھر کیوں نہیں	پہلی کو	پیدائش

پیدائش (کی حقیقت) معلوم کر لی پھر تم نصیحت قبول کیوں نہیں کرتے؟ تو کیا تم نے اس پر جو تم بوتے ہو غور کیا ہے؟ کیا تم

تَزْرَعُوْنَهٗٓ اَمْ نَحْنُ الزّٰرِعُوْنَ ﴿۶۴﴾ لَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنٰهُ حُطَامًا فَظَلْتُمْ

فَظَلْتُمْ	حُطَامًا	لَجَعَلْنٰهُ	نَشَآءُ	لَوْ	الزّٰرِعُوْنَ	نَحْنُ	اَمْ	تَزْرَعُوْنَهٗ
تو ہو جاؤ تم	چورا چورا	تو کریں اس کو	ہم چاہیں	اگر	اگانے والے	ہم ہیں	یا	اس کو اگاتے ہو

اسے اُگاتے ہو یا ہم اس کے اُگانے والے ہیں؟ اگر ہم چاہیں تو اسے چورا چورا کر دیں تو تم

تَفَكَّهُوْنَ ﴿۶۵﴾ اِنَّا لَمُغْرَمُوْنَ ﴿۶۶﴾ بَلْ نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ﴿۶۷﴾ اَفَرَءَيْتُمُ

اَفَرَءَيْتُمُ	مَحْرُوْمُوْنَ	نَحْنُ	بَلْ	لَمُغْرَمُوْنَ	اِنَّا	تَفَكَّهُوْنَ
کیا تم نے دیکھا	بے نصیب ہیں	ہم	بلکہ	تاوان بھرنیوالے ہیں	بیشک ہم	باتیں بناتے

باتیں بناتے رہ جاؤ۔ (کہ) ہم پر تاوان پڑ گیا۔ بلکہ ہم بے نصیب رہے۔ تو بھلا تم

الْمَآءَ الَّذِیْ تَشْرَبُوْنَ ﴿٦٨﴾ ءَاَنْتُمْ اَنْزَلْتُمُوْهُ مِنَ الْمُزْنِ اَمْ نَحْنُ

نَحْنُ	اَمْ	مِنَ الْمُزْنِ	اَنْزَلْتُمُوْهُ	ءَاَنْتُمْ	تَشْرَبُوْنَ	الَّذِیْ	الْمَآءَ
ہم ہیں	یا	بادل سے	اتارا اس کو	کیا تم نے	تم پیتے ہو	جو	پانی

تو وہ پانی جو پیتے ہو۔ کیا تم نے اسے بادل سے اُتارا ہے یا ہم

الْمُنْزِلُوْنَ ﴿٦٩﴾ لَوْ نَشَآءُ جَعَلْنٰهُ اُجَاجًا فَلَوْلَا تَشْكُرُوْنَ ﴿٧٠﴾ اَفَرَءَیْتُمُ

اَفَرَءَیْتُمُ	لَا تَشْكُرُوْنَ	فَلَوْ	اُجَاجًا	جَعَلْنٰهُ	نَشَآءُ	لَوْ	الْمُنْزِلُوْنَ
کیا دیکھا تم نے	شکر کرتے تم	تو کیوں نہیں	کڑوا	تو بنائیں اس کو	ہم چاہیں	اگر	اتارنے والے

اُتارنے والے ہیں؟ اگر ہم چاہیں تو اسے کھاری بنا دیں پھر تم شکر کیوں نہیں کرتے؟ ذرا بتاؤ تو وہ

النَّارَ الَّتِیْ تُوْرُوْنَ ﴿٧١﴾ ءَاَنْتُمْ اَنْشَاْتُمْ شَجَرَتَهَآ اَمْ نَحْنُ

نَحْنُ	اَمْ	شَجَرَتَهَآ	اَنْشَاْتُمْ	ءَاَنْتُمْ	تُوْرُوْنَ	الَّتِیْ	النَّارَ
ہم ہیں	یا	اس کا پیڑ	پیدا کیا	کیا تم نے	جلاتے ہو تم	جو	آگ کو

آگ جو تم روشن کرتے ہو۔ کیا تم نے اس کا درخت پیدا کیا یا ہم

الْمُنْشِئُوْنَ ﴿٧٢﴾ نَحْنُ جَعَلْنٰهَا تَذْكِرَةً وَّ مَتَاعًا لِّلْمُقْوِیْنَ ﴿٧٣﴾ ج

لِّلْمُقْوِیْنَ	مَتَاعًا	وَّ	تَذْكِرَةً	جَعَلْنٰهَا	نَحْنُ	الْمُنْشِئُوْنَ
مسافروں کیلیے	سامان	اور	نصیحت	بنایا اس کو	ہم نے	پیدا کرنے والے

پیدا کرنے والے ہیں؟ ہم نے اسے جہنم کا یادگار بنایا اور جنگل میں مسافروں کا فائدہ۔

فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِیْمِ ﴿٧٤﴾ فَلَآ اُقْسِمُ بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ ﴿٧٥﴾ لا

ع ۱۵/۲۶

النُّجُوْمِ	بِمَوٰقِعِ	فَلَآ اُقْسِمُ	الْعَظِیْمِ	رَبِّكَ	بِاسْمِ	فَسَبِّحْ
ستاروں کی	ڈوبنے کی جگہ	تو مجھے قسم ہے	بڑے کے	اپنے رب	ساتھ نام	تو تسبیح بیان کرو

تو اے محبوب ﷺ آپ تسبیح بیان کریں اپنے عظمت والے رب کے نام کی۔ تو مجھے قسم ہے ان جگہوں کی جہاں ستارے ڈوبتے ہیں۔

وَ اِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ ﴿۷۶﴾ اِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ كَرِيْمٌ ﴿۷۷﴾ فِيْ كِتٰبٍ

وَ	اِنَّهٗ	لَقَسَمٌ	لَّوْ	تَعْلَمُوْنَ	عَظِيْمٌ	اِنَّهٗ	لَقُرْاٰنٌ	كَرِيْمٌ	فِيْ كِتٰبٍ
اور	بیشک وہ	یقیناً قسم ہے	اگر	تم جانو	بہت بڑی	بیشک وہ	قرآن ہے	عزت والا	کتاب میں

اور بے شک یہ ایک بڑی قسم ہے اگر تم سمجھو۔ بے شک یہ بڑی عزت والا قرآن ہے۔ محفوظ

مَّكْنُوْنٍ ﴿۷۸﴾ لَّا يَمَسُّهٗۤ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ ﴿۷۹﴾ تَنْزِيْلٌ مِّنْ رَّبِّ

مَّكْنُوْنٍ	لَّا	يَمَسُّهٗۤ	اِلَّا	الْمُطَهَّرُوْنَ	تَنْزِيْلٌ	مِّنْ رَّبِّ
محفوظ کے	نہ	چھوئیں اس کو	مگر	باوضو	اتارا گیا ہے	رب کی طرف سے

کتاب میں۔ اس کو پاک باوضو ہونے والے لوگوں کے سوا کوئی نہیں چھوسکتا۔ سارے جہان کے رب کی طرف سے

الْعٰلَمِيْنَ ﴿۸۰﴾ اَفَبِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَنْتُمْ مُّدْهِنُوْنَ ﴿۸۱﴾ وَ تَجْعَلُوْنَ

الْعٰلَمِيْنَ	اَفَبِهٰذَا	الْحَدِيْثِ	اَنْتُمْ	مُّدْهِنُوْنَ	وَ	تَجْعَلُوْنَ
جہانوں کے	کیا اس	بات سے	تم	سستی کرتے ہو	اور	بناتے ہو

نازل کردہ ہے۔ تو کیا تم اس اہم بات کو معمولی سمجھ رہے ہو۔ اور اپنی روزی

رِزْقَكُمْ اَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ ﴿۸۲﴾ فَلَوْلَاۤ اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ ﴿۸۳﴾

رِزْقَكُمْ	اَنَّكُمْ	تُكَذِّبُوْنَ	فَلَوْ	لَاۤ	اِذَا	بَلَغَتِ	الْحُلْقُوْمَ
اپنا حصہ	کہ تم	جھٹلاتے ہو	پھر کیوں نہیں	نہ	جب	پہنچے جان	گلے کو

یہ بنا لیتے ہو کہ جھٹلاتے ہو؟ تو کیوں نہیں (موت کو ٹال دیتے) جب وہ حلق تک آ پہنچتی ہے۔

وَ اَنْتُمْ حِيْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ ﴿۸۴﴾ وَ نَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْكُمْ وَلٰكِنْ

وَ	اَنْتُمْ	حِيْنَئِذٍ	تَنْظُرُوْنَ	وَ	نَحْنُ	اَقْرَبُ	اِلَيْهِ	مِنْكُمْ	وَلٰكِنْ
اور	تم	اس وقت	دیکھتے ہو	اور	ہم	بہت قریب ہیں	اس کی طرف	تم سے	لیکن

اور تم اس وقت دیکھتے رہتے ہو۔ اور ہم اس (میت) کے زیادہ پاس ہوتے ہیں تم سے مگر تم (ہمیں)

لَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۸۵﴾ فَلَوْلَآ اِنْ كُنْتُمْ غَيْرَ مَدِيْنِيْنَ ﴿۸۶﴾ تَرْجِعُوْنَهَآ اِنْ

لَا	تُبْصِرُوْنَ	فَلَوْ	لَآ	اِنْ	كُنْتُمْ	غَيْرَ	مَدِيْنِيْنَ	تَرْجِعُوْنَهَآ	اِنْ
نہیں	دیکھتے تم	پھر کیوں	نہیں	اگر	ہو تم	نہ	بدلہ پانیوالے	تو لوٹا لیتے اس کو	اگر

دیکھتے نہیں ہو۔ پھر کیوں نہیں! اگر تم محکوم نہیں ہو۔ تو اسے جان کیوں نہیں لیتے

كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۸۷﴾ فَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿۸۸﴾ فَرَوْحٌ

كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ	فَاَمَّآ	اِنْ	كَانَ	مِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ	فَرَوْحٌ
ہو تم	سچے	پھر	اگر	ہوا	وہ مقربین میں سے	تو راحت ہے

اگر تم سچے ہو؟ ہاں اگر وہ مقرب لوگوں میں سے ہوا۔ تو اس کیلئے راحت ہے

وَّرَيْحَانٌ ۙ وَّجَنَّتُ نَعِيْمٍ ﴿۸۹﴾ وَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿۹۰﴾

وَّ	رَيْحَانٌ	وَّ	جَنَّتُ	نَعِيْمٍ	وَاَمَّآ	اِنْ	كَانَ	مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ
اور	پھول ہیں	اور	جنت	نعمتوں والی	اور اگر	وہ	ہے	دائیں جانب والوں سے

اور پاکیزہ رزق اور آرام کی جنت۔ اور اگر وہ دائیں طرف والوں (نیک بخت لوگوں) میں سے ہو۔

فَسَلٰمٌ لَّكَ مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿۹۱﴾ وَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ الْمُكَذِّبِيْنَ

فَسَلٰمٌ	لَّكَ	مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ	وَ	اَمَّآ	اِنْ	كَانَ	مِنَ الْمُكَذِّبِيْنَ
تو سلام ہے	تمہارے لئے	داہنی طرف والوں سے	اور	اگر	اگر	ہے وہ	جھٹلانے والوں میں سے

تو اے محبوب ﷺ تم پر سلام داہنی طرف والوں سے۔ اور اگر وہ جھٹلانے والوں

الضَّآلِّيْنَ ﴿۹۲﴾ فَنُزُلٌ مِّنْ حَمِيْمٍ ﴿۹۳﴾ وَّتَصْلِيَةُ جَحِيْمٍ ﴿۹۴﴾

الضَّآلِّيْنَ	فَنُزُلٌ	مِّنْ حَمِيْمٍ	وَّ	تَصْلِيَةُ	جَحِيْمٍ
گمراہ	تو مہمانی ہے	کھولتے پانی کی	اور	داخل ہونا ہے	جہنم میں

گمراہوں میں سے تھا۔ تو مہمانی پائے گا کھولتے پانی کی۔ اور دوزخ میں جلنے کی۔

اِنَّ هٰذَا لَهُوَ حَقُّ الْيَقِيْنِ ۝۹۵ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ۝۹۶ ع

اِنَّ	هٰذَا	لَهُوَ	حَقُّ	الْيَقِيْنِ	فَسَبِّحْ	بِاسْمِ	رَبِّكَ	الْعَظِيْمِ
بیشک	یہ ہے	وہی	حتمی	یقینی بات ہے	تو پاکی بولو	نام کی	اپنے رب کے	عظمت والے

بے شک یہی ضرور حق الیقین ہے۔ تو آپ اپنے عظمت والے رب کی تسبیح فرماتے رہیں۔

اٰیاتها ۲۹ — ۵۷ سُوْرَةُ الْحَدِيْدِ مَدَنِيَّةٌ ۹۴ — رکوعاتها ۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۱ لَهٗ

سَبَّحَ	لِلّٰهِ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضِ	وَ	هُوَ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ	لَهٗ
پاکی بولتا ہے	اللہ کی	جو	آسمانوں میں	اور	زمین میں ہے	اور	وہ ہے	عزت والا	حکمت والا	اسی کی

اللہ کی تسبیح بیان کرتا ہے جو کچھ آسمان اور زمین میں ہے اور وہی عزت و حکمت والا ہے۔ اسی کیلئے ہے

مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ	وَ	الْاَرْضِ	يُحْيٖ	وَيُمِيْتُ	وَ	هُوَ	عَلٰى	كُلِّ	شَيْءٍ
بادشاہی ہے	آسمانوں	اور	زمین میں	زندہ کرتا ہے	اور مارتا ہے	اور	وہ	اوپر	ہر	چیز کے

آسمانوں اور زمین کی سلطنت وہ زندہ کرتا ہے اور موت دیتا ہے اور وہ سب

قَدِيْرٌ ۝۲ هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ ۚ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ

قَدِيْرٌ	هُوَ	الْاَوَّلُ	وَالْاٰخِرُ	وَالظَّاهِرُ	وَ	الْبَاطِنُ	وَ	هُوَ	بِكُلِّ	شَيْءٍ
قادر ہے	وہی	اول	اور وہی آخر	اور وہی ظاہر	اور	وہی باطن ہے	اور	وہی	ہر	چیز کو

کچھ کر سکتا ہے۔ وہی پہلا بھی ہے اور آخری بھی ظاہر بھی ہے اور پوشیدہ بھی اور وہ ہر چیز کا

عَلِیۡمٌ ﴿۳﴾ هُوَ الَّذِیۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ فِیۡ سِتَّةِ اَیَّامٍ ثُمَّ

عَلِیۡمٌ	هُوَ	الَّذِیۡ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَ	الۡاَرۡضَ	فِیۡ سِتَّةِ اَیَّامٍ	ثُمَّ
جاننے والا ہے	وہ اللہ	وہی ہے جس نے	پیدا کیے	آسمان	اور	زمین	چھ دنوں میں	پھر

علم رکھتا ہے۔ اسی نے آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں میں بنایا پھر

اسۡتَوٰی عَلَی الۡعَرۡشِ ؕ یَعۡلَمُ مَا یَلِجُ فِی الۡاَرۡضِ وَ مَا یَخۡرُجُ

اسۡتَوٰی	عَلَی	الۡعَرۡشِ	یَعۡلَمُ	مَا	یَلِجُ	فِی الۡاَرۡضِ	وَ	مَا	یَخۡرُجُ
استوٰی فرمایا	اوپر	عرش کے	جانتا ہے	جو	داخل ہوتا ہے	زمین میں	اور	جو کچھ	نکلتا ہے

عرش پر استوٰی فرمایا وہ جانتا ہے جو زمین میں داخل ہوتا ہے اور جو اس سے نکلتا ہے

مِنۡهَا وَ مَا یَنۡزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَ مَا یَعۡرُجُ فِیۡهَا ؕ وَ هُوَ مَعَكُمۡ اَیۡنَ مَا

مِنۡهَا	وَ	مَا	یَنۡزِلُ	مِنَ السَّمَآءِ	وَ	مَا	یَعۡرُجُ	فِیۡهَا	وَ	هُوَ	مَعَكُمۡ	اَیۡنَ مَا
اس سے	اور	جو کچھ	اترتا ہے	آسمان سے	اور	جو	چڑھتا ہے	اس میں	اور	وہ	تمہارے ساتھ ہے	جہاں بھی

اور جو آسمان سے اُترتا ہے اور جو اس میں چڑھتا ہے اور وہ تمہارے ساتھ ہوتا ہے جہاں بھی تم

كُنۡتُمۡ ؕ وَ اللّٰهُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ بَصِیۡرٌ ﴿۴﴾ لَهٗ مُلۡكُ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ ؕ

كُنۡتُمۡ	وَ	اللّٰهُ	بِمَا	تَعۡمَلُوۡنَ	بَصِیۡرٌ	لَهٗ	مُلۡكُ	السَّمٰوٰتِ	وَ	الۡاَرۡضِ
ہو تم	اور	اللہ	اس سے	جو تم کرتے ہو	دیکھنے والا ہے	اسی کی ہے	سلطنت	آسمانوں	اور	زمین کی

ہوتے ہو اور اللہ دیکھتا ہے جو تم کرتے ہو۔ اسی کیلئے ہے بادشاہی آسمانوں اور زمین کی

وَ اِلَی اللّٰهِ تُرۡجَعُ الۡاُمُوۡرُ ﴿۵﴾ یُوۡلِجُ الَّیۡلَ فِی النَّهَارِ وَ یُوۡلِجُ النَّهَارَ

وَ اِلَی	اللّٰهِ	تُرۡجَعُ	الۡاُمُوۡرُ	یُوۡلِجُ	الَّیۡلَ	فِی النَّهَارِ	وَ	یُوۡلِجُ	النَّهَارَ
اور طرف	اللہ کی	لوٹائے جاتے ہیں	سب کام	داخل کرتا ہے	رات کو	دن میں	اور	داخل کرتا ہے	دن کو

اور سب کام اللہ ہی کی طرف لوٹائے جاتے ہیں۔ (وہی) رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے

فِي الَّيْلِ ۭ وَهُوَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝۶ اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاَنْفِقُوْا

فِي الَّيْلِ	وَ	هُوَ	عَلِيْمٌ	بِذَاتِ الصُّدُوْرِ	اٰمِنُوْا	بِاللّٰهِ	وَ	رَسُوْلِهٖ	وَ	اَنْفِقُوْا
رات میں	اور	وہ	جاننے والا ہے	دلوں کی باتیں	ایمان لاؤ	اللہ پر	اور	اسکے رسول پر	اور	خرچ کیا کرو

اور وہ سینوں کی (چھپی ہوئی) ہر بات کو خوب جانتا ہے۔ اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اس کی راہ میں کچھ وہ خرچ کرو

مِمَّا جَعَلَكُمْ مُّسْتَخْلَفِيْنَ فِيْهِ ۭ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَاَنْفَقُوْا لَهُمْ

مِمَّا	جَعَلَكُمْ	مُّسْتَخْلَفِيْنَ	فِيْهِ	فَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	مِنْكُمْ	وَاَنْفَقُوْا	لَهُمْ
اس سے کہ	بنایا تم کو	جانشین	اس میں	تو وہ جو	ایمان لائے	تم میں سے	اور خرچ کیا	ان کیلئے

جس میں تمہیں اوروں کا جانشین کیا تو جو تم میں سے ایمان لائے اور جنہوں نے اس کی راہ میں خرچ کیا ان کیلئے

اَجْرٌ كَبِيْرٌ ۝۷ وَمَا لَكُمْ لَا تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ۚ وَالرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ

اَجْرٌ	كَبِيْرٌ	وَ	مَا	لَكُمْ	لَا	تُؤْمِنُوْنَ	بِاللّٰهِ	وَ	الرَّسُوْلُ	يَدْعُوْكُمْ
ثواب ہے	بہت بڑا	اور	کیا ہے	تم کو	نہیں	ایمان لاتے تم	اللہ پر	اور	رسول پر	بلاتے ہیں تم کو

بڑا ثواب ہے۔ اور تمہیں کیا ہے کہ اللہ پر ایمان نہ لاؤ حالانکہ یہ رسول تمہیں دعوت حق دے رہے ہیں

لِتُؤْمِنُوْا بِرَبِّكُمْ وَقَدْ اَخَذَ مِيْثَاقَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝۸ هُوَ

لِتُؤْمِنُوْا	بِرَبِّكُمْ	وَ	قَدْ	اَخَذَ	مِيْثَاقَكُمْ	اِنْ	كُنْتُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ	هُوَ
تاکہ تم ایمان لاؤ	اپنے رب پر	اور	بیشک	لیا اس نے	تم سے عہد	اگر	ہو تم	ایمان والے	وہ اللہ

کہ اپنے رب پر ایمان لاؤ اور بے شک وہ تم سے پہلے عہد لے چکا ہے اگر تم ایمان لانے والے ہو۔ وہی

الَّذِيْ يُنَزِّلُ عَلٰي عَبْدِهٖٓ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى

الَّذِيْ	يُنَزِّلُ	عَلٰي عَبْدِهٖٓ	اٰيٰتٍ	بَيِّنٰتٍ	لِّيُخْرِجَكُمْ	مِّنَ الظُّلُمٰتِ	اِلَى
وہ ہے جس نے	اتاریں	اپنے بندے پر	آیتیں	روشن	تاکہ نکالے تم کو	اندھیروں سے	طرف

اپنے (خاص) بندے پر واضح آیتیں نازل فرماتا ہے تاکہ تمہیں اندھیروں سے روشنی کی طرف نکال لے جائے

النُّوۡرِ ؕ وَ اِنَّ اللّٰہَ بِکُمۡ لَرَءُوۡفٌ رَّحِیۡمٌ ﴿۹﴾ وَ مَا لَکُمۡ اَلَّا تُنۡفِقُوۡا فِیۡ

فِیۡ	تُنۡفِقُوۡا	اَلَّا	لَکُمۡ	مَا	وَ	رَّحِیۡمٌ	لَرَءُوۡفٌ	بِکُمۡ	اللّٰہَ	وَ اِنَّ	النُّوۡرِ
میں	خرچ کرو	کہ نہ	تم کو	کیا ہے	اور	رحم والا ہے	البتہ مہربان	تم پر	اللہ	اور بیشک	روشنی کی

اور بے شک اللہ تم پر مہربان اور رحم کرنے والا ہے۔ اور تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ

سَبِیۡلِ اللّٰہِ وَ لِلّٰہِ مِیۡرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ ؕ لَا یَسۡتَوِیۡ مِنۡکُمۡ

مِنۡکُمۡ	یَسۡتَوِیۡ	لَا	الۡاَرۡضِ	وَ	السَّمٰوٰتِ	مِیۡرَاثُ	لِلّٰہِ	وَ	اللّٰہِ	سَبِیۡلِ
تم میں سے	برابر ہے	نہیں	زمین کا	اور	آسمانوں	وارث ہے	اللہ ہی	اور	اللہ	راہ

تم اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے حالانکہ آسمانوں اور زمین کا وارث اللہ ہی ہے تم میں کوئی اس کی

مَّنۡ اَنۡفَقَ مِنۡ قَبۡلِ الۡفَتۡحِ وَ قٰتَلَ ؕ اُولٰٓئِکَ اَعۡظَمُ دَرَجَۃً مِّنَ الَّذِیۡنَ

مِّنَ الَّذِیۡنَ	دَرَجَۃً	اَعۡظَمُ	اُولٰٓئِکَ	قٰتَلَ	وَ	الۡفَتۡحِ	مِنۡ قَبۡلِ	اَنۡفَقَ	مَّنۡ
ان سے	درجے میں	بہت بڑے ہیں	یہ لوگ	لڑائی کی	اور	فتح سے	پہلے	خرچ کیا	جس نے

برابری نہیں کر سکتا جس نے فتح مکہ سے پہلے مال خرچ کیا اور جنگ کی ان کا درجہ ان سے

اَنۡفَقُوۡا مِنۡۢ بَعۡدُ وَ قٰتَلُوۡا ؕ وَ کُلًّا وَّعَدَ اللّٰہُ الۡحُسۡنٰی ؕ وَ اللّٰہُ بِمَا

بِمَا	وَ اللّٰہُ	الۡحُسۡنٰی	اللّٰہُ	وَّعَدَ	وَ کُلًّا	قٰتَلُوۡا	وَ	مِنۡۢ بَعۡدُ	اَنۡفَقُوۡا
اسے جو	اور اللہ	جنت کا	اللہ نے	وعدہ کیا	اور سب سے	لڑائی کی	اور	بعد اس کے	جنہوں نے خرچ کیا

جنہوں نے بعد میں خرچ کیا اور جنگ کی بہت بڑا ہے اور سب سے اللہ نے اچھا وعدہ کیا ہے

تَعۡمَلُوۡنَ خَبِیۡرٌ ﴿۱۰﴾ ع مَنۡ ذَا الَّذِیۡ یُقۡرِضُ اللّٰہَ قَرۡضًا حَسَنًا

حَسَنًا	قَرۡضًا	اللّٰہَ	یُقۡرِضُ	ذَا الَّذِیۡ	مَنۡ	خَبِیۡرٌ	تَعۡمَلُوۡنَ
اچھا	قرض	اللہ کو	قرض دے	وہ جو	کون ہے	خبردار ہے	تم عمل کرتے ہو

اور اللہ تمہارے عملوں سے باخبر ہے۔ کوئی ہے جو اللہ کو قرض حسنہ کے طور پر دے تو اللہ اس کیلئے اسے

ع ۱۰/۱۷

فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗ وَلَهٗۤ اَجْرٌ كَرِيْمٌ ﴿۱۱﴾ يَوْمَ تَرَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ

فَيُضٰعِفَهٗ	لَهٗ	وَلَهٗ	اَجْرٌ	كَرِيْمٌ	يَوْمَ	تَرَى	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَ	الْمُؤْمِنٰتِ
پھر دگنا کرے اسکو	اس کیلئے	اور اس کیلئے	اجر ہے	بہت اچھا	جس دن	آپ دیکھیں گے	مومن مردوں کو	اور	مومن عورتوں کو

بڑھاتا رہے اور اس کیلئے عزت کا اجر ہے۔ (اے محبوب ﷺ!) جس دن آپ ایمان والے مردوں اور ایمان

يَسْعٰى نُوْرُهُمْ بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ بُشْرٰىكُمُ الْيَوْمَ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ

يَسْعٰى	نُوْرُهُمْ	بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ	وَبِاَيْمَانِهِمْ	بُشْرٰىكُمُ	الْيَوْمَ	جَنّٰتٌ	تَجْرِيْ
دوڑتا ہوگا	نور ان کا	ان کے آگے	اور ان کے دائیں	تمہیں خوشخبری ہو	آج کے دن	جنت کی	بہتی ہیں

والی عورتوں کو دیکھیں گے کہ ان کا نور ان کے آگے اور ان کی دائیں طرف دوڑتا ہوگا (اور ان سے کہا جائے گا کہ) آج تمہارے

مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۲﴾ يَوْمَ

مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	ذٰلِكَ	هُوَ	الْفَوْزُ	الْعَظِيْمُ	يَوْمَ
ان کے نیچے	نہریں	ہمیشہ رہیں	اس میں	یہی	وہ ہے	کامیابی	بڑی	جس دن

لئے بڑی خوشی کی چیز جنتیں ہیں جن کے نیچے نہریں جاری ہیں ہمیشہ ان میں رہو گے، یہی بہت بڑی کامیابی ہے۔ جس دن

يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا انْظُرُوْنَا نَقْتَبِسْ مِنْ نُّوْرِكُمْ

يَقُوْلُ	الْمُنٰفِقُوْنَ	وَ	الْمُنٰفِقٰتُ	لِلَّذِيْنَ	اٰمَنُوا	انْظُرُوْنَا	نَقْتَبِسْ	مِنْ نُّوْرِكُمْ
کہیں گے	منافق مرد	اور	منافق عورتیں	ان کو	جو مومن ہیں	دیکھو ہماری طرف	فائدہ اٹھائیں ہم	تمہارے نور سے

منافق مرد اور منافق عورتیں مسلمانوں سے کہیں گے کہ ہمیں ایک نظر دیکھو کہ ہم تمہارے نور سے

قِيْلَ ارْجِعُوْا وَرَآءَكُمْ فَالْتَمِسُوْا نُوْرًا ۭ فَضُرِبَ بَيْنَهُمْ

قِيْلَ	ارْجِعُوْا	وَرَآءَكُمْ	فَالْتَمِسُوْا	نُوْرًا	فَضُرِبَ	بَيْنَهُمْ
کہا جائے گا	لوٹو	پیچھے اپنے	تو ڈھونڈو	نور	تو کھڑی کی جائے گی	انکے درمیان

کچھ حصہ لیں کہا جائے گا اپنے پیچھے لوٹو وہاں نور ڈھونڈو وہ لوٹیں گے جبھی ان کے

بِسُوْرٍ لَّهٗ بَابٌ ؕ بَاطِنُهٗ فِيْهِ الرَّحْمَةُ وَظَاهِرُهٗ مِنْ قِبَلِهِ

بِسُوْرٍ	لَّهٗ	بَابٌ	بَاطِنُهٗ	فِيْهِ	الرَّحْمَةُ	وَ	ظَاهِرُهٗ	مِنْ قِبَلِهِ
ایک دیوار	اس کا	دروازہ ہوگا	اندر	اس کے	رحمت ہوگی	اور	باہر اس کے	اس طرف

درمیان ایک دیوار کھڑی کر دی جائے گی جس میں ایک دروازہ ہے اس کے اندر رحمت اور اس کے باہر کی

الْعَذَابُ ؕ﴿۱۳﴾ يُنَادُوْنَهُمْ اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ؕ قَالُوْا بَلٰى وَلٰكِنَّكُمْ فَتَنْتُمْ

الْعَذَابُ	يُنَادُوْنَهُمْ	اَلَمْ	نَكُنْ	مَّعَكُمْ	قَالُوْا	بَلٰى	وَلٰكِنَّكُمْ	فَتَنْتُمْ
عذاب ہوگا	وہ انکو آوازیں دیں گے	کیا نہیں	تھے ہم	تمہارے ساتھ	کہیں گے	ہاں	اور لیکن تم نے	فتنہ میں ڈالا

طرف عذاب ہے۔ منافق مسلمانوں کو پکاریں گے کیا ہم تمہارے ساتھ نہ تھے وہ کہیں گے کیوں نہیں مگر تم نے تو اپنی جانیں فتنہ

اَنْفُسَكُمْ وَتَرَبَّصْتُمْ وَارْتَبْتُمْ وَغَرَّتْكُمُ الْاَمَانِيُّ حَتّٰى جَآءَ اَمْرُ

اَنْفُسَكُمْ	وَ	تَرَبَّصْتُمْ	وَارْتَبْتُمْ	وَغَرَّتْكُمُ	الْاَمَانِيُّ	حَتّٰى	جَآءَ	اَمْرُ
اپنی جانوں کو	اور	انتظار کیا	اور شک کیا	اور دھوکہ دیا تم کو	خواہشات نے	یہاں تک کہ	آ گیا	حکم

میں ڈالیں اور مسلمانوں کی برائی کے منتظر رہتے اور شک رکھتے اور باطل امیدوں نے تمہیں فریب دیا یہاں تک کہ اللہ کا حکم آ گیا

اللّٰهِ وَغَرَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ﴿۱۴﴾ فَالْيَوْمَ لَا يُؤْخَذُ مِنْكُمْ فِدْيَةٌ وَّلَا

اللّٰهِ	وَ	غَرَّكُمْ	بِاللّٰهِ	الْغَرُوْرُ	فَالْيَوْمَ	لَا	يُؤْخَذُ	مِنْكُمْ	فِدْيَةٌ	وَّ	لَا
اللہ کا	اور	دھوکہ دیا تم کو	اللہ کے متعلق	دھوکے باز نے	تو آج	نہ	لیا جائے گا	تم سے	فدیہ	اور	نہ

اور تمہیں اللہ کے حکم پر اس بڑے فریبی نے مغرور رکھا۔ ہاں آج تم سے کوئی فدیہ نہیں لیا جائے گا اور نہ کافروں سے تمہارا گھر

مِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ مَاْوٰىكُمُ النَّارُ ؕ هِيَ مَوْلٰىكُمْ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۱۵﴾ اَلَمْ

مِنَ الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	مَاْوٰىكُمُ	النَّارُ	هِيَ	مَوْلٰىكُمْ	وَ	بِئْسَ	الْمَصِيْرُ	اَلَمْ
ان سے جو	کافر ہیں	تمہارا ٹھکانہ	آگ ہے	یہی	تمہاری رفیق ہے	اور	برا ہے	ٹھکانہ	کیا نہ

آگ ہے وہی تمہاری رفیق ہے اور وہ کیا برا ٹھکانا ہے! کیا

يَأۡنِ لِلَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اَنۡ تَخۡشَعَ قُلُوۡبُهُمۡ لِذِكۡرِ اللّٰهِ وَمَا نَزَلَ مِنَ الۡحَقِّ ۙ

يَأۡنِ	لِلَّذِيۡنَ	اٰمَنُوۡۤا	اَنۡ	تَخۡشَعَ	قُلُوۡبُهُمۡ	لِذِكۡرِ	اللّٰهِ	وَ	مَا	نَزَلَ	مِنَ الۡحَقِّ
وقت آیا	ان کیلئے جو	مومن ہیں	یہ کہ	جھک جائیں	ان کے دل	ذکر	الٰہی کیلئے	اور	جو	اترا	حق

ایمان والوں کیلئے وہ وقت نہیں آیا کہ ان کے دل اللہ کی یاد اور اس حق کے سامنے

وَلَا يَكُوۡنُوۡا كَالَّذِيۡنَ اُوۡتُوا الۡكِتٰبَ مِنۡ قَبۡلُ فَطَالَ عَلَيۡهِمُ

وَلَا	يَكُوۡنُوۡا	كَالَّذِيۡنَ	اُوۡتُوا	الۡكِتٰبَ	مِنۡ قَبۡلُ	فَطَالَ	عَلَيۡهِمُ
اور نہ	ہو جائیں	ان کی طرح جو	دیئے گئے	کتاب	پہلے	تو دراز ہوگئی	ان پر

جو اللہ نے نازل کیا ہے جھک جائیں اور وہ ان لوگوں کی طرح نہ ہو جائیں جنہیں (اس سے) پہلے کتاب دی گئی تھی پھر ان پر مدت

الۡاَمَدُ فَقَسَتۡ قُلُوۡبُهُمۡ ؕ وَكَثِيۡرٌ مِّنۡهُمۡ فٰسِقُوۡنَ ﴿۱۶﴾ اِعۡلَمُوۡۤا اَنَّ

الۡاَمَدُ	فَقَسَتۡ	قُلُوۡبُهُمۡ	وَ	كَثِيۡرٌ	مِّنۡهُمۡ	فٰسِقُوۡنَ	اِعۡلَمُوۡۤا	اَنَّ
مدت	تو سخت ہو گئے	ان کے دل	اور	بہت سے	ان میں سے	فاسق ہیں	جان لو	بیشک

گزر گئی تو ان کے دل سخت ہو گئے ور ان میں بہت سے بدکار ہیں۔ (خوب) جان لو

اللّٰهَ يُحۡىِ الۡاَرۡضَ بَعۡدَ مَوۡتِهَا ؕ قَدۡ بَيَّنَّا لَكُمُ الۡاٰيٰتِ لَعَلَّكُمۡ

